116. Verily, Allāh forgives not (the sin of) setting up partners (in worship) with Him, but He forgives whom He wills, sins other than that, and whoever sets up partners in worship with Allāh, has indeed strayed far away.

اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿١١٧﴾ ۙ

وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر دیویوں کو پکارتے ہیں، اور دراصل وہ سرکش شیطان ہی کو پکارتے ہیں ﴿١١٧﴾

117. They (all those who worship others than Allāh) invoke nothing but female deities besides Him (Allāh), and they invoke nothing

[1] (V.4:115) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 85/3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

but *Shaitān* (Satan), a persistent rebel!

لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾

118. Allāh cursed him. And he [*Shaitān* (Satan)] said: "I will take an appointed portion of your slaves.

اللہ نے اس پر لعنت کی ہے، اور اس نے کہا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک مقرر حصہ ضرور لے کر رہوں گا ﴿۱۱۸﴾

وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾

119. "Verily, I will mislead them, and surely, I will arouse in them false desires; and certainly, I will order them to slit the ears of cattle, and indeed I will order them to change the nature created by Allāh." And whoever takes *Shaitān* (Satan) as a *Walī* (protector or helper) instead of Allāh, has surely suffered a manifest loss.[1]

اور میں انھیں گمراہ کروں گا، اور انھیں امیدیں دلاؤں گا، اور میں انھیں حکم دوں گا تو وہ جانوروں کے کان چیریں گے، اور میں انھیں حکم دوں گا تو وہ اللہ کی بناوٹ میں ردو بدل کریں گے۔ اور جو شخص اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا دوست بنالے تو وہ یقیناً کھلے نقصان میں جا پڑا ﴿۱۱۹﴾

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾

120. He [*Shaitān* (Satan)] makes promises to them, and arouses in them false desires; and *Shaitān*'s (Satan) promises are nothing but deceptions.

شیطان لوگوں سے وعدے کرتا ہے اور انھیں امیدیں دلاتا ہے مگر شیطان کے سارے وعدے فریب کے سوا کچھ نہیں ﴿۱۲۰﴾

اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾

121. The dwelling of such (people) is Hell, and they will find no way of escape from it.

ان لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نہ پائیں گے ﴿۱۲۱﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾

122. But those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do deeds of righteousness, We shall admit them to the Gardens under which rivers flow (i.e. in Paradise) to dwell therein forever. Allāh's Promise is the Truth; and whose words can be truer than those of Allāh? (Of course, none.)

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم جلد انھیں ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اللہ سے بڑھ کر کون قول و قرار میں سچا ہے؟ ﴿۱۲۲﴾

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

123. It will not be in accordance with your desires (Muslims), nor those of the people of the Scripture (Jews and Christians), whosoever works evil, will have the recompense thereof, and he will not find any protector or helper besides Allāh.

(انجام کا دارومدار) نہ تمھاری خواہشات پر ہے نہ اہل کتاب کی خواہشات پر، بلکہ جو کوئی برا عمل کرے گا، اس کا اسے بدلہ دیا جائے گا، اور وہ اللہ کے سوا کوئی دوست اور مددگار نہ پائے گا ﴿۱۲۳﴾

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

124. And whoever does righteous good deeds, male or female, and is a (true) believer [in the

اور جو کوئی نیک کام کرے گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، جبکہ وہ مومن ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں

[1] (V.4:119) See the footnote of (V.59:7).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Oneness of Allāh (Muslim)], such will enter Paradise and not the least injustice, even to the size of a *Naqīra* (speck on the back of a date-stone), will be done to them.

وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿124﴾

گے، اور ان پر ذرا بھی ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿124﴾

125. And who can be better in religion than one who submits his face (himself) to Allāh (i.e. follows Allāh's religion of Islāmic Monotheism); and he is a *Muhsin* (a good-doer. See V.2:112). And follows the religion of Ibrāhīm[1] (Abraham) *Hanīf* (Islāmic Monotheism — to worship none but Allāh Alone). And Allāh did take Ibrāhīm (Abraham) as a *Khalīl* (an intimate friend)!

وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿125﴾

اور دین میں اس شخص سے زیادہ اچھا کون ہے جس نے اپنا چہرہ اللہ کے سامنے جھکا دیا؟ اور وہ نیکی کرنے والا بھی ہو، اور ملت ابراہیم کی پیروی کرے، جو صرف حق پرست تھا۔ اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا خاص دوست بنایا تھا ﴿125﴾ ①

126. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allāh is Ever Encompassing all things.

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿126﴾ ع 18/11/15

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے۔ اور اللہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے ﴿126﴾

127. They ask your legal instruction concerning women, say: Allāh instructs you about them, and about what is recited to you in the Book concerning the orphan girls whom you give not the prescribed portions (as regards *Mahr* and inheritance) and yet whom you desire to marry, and (concerning) the children who are weak and oppressed, and that you stand firm for justice to orphans. And whatever good you do, Allāh is Ever All-Knower of it.

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿127﴾

اور (اے نبی!) لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ خود ان کے بارے میں حکم دے رہا ہے اور کتاب کی وہ آیتیں بھی، جو یتیم لڑکیوں کے بارے میں تمھیں (پڑھ کر) سنائی جاتی ہیں جنھیں ان کا مقرر حق تم نہیں دیتے اور تم چاہتے ہو کہ ان سے نکاح کر لو، اور (وہ) کمزور بچوں کے بارے میں (تمھیں حکم دے رہا ہے) اور یہ کہ تم یتیموں سے انصاف کرو۔ اور تم جو بھی نیکی کرو، تو بے شک اللہ اس کا خوب علم رکھتا ہے ﴿127﴾

128. And if a woman fears cruelty or desertion on her husband's part, there is no sin on them both if they make terms of peace between themselves; and making peace is better. And human inner selves are swayed by greed. But if you do good and keep away from evil, verily, Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿128﴾

اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے ظلم و زیادتی یا نظر انداز کیے جانے کا اندیشہ ہو تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں کسی طرح صلح کر لیں، اور صلح ہی اچھی ہے، اور انسانی نفس میں بخیلی رکھی گئی ہے، اور اگر تم احسان کرو اور پرہیزگار بنو تو بے شک تم جو بھی عمل کرتے ہو، اللہ اس کی خوب خبر رکھتا ہے ﴿128﴾

[1] (V.4:125) See the footnote of (V.2:135), the narration of Zaid bin 'Amr bin Nufail.

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 135/2)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿129﴾

اور تم سے یہ کبھی نہ ہو سکے گا کہ تم اپنی بیویوں میں ہر طرح سے عدل کرو، خواہ تم اس کی کتنی ہی خواہش رکھو، پھر تم کسی ایک کی طرف پوری طرح مائل نہ ہو جاؤ کہ دوسری کو بیچ میں لٹکتی چھوڑ دو، اور اگر تم اصلاح کا رویہ اختیار کرو اور پرہیز گار بنو تو اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿129﴾

129. You will never be able to do perfect justice between wives even if it is your ardent desire, so do not incline too much (to one of them by giving her more of your time and provision) so as to leave (the other) hanging (i.e. neither divorced nor married). And if you do justice, and do all that is right and fear Allāh (by keeping away from all that is wrong), then Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿130﴾

اور اگر وہ دونوں (میاں بیوی) ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں تو اللہ اپنے فضل سے ہر ایک کو (دوسرے سے) بے نیاز کر دے گا۔ اور اللہ بڑی وسعت والا، خوب حکمت والا ہے ﴿130﴾

130. But if they separate (by divorce), Allāh will provide abundance for everyone of them from His bounty. And Allāh is Ever All-Sufficient for His creatures' needs, All-Wise.

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿131﴾

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے اور ہم نے تم سے پہلے جن لوگوں کو کتاب دی، ان کو اور تمھیں بھی یہی حکم دیا کہ اللہ سے ڈرتے رہو، پھر اگر تم کفر کرو گے تو بے شک آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے، اور اللہ بہت بے پروا، قابل تعریف ہے ﴿131﴾

131. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And verily, We have recommended to the people of the Scripture before you, and to you (O Muslims) that you (all) fear Allāh, and keep your duty to Him. But if you disbelieve, then to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth, and Allāh is Ever Rich (Free of all wants), Worthy of all praise.

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿132﴾

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے اور اللہ بطور کارساز کافی ہے ﴿132﴾

132. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allāh is Ever All-Sufficient as Disposer of affairs.

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿133﴾

اے لوگو! اگر اللہ چاہے تو تمھیں ہٹا کر تمھاری جگہ دوسروں کو لے آئے اور اللہ اس بات کی پوری قدرت رکھتا ہے ﴿133﴾

133. If He wills, He can take you away, O people, and bring others. And Allāh is Ever All-Potent over that.

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿134﴾ ع 19 8 15

جو شخص دنیا کا ثواب چاہتا ہو تو اللہ کے پاس تو دنیا اور آخرت دونوں کا ثواب موجود ہے، اور اللہ خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے ﴿134﴾

134. Whoever desires a reward in this life of the world, then with Allāh (Alone and none else) is the reward of this worldly life and of the Hereafter. And Allāh is Ever All-Hearer, All-Seer.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿١٣٥﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم انصاف کے لیے ڈٹ جانے والے اور اللہ کے لیے سچی گواہی دینے والے بن جاؤ، خواہ وہ تمھارے اپنے خلاف یا تمھارے والدین اور رشتہ داروں کے خلاف ہو،① معاملے کا فریق امیر ہو یا غریب، دونوں صورتوں میں تمھاری نسبت اللہ زیادہ ان کا خیر خواہ ہے۔ پس تم نفسانی خواہش کے پیچھے پڑ کر انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑو۔ اور اگر تم نے توڑ مروڑ کر بات کی یا (گواہی دینے سے) منہ موڑا تو بے شک تم جو بھی عمل کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے ﴿١٣٥﴾

135. O you who believe! Stand out firmly for justice, as witnesses to Allāh, even though it be against yourselves, or your parents, or your kin, be he rich or poor, Allāh is a Better Protector to both (than you). So follow not the lusts (of your hearts), lest you avoid justice; and if you distort your witness or refuse to give it, verily, Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.[1]

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿١٣٦﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ، اس کے رسول اور اس کتاب پر ایمان لاؤ جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی اور اس کتاب پر بھی جو اس نے پہلے نازل کی۔ اور جو شخص اللہ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور آخرت کے دن کا انکار کرے تو وہ یقیناً بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا ﴿١٣٦﴾

136. O you who believe! Believe in Allāh, and His Messenger (Muhammad ﷺ), and the Book (the Qur'ān) which He has sent down to His Messenger, and the Scripture which He sent down to those before (him); and whosoever disbelieves in Allāh, His Angels, His Books, His Messengers, and the Last Day, then indeed he has strayed far away.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿١٣٧﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے، پھر انھوں نے کفر کیا، پھر ایمان لے آئے، پھر کفر کیا، پھر کفر میں کہیں بڑھ گئے، اللہ انھیں ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ انھیں ہدایت کا راستہ دکھائے گا ﴿١٣٧﴾

137. Verily, those who believe, then disbelieve, then believe (again), and (again) disbelieve, and go on increasing in disbelief; Allāh will not forgive them, nor guide them on the (right) way.

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَۙا ﴿١٣٨﴾

(اے نبی!) منافقوں کو خبردار کر دیجیے کہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿١٣٨﴾

138. Give to the hypocrites the tidings that there is for them a painful torment.[2]

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿١٣٩﴾

جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں، کیا وہ ان کافروں کے ہاں عزت تلاش کرتے ہیں؟ پھر بے شک عزت تو ساری اللہ ہی کے لیے ہے ﴿١٣٩﴾

139. Those who take disbelievers for *Auliyā'* (protectors or helpers or friends) instead of believers, do they seek honour, power and glory with them? Verily, then to

---

[1] (V.4:135) Narrated Anas رضي الله عنه: The Prophet ﷺ was asked about the great sins. He said, "They are:
a) To join others in worship with Allāh.
b) To be undutiful to one's parents.
c) To kill a person (which Allāh has forbidden to be killed, i.e., to commit the crime of murdering).
d) And to give a false witness."[*Sahih Al-Bukhāri*, 3/2653 (O.P.821)]

[2] (V.4:138) See "Hypocrisy" — Appendix 2.

① اس میں سچی گواہی کی تاکید کی گئی ہے کیونکہ جھوٹی گواہی کبیرہ گناہ ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ سے کبیرہ گناہوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "① اللہ کے ساتھ کسی کو عبادت میں شریک کرنا ② والدین کی نافرمانی کرنا ③ (ناحق) خون بہانا ④ جھوٹی گواہی دینا۔" (صحیح البخاری، الشهادات، باب: 10 حدیث: 2653)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Allāh belongs all honour, power and glory.

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۚ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَۨا ۝۱۴۰

اور اس نے اس کتاب میں تمھارے لیے نازل کیا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیات کا انکار کیا جا رہا ہو یا ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہو تو تم ان کی مجلس میں نہ بیٹھو، یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں، ورنہ تم بھی اس وقت یقیناً انھی جیسے ہو گے، بے شک اللہ منافقوں اور کافروں سب کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے ۱۴۰

140. And it has already been revealed to you in the Book (this Qur'ān) that when you hear the Verses of Allāh being denied and mocked at, then sit not with them, until they engage in a talk other than that; (but if you stayed with them) certainly in that case you would be like them. Surely, Allāh will collect the hypocrites and disbelievers all together in Hell.

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝۱۴۱ ع 20 17

وہ لوگ تمھارے انجام کا انتظار کرتے رہتے ہیں، پھر اگر تمھیں اللہ کی طرف سے فتح حاصل ہو تو وہ کہتے ہیں: کیا ہم تمھارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کو کچھ غلبہ ملے تو ان سے کہتے ہیں: کیا ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے اور (کیا) ہم نے تمھیں مومنوں سے نہیں بچایا؟ پھر قیامت کے دن اللہ تمھارے درمیان فیصلہ کر دے گا، اور اللہ کافروں کو مومنوں کے خلاف ہرگز کوئی راستہ نہیں دے گا ۱۴۱

141. Those (hypocrites) who wait and watch about you; if you gain a victory from Allāh, they say: "Were we not with you?" But if the disbelievers gain a success, they say (to them): "Did we not gain mastery over you and did we not protect you from the believers?" Allāh will judge between you (all) on the Day of Resurrection. And never will Allāh grant to the disbelievers a way (to triumph) over the believers.

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَاۗءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۴۲

بے شک منافقین اللہ کو دھوکا دیتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے انھیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے، اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو دل سے نہ چاہتے ہوئے، لوگوں کو دکھانے کے لیے کھڑے ہوتے ہیں، اور وہ اللہ کو بس تھوڑا ہی یاد کرتے ہیں ۱۴۲

142. Verily, the hypocrites seek to deceive Allāh, but it is He Who deceives them.[1] And when they stand up for *As-Salāt* (the prayer), they stand with laziness and to be seen of men, and they do not remember Allāh but little.

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۡ لَآ اِلٰٓى هٰٓؤُلَاۗءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝۱۴۳

وہ کفر اور ایمان کے درمیان ڈانواں ڈول ہیں، نہ (پورے) اس طرف نہ (پورے) اس طرف، اور (اے نبی!) جسے اللہ گمراہ کرے، آپ اس کے لیے ہرگز کوئی راہ نہیں پائیں گے ۱۴۳

143. (They are) swaying between this and that, belonging neither to these nor to those; and he whom Allāh sends astray, you will not find for him a way (to the truth — Islām).

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝۱۴۴

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ کو اپنے خلاف (کارروائی کے لیے) کھلی حجت

144. O you who believe! Take not for *Auliyā'* (protectors or helpers or friends) disbelievers instead of believers. Do you wish

[1] (V.4:142) See (V.57:12-15).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

to offer Allāh a manifest proof against yourselves?

دے دو؟ ﴿144﴾

145. Verily, the hypocrites will be in the lowest depth (grade) of the Fire; no helper will you find for them.[1]

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿145﴾

بے شک منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں جائیں گے،① اور وہاں آپ ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہیں پائیں گے ﴿145﴾

146. Except those who repent (from hypocrisy), do righteous good deeds, hold fast to Allāh, and purify their religion for Allāh (by worshipping none but Allāh, and do good for Allāh's sake only, not to show off), then they will be with the believers. And Allāh will grant the believers a great reward.

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَأَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۖ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا ﴿146﴾

سوائے ان لوگوں کے جنھوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کر لی، اور تھام لیا اللہ (کے دین) کو اور اپنا دین اللہ کے لیے خالص کر لیا تو ایسے لوگ مومنوں کے ساتھ ہوں گے اور اللہ مومنوں کو جلد بہت بڑا اجر عطا کرے گا ﴿146﴾

147. Why should Allāh punish you if you have thanked (Him) and have believed in Him. And Allāh is Ever All-Appreciative (of good), All-Knowing.

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ إِنْ شَكَرْتُمْ وَآمَنْتُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿147﴾

اگر تم شکر کرو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تمھیں عذاب دے کر کیا کرے گا؟ اور اللہ بڑا قدر دان، خوب جاننے والا ہے ﴿147﴾

---

[1] (V.4:145)

a) Narrated 'Abdullāh bin 'Amr رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said: "Whoever has the following four (characteristics), will be a pure hypocrite and whoever has one of the following four characteristics, will have one characteristic of hypocrisy unless and until he gives it up:

1. Whenever he is entrusted, he betrays (proves dishonest).
2. Whenever he speaks, he tells a lie.
3. Whenever he makes a covenant, he proves treacherous.
4. Whenever he quarrels, he behaves in a very imprudent, evil and insulting manner." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/34 (O.P.33)].

b) See the footnote of (V.9:54).

c) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The worst people before Allāh on the Day of Resurrection will be the double-faced people who appear to some people with one face and to other people with another face." [*Sahih Al-Bukhāri*, 8/6058 (O.P.84)].

① اس میں منافقین کے لیے سخت وعید ہے۔ اس لیے ہر مسلمان کو منافقوں والی صفات سے بچ کر رہنا چاہیے۔ احادیث میں منافقین کی نمایاں صفات بیان کر دی گئی ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''چار باتیں جس میں پائی جائیں وہ پکا منافق ہے اور جس کسی میں ان چاروں میں سے کوئی ایک بات پائی جائے تو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی جب تک کہ وہ اس کو چھوڑ نہ دے (وہ باتیں یہ ہیں): ① جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے ② جب بولے تو جھوٹی بات کرے ③ جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے ④ جب جھگڑا کرے تو گالیاں دے۔'' (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 24 حدیث: 34) نیز ملاحظہ کیجیے: (سورۂ توبہ 9/54) علاوہ ازیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن اللہ کے ہاں تم اس کو بدترین لوگوں میں سے پاؤ گے جو دوزخا ہو، بعض لوگوں کے پاس آئے تو ایک منہ لے کر اور بعض دوسروں کے پاس جائے تو دوسرا منہ لے کر (ہر جگہ گمی لپٹی بات کہے۔'') (صحیح البخاری، الأدب، باب: 52 حدیث: 6058)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾

148. Allāh does not like that the evil should be uttered in public except by him who has been wronged. And Allāh is Ever All-Hearer, All-Knower.

اللہ اونچی آواز میں برائی کی بات کرنے کو پسند نہیں کرتا، مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو (اسے اجازت ہے) اور اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿148﴾

اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾

149. Whether you (mankind) disclose (by good words of thanks) a good deed (done to you in the form of a favour by someone), or conceal it, or pardon an evil, ... verily, Allāh is Ever Oft-Pardoning, All-Powerful.

اگر تم کھلے طور پر کوئی نیکی کرو یا چھپا کر کرو، یا برائی سے درگزر کرو، تو اللہ بھی بہت معاف کرنے والا، بڑی قدرت والا ہے ﴿149﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿150﴾

150. Verily, those who disbelieve in Allāh and His Messengers and wish to make distinction between Allāh and His Messengers (by believing in Allāh and disbelieving in His Messengers) saying, "We believe in some but reject others," and wish to adopt a way in between.

بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور وہ کہتے ہیں: ہم بعض پر ایمان لاتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں۔ اور وہ چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان کوئی راہ اختیار کریں ﴿150﴾

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾

151. They are in truth disbelievers. And We have prepared for the disbelievers a humiliating torment.

وہی لوگ حقیقی کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے رسوا کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿151﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿152﴾ ع

152. And those who believe in Allāh and His Messengers and make no distinction between any of them (Messengers), We shall give them their rewards; and Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، اور انھوں نے ان میں سے کسی ایک کے درمیان بھی تفریق نہیں کی، وہی لوگ ہیں جنھیں اللہ جلد ان کا اجر دے گا۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿152﴾

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿153﴾

153. The people of the Scripture (Jews) ask you to cause a book to descend upon them from heaven. Indeed, they asked Mūsā (Moses) for even greater than that, when they said: "Show us Allāh in public," but they were struck with thunderclap and lightning for their wickedness. Then they worshipped the calf even after clear proofs, evidences, and signs had come to them. (Even) so We forgave them. And We gave Mūsā (Moses) a clear proof of authority.

(اے نبی!) اہل کتاب آپ سے تقاضا کرتے ہیں کہ آپ ان پر آسمان سے ایک کتاب اتار لائیں، چنانچہ ان لوگوں نے موسیٰ سے اس سے بھی بڑا تقاضا کیا تھا، انھوں نے کہا تھا: (اے موسیٰ!) ہمیں اللہ بالکل آنکھوں کے سامنے دکھا، پھر ان کے ظلم کی وجہ سے کڑاکے کی بجلی ان پر آ پڑی، پھر ان کے پاس کھلی نشانیاں آ جانے کے بعد انھوں نے بچھڑے کو معبود بنا لیا، پھر اس پر بھی ہم نے انھیں معاف کر دیا۔ اور ہم نے موسیٰ کو کھلا غلبہ عطا کیا ﴿153﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿154﴾

اور ہم نے ان سے اقرار لینے کے لیے ان پر طور پہاڑ بلند کیا، اور ہم نے ان سے کہا: (شہر کے دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہوجاؤ،[1] اور ہم نے ان سے کہا: ہفتے کے دن میں زیادتی نہ کرو، اور ہم نے ان سے پختہ عہد لیا ﴿154﴾

154. And for (breaking) their covenant, We raised over them the Mount and (on the other occasion) We said to them: "Enter the gate prostrating (or bowing) with humility;"[1] and We commanded them: "Transgress not (by doing worldly works) on the Sabbath (Saturday)." And We took from them a firm covenant.

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿155﴾

پھر (ہم نے ان پر لعنت کی) اس لیے کہ انھوں نے اپنا عہد توڑا، اللہ کی آیتوں کا انکار کیا، نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے اور انھوں نے یہ کہا کہ ہمارے دل پردوں میں ہیں بلکہ اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں پر مہر لگادی، چنانچہ وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے ہی ﴿155﴾

155. Because of their breaking the covenant, and of their rejecting the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, and of their killing the Prophets unjustly, and of their saying: "Our hearts are wrapped (with coverings, i.e. we do not understand what the Messengers say)" — nay, Allāh has set a seal upon their hearts because of their disbelief, so they believe not but a little.

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿156﴾

اور (ہم نے ان پر لعنت کی) ان کے کفر کی وجہ سے، اور مریم پر بہت بڑا بہتان لگانے کی وجہ سے ﴿156﴾

156. And because of their (Jews) disbelief and uttering against Maryam (Mary عليها السلام) a grave false charge (that she has committed illegal sexual intercourse);

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ

اور ان کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول کو قتل کیا، حالانکہ انھوں نے نہ انھیں قتل کیا اور نہ انھیں سولی پر چڑھایا بلکہ انھیں شبہے میں ڈال دیا گیا۔ اور بے شک جنھوں نے عیسیٰ کے بارے میں اختلاف کیا وہ ضرور ان کے متعلق شک میں ہیں۔ ان لوگوں کے پاس ان کے بارے میں

157. And because of their saying (in boast), "We killed Messiah 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary), the Messenger of Allāh," — but they killed him not, nor crucified him, but it appeared so to them [the resemblance of 'Īsā (Jesus) was put over another man

---

[1] (V.4:154) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "It was said to Banī Israel, 'Enter the gate (of the town) bowing with humility (prostrating yourselves) and say: 'Repentance', but they changed the word and entered the town crawling on their buttocks and said: 'A wheat grain in the hair'*." [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3403 (O.P.615)].

* They said so just to ridicule Allāh's Order as they were disobedient to Him. So Allāh punished them severely by sending on them punishment, most probably in the form of (an epidemic of) plague. (See *Tafsir At-Tabari*).

[1] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا تھا کہ شہر کے دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور [حِطَّةٌ] ''ہماری توبہ، ہماری خطائیں معاف ہوں'' کہتے ہوئے داخل ہونا، لیکن انہوں نے اس حکم کو بدل دیا چنانچہ وہ (سجدہ کی بجائے) سرینوں کے بل گھسٹتے ہوئے اور [حَبَّةٌ فِي شَعَرَةٍ] یعنی ''گندم میں دانہ'' کہتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے: (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب:28 حدیث: 3403) بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کے نافرمان تھے، لہٰذا انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم میں تغیر وتبدل اور اس کے حکم کا تمسخر اڑانے کے لیے ایسا کیا، چنانچہ ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب نازل ہوا جو وباؤں اور طاعون کی صورت میں تھا۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

يَقِيْنًا ﴿157﴾

(and they killed that man)], and those who differ therein are full of doubts. They have no (certain) knowledge, they follow nothing but conjecture. For surely, they killed him not [i.e. 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary) عليهما السلام]:

کوئی علم نہیں سوائے گمان کی پیروی کے، اور انھوں نے یقیناً انھیں قتل نہیں کیا ﴿157﴾

بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿158﴾

158. But Allāh raised him ['Īsā (Jesus)] up (with his body and soul) to Himself (and he عليه السلام is in the heavens). And Allāh is Ever All-Powerful, All-Wise.

بلکہ اللہ نے انھیں اپنی طرف اٹھالیا، اور اللہ بڑا زبردست، بہت حکمت والا ہے ﴿158﴾

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿159﴾

159. And there is none of the people of the Scripture (Jews and Christians) but must believe in him ['Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary), as only a Messenger of Allāh and a human being][1] before his ['Īsā (Jesus) عليه السلام or a Jew's or a Christian's] death[2] (at the time of the appearance of the angel of death). And on the Day of Resurrection, he ['Īsā (Jesus)] will be a witness against them.

اور اہل کتاب میں سے کوئی بھی ایسا نہ بچے گا جو عیسیٰ پر ان کی موت سے پہلے ایمان نہ لے آئے،① اور قیامت کے دن وہ ان سب پر گواہ ہوں گے ﴿159﴾

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿160﴾

160. For the wrongdoing of the Jews, We made unlawful for them certain good foods which had been lawful for them — and for their hindering many from Allāh's way;

پھر جو لوگ یہودی ہوئے ان کے ظلم کی وجہ سے اور ان کے، اکثر لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکنے کی وجہ سے ہم نے ان پر کچھ پاک چیزیں حرام کر دیں جو پہلے ان کے لیے حلال تھیں ﴿160﴾

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿161﴾

161. And their taking of *Ribā* (usury) though they were forbidden from taking it and their devouring of men's substance wrongfully (bribery). And We

اور اس وجہ سے بھی کہ وہ سود لیتے تھے، حالانکہ انھیں اس سے منع کیا گیا تھا، اور اس وجہ سے بھی کہ وہ لوگوں کا مال ناحق کھاتے تھے۔ اور ہم نے ان میں سے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کر

---

[1] (V.4:159) See the footnote of (V.3:55).

[2] (V.4:159) — "Before his death," has two interpretations: before Jesus' death after his descent from the heavens, or a Jew's or a Christian's death, at the time of the appearance of the Angel of Death when he will realize that 'Īsā (Jesus) was only a Messenger of Allāh, and had no share in Divinity.

① اس میں نزول عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے جو قیامت کے قریب آسمان سے ہوگا۔ اس کی کچھ تفصیل اس حدیث میں گزری جو سورۂ آل عمران کی آیت:55 کے حاشیے میں ہے، جس میں ایک بات یہ بھی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جزیہ موقوف کر دیں گے۔ ''جزیے'' کا مطلب ''ایسا ٹیکس ہے جو اسلامی مملکت میں بسنے والے ان غیر مسلموں پر عائد کیا جاتا ہے جو دین اسلام قبول کرنے کی بجائے اپنے مذہب پر قائم رہتے ہیں۔'' اس کے بدلے میں اسلامی مملکت ان کے جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی ذمے دار ہوتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جزیہ قبول نہیں کریں گے بلکہ تمام لوگوں سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ اسلام قبول کر لیں اور ان کے لیے اس کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہ ہوگا۔

﴿ قَبْلَ مَوْتِهٖ ﴾ میں ضمیر کا مرجع کون ہے؟ بعض کے نزدیک عیسیٰ علیہ السلام ہیں، یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان سے نزول کے بعد ان کی موت سے پہلے سب اہل کتاب ان پر ایمان لے آئیں گے، یعنی مسلمان ہو جائیں گے اور بعض کے نزدیک مرجع اہل کتاب ہیں، یعنی ہر یہودی اور عیسائی فرشتۂ اجل کے ظہور کے وقت جب اس پر یہ حقیقت کھل جائے گی کہ عیسیٰ علیہ السلام محض اللہ کے رسول تھے، خدائی میں ان کا کوئی حصہ نہ تھا تو اس وقت وہ عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آتا ہے۔ (گو موت کے وقت کا ایمان نافع نہیں) اکثر مفسرین کے نزدیک پہلا مفہوم زیادہ صحیح ہے۔ (واللہ اعلم)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

رکھا ہے ﴿161﴾

have prepared for the disbelievers among them a painful torment.

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿162﴾ ع 22 ع 10 2

لیکن ان میں سے جو علم میں پختہ اور مومن ہیں وہ ایمان لاتے ہیں اس پر جو آپ پر نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا، اور وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں، وہی لوگ ہیں جنھیں ہم جلد بہت بڑا اجر دیں گے ﴿162﴾

162. But those among them who are well-grounded in knowledge, and the believers, believe in what has been sent down to you (Muhammad ﷺ) and what was sent down before you; and those who perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity) and believe in Allāh and in the Last Day, it is they to whom We shall give a great reward.

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿163﴾

(اے نبی!) بے شک ہم نے آپ کی طرف وحی ① کی جیسے ہم نے نوح اور ان کے بعد دوسرے نبیوں کی طرف وحی کی، اور ہم نے ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور ان کی اولاد اور عیسیٰ، ایوب، یونس، ہارون اور سلیمان کی طرف وحی کی اور ہم نے داود کو زبور عطا کی ﴿163﴾

163. Verily, We have sent the Revelation to you (O Muhammad ﷺ)[1] as We sent the Revelation to Nūh (Noah) and the Prophets after him; We (also) sent the Revelation to Ibrāhīm (Abraham), Ismā'īl (Ishmael), Ishāq (Isaac), Ya'qūb (Jacob), and *Al-Asbāt* [the offspring of the twelve sons of Ya'qūb (Jacob)], 'Īsā (Jesus), Ayyub (Job), Yūnus (Jonah), Hārūn (Aaron), and Sulaimān (Solomon); and to Dāwūd (David) We gave the Zabūr (Psalms).

---

[1] (V.4:163) Ash-Shaikh Al-Imām Al-Hāfiz Abu 'Abdullāh Muhammad bin Isma'īl bin Ibrāhīm bin Al-Mughīrah Al-Bukhāri (may Allāh عز وجل be Merciful to him) said: How the Divine Revelation started to be revealed to Allāh's Messenger ﷺ. And the Statement of Allāh تعالى : "Verily, We have sent the Revelation to you (O Muhammad ﷺ) as We sent the Revelation to Nūh (Noah) and the Prophets after him." (V.4:163).

Narrated 'Umar bin Al-Khattāb رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "The reward of deeds depends upon the intentions and every person will get the reward according to what he has intended. So whoever emigrates for worldly benefits or for a woman to marry, his emigration will be for what he emigrated for." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/1 (O.P.1)].

Narrated 'Āishah, the Mother of the faithful believers رضي الله عنها: Al-Hārith bin Hishām رضي الله عنه asked Allāh's Messenger ﷺ: "O Allāh's Messenger! How is the Divine Revelation revealed to you?" Allāh's Messenger ﷺ replied, "Sometimes it is (revealed) like the ringing of a bell, this form of Revelation is the hardest of all and then this state passes off after I have grasped what is revealed. Sometimes the angel comes in the form of a man and talks to me and I grasp whatever he says." 'Āishah رضي الله عنها added: "Verily, I saw the Prophet ﷺ being inspired divinely and noticed the sweat dropping from his forehead on a very cold day as the Revelation was over." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/2 (O.P.2)]

① رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا آپ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: "وحی کبھی تو مجھ پر گھنٹی کی آواز کی مانند نازل ہوتی ہے۔ نزول وحی کی یہ کیفیت میری طبیعت پر بہت گراں ہوتی ہے اور پھر جو کچھ وحی میں کہا جاتا ہے اسے میں یاد کر لیتا ہوں تو وہ کیفیت ختم ہو جاتی ہے اور کبھی فرشتہ انسان کی صورت میں میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے گفتگو کرتا ہے اور جو کچھ وہ کہتا ہے میں اسے یاد کر لیتا ہوں۔" حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: "میں نے سخت سردیوں میں نبی ﷺ پر وحی نازل ہوتے دیکھی، چنانچہ جب وحی منقطع ہو جاتی تو آپ کی پیشانی سے پسینہ بہنے لگتا۔" (صحیح البخاری، بدء الوحی، باب: 1 حدیث: 2)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾

اور ہم نے کئی رسول بھیجے، اس سے پہلے ہم ان کا حال آپ کے سامنے بیان کر چکے ہیں۔ اور کئی رسول ایسے ہیں کہ ان کا حال ہم نے آپ کے سامنے بیان نہیں کیا۔ اور اللہ نے موسیٰ سے (خاص طور پر) کلام کیا ﴿۱۶۴﴾

164. And Messengers We have mentioned to you before, and Messengers We have not mentioned to you, — and to Mūsā (Moses) Allāh spoke directly.

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾

اور خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے رسول بھیجے، تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کے لیے اللہ کو الزام دینے کی کوئی گنجائش نہ رہے۔ اور اللہ بڑا زبردست، خوب حکمت والا ہے ﴿۱۶۵﴾

165. Messengers as bearers of good news as well as of warning in order that mankind should have no plea against Allāh after the (coming of) Messengers. And Allāh is Ever All-Powerful, All-Wise.

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۱۶۶﴾

لیکن اللہ نے آپ پر جو نازل کیا ہے، وہ اس کی بابت گواہی دیتا ہے کہ اس نے اپنے علم کے ساتھ نازل کیا ہے۔ اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور اللہ بطور گواہ کافی ہے ﴿۱۶۶﴾

166. But Allāh bears witness to that which He has sent down (the Qur'ān) to you (O Muhammad ﷺ); He has sent it down with His Knowledge, and the angels bear witness. And Allāh is All-Sufficient as a Witness.

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکا، یقیناً وہ دور کی گمراہی میں جا پڑے ہیں ﴿۱۶۷﴾

167. Verily, those who disbelieve [by concealing the truth about Prophet Muhammad ﷺ and his message of true Islāmic Monotheism written in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) with them] and prevent (mankind) from the path of Allāh (Islāmic Monotheism); they have certainly strayed far away. (*Tafsīr Al-Qurtubī*)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿۱۶۸﴾ۙ

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم کیا، اللہ کے شایان نہیں کہ وہ انھیں بخش دے اور نہ یہ شایان ہے کہ وہ انھیں سیدھی راہ دکھائے ﴿۱۶۸﴾

168. Verily, those who disbelieve and did wrong [by concealing the truth about Prophet Muhammad ﷺ and his message of true Islāmic Monotheism written in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) with them]; Allāh will not forgive them, nor will He guide them to any way — (*Tafsīr Al-Qurtubī*).

اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۶۹﴾

مگر وہ انھیں جہنم کا راستہ دکھائے گا جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اور یہ اللہ کے لیے بہت آسان ہے ﴿۱۶۹﴾

169. Except the way of Hell, to dwell therein forever; and this is ever easy for Allāh.[1]

[1] (V.4:169) See the footnote of (V.3:85).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷۰﴾

اے لوگو! یقیناً یہ رسول تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر تمہارے پاس آیا ہے، لہٰذا تم ایمان لاؤ، یہ تمہارے لیے بہتر ہوگا، اور اگر تم کفر کرو گے تو آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے، اللہ ہی کے لیے ہے، اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿۱۷۰﴾

170. O mankind! Verily, there has come to you the Messenger (Muhammad ﷺ) with the truth from your Lord. So believe in him, it is better for you. But if you disbelieve, then certainly to Allāh belongs all that is in the heavens and the earth. And Allāh is Ever All-Knowing, All-Wise.

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾ ع

اے اہل کتاب! اپنے دین کے بارے میں حد سے نہ گزر جاؤ اور اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا کچھ نہ کہو۔ بے شک مسیح عیسیٰ ابن مریم تو اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہی ہے جسے اس نے مریم کی طرف ڈالا، اور وہ اس کی طرف سے ایک روح ہے،① چنانچہ تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور یہ نہ کہو کہ معبود تین ہیں۔ اس سے باز آجاؤ، یہ تمہارے لیے بہتر ہے، بے شک اللہ ہی واحد معبود ہے، وہ اس (امر) سے پاک ہے کہ اس کی کوئی اولاد ہو،② آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے، اور اللہ بطور کارساز کافی ہے ﴿۱۷۱﴾

171. O people of the Scripture (Christians)! Do not exceed the limits in your religion, nor say of Allāh aught but the truth. The Messiah 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary), was (no more than) a Messenger of Allāh and His Word, ("Be!" — and he was) which He bestowed on Maryam (Mary) and a spirit (*Rūh*)[1] created by Him; so believe in Allāh and His Messengers. Say not: "Three (trinity)!" Cease! (it is) better for you. For Allāh is (the only) One *Ilāh* (God), Glorified is He (Far Exalted is He) above having a son. To Him belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allāh is All-Sufficient as a Disposer of affairs.[2]

وقف لازم ع 22

---

[1] (V.4:171) *Rūh-ullāh*: According to the early religious scholars from among the Companions of the Prophet ﷺ and their students and the *Mujtahidūn*, there is a rule to distinguish between the two nouns in the genitive construction:

a) When one of the two nouns is Allāh, and the other is a person or a thing, e.g. Allāh's House (*Bait-ullāh*); Allāh's Messenger (*Rasūl-ullāh*); and Allāh's slave (*'Abdullāh*); Allāh's spirit (*Rūh-ullāh*), the rule for the above words is that the second noun, e.g., house, messenger, slave or spirit is created by Allāh and is honourable in His Sight, and similarly, Allāh's spirit may be understood as the spirit of Allāh, in fact it is a soul created by Allāh, i.e. 'Īsā (Jesus). And it was His Word: "Be!"- and he was [i.e. 'Īsā (Jesus) was created like Adam].

b) But when one of the two is Allāh and the second is neither a person nor a thing, then it is not a created thing but is a Quality of Allāh, e.g. Allāh's Knowledge (*'Ilm-ullāh*); Allāh's Life (*Hayāt-ullāh*); Allāh's Statement (*Kalām-ullāh*); and Allāh's Self (*Dhat-ullāh*).

[2] (V.4:171) Narrated 'Ubadah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "If anyone testifies that *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh Alone) Who has no partners, and that Muhammad ﷺ is His slave and His Messenger, and that Jesus عليه السلام is Allāh's slave and His Messenger and His Word ("Be!" — and he was) which He bestowed on Mary and a spirit (*Rūh*) created by Him, and that Paradise is the truth, and Hell is the truth — Allāh will admit him into Paradise with the deeds which he had done even if those deeds were few." (Junadah, the subnarrator said, "Uhādah added: 'Such a person can enter Paradise through any of its eight gates he likes.'")

[*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3435 (O.P.644)]

① [رُوحُ اللّٰہ] صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین رحمہم اللہ اور مجتہدین رحمہم اللہ کے نزدیک مرکب اضافی (مضاف ومضاف الیہ) میں دو اسموں کے درمیان تمیز قائم کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ جب دو اسموں میں سے ایک اسم اللہ تعالیٰ کا اور دوسرا اسم کسی انسان یا کسی اور شے کا ہو مثلاً: [بَیْتُ اللّٰہِ] ''اللہ کا گھر''، [رَسُوْلُ اللّٰہِ] ''اللہ کا رسول''، [عَبْدُ اللّٰہِ] ''اللہ کا بندہ'' اور [رُوحُ اللّٰہِ] ''اللہ کی روح'' وغیرہ۔ تو اس صورت میں قاعدہ یہ ہے کہ اسم مضاف مثلاً: [بَیْتُ] ''گھر''، [رَسُوْلُ] ''پیغمبر''، [عَبْدُ] ''بندہ'' اور [رُوحُ] وغیرہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے تعلق رکھتا

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾

مسیح (عیسیٰ ابن مریم) کو اللہ کا بندہ ہونے میں کوئی عار نہیں اور نہ مقرب فرشتوں کو عار ہے، اور جو کوئی اللہ کی عبادت کو عار خیال کرے اور تکبر کرے، تو اللہ جلد ان سب کو اپنی طرف جمع کرے گا ﴿۱۷۲﴾

172. The Messiah will never be proud to reject to be a slave of Allāh, nor the angels who are the near (to Allāh). And whosoever rejects His worship and is proud, then He will gather them all together to Himself.

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾

پھر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے تو اللہ انھیں ان کے پورے اجر دے گا اور انھیں اپنے فضل سے زیادہ عطا کرے گا، اور جن لوگوں نے اللہ کی عبادت کو عار خیال کیا اور تکبر کیا تو وہ انھیں بہت دردناک عذاب دے گا اور وہ اللہ کے سوا اپنے لیے کوئی حمایتی اور کوئی مددگار نہیں پائیں گے ﴿۱۷۳﴾

173. So, as for those who believed (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and did deeds of righteousness, He will give them their (due) rewards — and more out of His bounty. But as for those who refused His worship and were proud, He will punish them with a painful torment. And they will not find for themselves besides Allāh any protector or helper.

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾

اے لوگو! تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس ایک دلیل آ گئی ہے، اور ہم نے تمھاری طرف ایک واضح نور نازل کیا ہے ﴿۱۷۴﴾

174. O mankind! Verily, there has come to you a convincing proof (Prophet Muhammad ﷺ) from your Lord; and We sent down to you a manifest light (this Qur'ān).

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾

پھر جو لوگ اللہ پر ایمان لے آئے اور اس (کے دین) کو مضبوطی سے پکڑ لیا تو وہ ضرور انھیں اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا، اور انھیں اپنی طرف (پہنچنے کے لیے) سیدھا راستہ دکھائے گا ﴿۱۷۵﴾

175. So, as for those who believed in Allāh and held fast to Him, He will admit them to His Mercy and Grace (i.e. Paradise), and guide them to Himself by a Straight Path.

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ

(اے نبی!) لوگ آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ "کلالہ" کے بارے میں حکم دیتا ہے، اگر کوئی شخص مرجائے جس کی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اس کے لیے بھائی کے چھوڑے ہوئے مال کا آدھا حصہ ہے۔ اور اگر بہن کی اولاد نہ

176. They ask you for a legal verdict. Say: "Allāh directs (thus) about *Al-Kalālah* (those who leave neither descendants nor ascendants as heirs). If it is a man that dies leaving a sister, but no child, she shall have half the

★ بقیہ حاشیہ: النساء، آیت: 171.

① کفر کے دو بڑے درجے ہیں: ① کفر اکبر۔ ② کفر اصغر۔ کفر اکبر میں [کُفْرُ التَّکْذِیب، کُفْرُ الْاِبَاءِ وَالتَّکَبُّر، کُفْرُ الشَّکّ، کُفْرُ الْاِعْرَاض وَکُفْرُ النِّفَاق] شامل ہیں جب کہ کفر اصغر "کفران نعمت" کو کہتے ہیں یعنی ناشکری بھی ایک قسم کا کفر ہے۔

② شریعت اسلامیہ کی قائم کردہ حدود کے بغیر کسی کو قتل نہیں کیا جا سکتا، چنانچہ حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک مسلمان شخص جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں (محمد ﷺ) اس کا رسول ہوں تو اس کا خون (اس کو قتل و ہلاک کرنا) ان تین صورتوں کے سوا حلال نہیں: ① جان کے بدلے جان (قَتْلِ عَمَد کی صورت میں بطور قصاص قتل کیا جائے گا) ② شادی شدہ شخص زنا کا مرتکب ہو (تو اسے رجم کی سزا دی جائے گی) ③ کوئی شخص اپنے دین (اسلام) سے پھر جائے اور (مسلمانوں کی) جماعت کو چھوڑ دے (یعنی مرتد ہو جائے تو ارتداد کی سزا قتل ہے۔)" تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجیے: (صحیح البخاری الدیات، باب: 6 حدیث: 6878 و فتح الباری حوالۂ مذکورہ)

③ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد نبی ﷺ کی بعثت ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میں ابن مریم (علیہ السلام) سے سب لوگوں سے زیادہ قرب و تعلق رکھنے والا ہوں اور تمام پیغمبر علاتی بھائی ہیں اور میرے اور ابن مریم کے درمیان کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا۔" (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب: 48 حدیث: 3442) علاتی بھائی: وہ ہوتے ہیں جن کا باپ ایک ہو اور مائیں

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(Torah) that had come before him, and We gave him the Injīl (Gospel), in which was guidance and light and confirmation of the Taurāt (Torah) that had come before it, a guidance and an admonition for *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿46﴾

تصدیق کرنے والے تھے۔اور ہم نے انھیں انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی تھی، اور وہ اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والی تھی اور پرہیز گاروں کے لیے (سراسر) ہدایت اور نصیحت تھی ﴿46﴾★

47. Let the people of the Injīl (Gospel) judge by what Allāh has revealed therein. And whosoever does not judge by what Allāh has revealed (then) such (people) are the *Fāsiqūn* [the rebellious i.e. disobedient (of a lesser degree) to Allāh].

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿47﴾

اور اہل انجیل کو چاہیے کہ اللہ نے اس میں جو کچھ نازل کیا اس کے مطابق فیصلے کریں، اور جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں تو وہی نافرمان ہیں ﴿47﴾

48. And We have sent down to you (O Muhammad ﷺ) the Book (this Qur'ān) in truth, confirming the Scripture (Books) that came before it and *Muhaiminan* (trustworthy in highness and a witness) over it (old Scriptures).[1] So judge among them by what Allāh has revealed, and follow not their vain desires, diverging away from the truth that has come to you. To each among you, We have prescribed a law and a clear way. If Allāh had willed, He would have made you one nation, but that (He) may test you in what He has given you; so compete in good deeds. The return of you (all) is to Allāh; then He will inform you about that in which you used to differ.

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿48﴾

اور (اے نبی!) ہم نے آپ پر یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی، یہ تصدیق کرنے والی ہے اس کتاب کی جو اس سے پہلے تھی اور اس پر نگہبان ہے①، چنانچہ آپ ان کے درمیان اللہ کی نازل کی ہوئی ہدایت کے مطابق فیصلے کریں اور آپ کے پاس جو حق آیا ہے اسے نظر انداز کر کے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور طریقہ بنایا اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ضرور ایک امت بنا دیتا لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمھیں اس (کتاب) کے بارے میں آزمائے جو اس نے تمھیں دی ہے، چنانچہ تم نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو، تم سب نے اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر وہ تمھیں (اصل حقیقت) بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہتے تھے ﴿48﴾

49. And so judge (you O

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا

اور (اے نبی!) آپ ان لوگوں کے درمیان اس کے

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 46.

مختلف۔مطلب یہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام کا دین ایک ہی تھا اور شریعتیں (دستور اور طریقے) مختلف تھیں۔لیکن شریعت محمد یہ ﷺ کے بعد اب ساری شریعتیں بھی منسوخ ہو گئی ہیں اور اب دین بھی ایک ہے اور شریعت بھی ایک۔(احسن البیان)

[1] (V.5:48) *Muhaiminan*: that which testifies the truth that is therein and falsifies the falsehood that is added therein.

① ﴿مُهَيْمِنًا﴾ قرآن کریم پچھلی تمام آسمانی کتابوں پر محافظ (نگہبان) ہے۔ان کتابوں کے اندر جو سچائی (اللہ کا کلام) ہے، قرآن کریم اس کی تصدیق کرتا ہے اور ان کے اندر جو جھوٹ (تحریف وآمیزش) ہے اس کی تکذیب کرتا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿49﴾

مطابق فیصلہ کریں جو اللہ نے (آپ پر) نازل کیا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے ہوشیار رہیں کہیں وہ آپ کو کسی ایسے حکم سے ادھر ادھر نہ کر دیں جو اللہ نے آپ پر اتارا ہے، پھر اگر وہ اس سے منہ موڑیں تو جان لیں کہ اللہ کا فقط یہی ارادہ ہے کہ ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے انھیں سزا دے، اور بے شک ان لوگوں میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿49﴾

Muhammad ﷺ) among them by what Allāh has revealed and follow not their vain desires, but beware of them lest they turn you (O Muhammad ﷺ) far away from some of that which Allāh has sent down to you. And if they turn away, then know that Allāh's Will is to punish them for some sins of theirs. And truly, most of men are *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh).

اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿50﴾ ع 7 11

کیا پھر وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟[1] اور جو قوم اللہ پر یقین رکھتی ہے، اس کے نزدیک اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟ ﴿50﴾

50. Do they then seek the judgement of (the days of) Ignorance?[1] And who is better in judgement than Allāh for a people who have firm Faith.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿51﴾ وقف لازم

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہودیوں اور عیسائیوں کو دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بے شک وہ انھی میں سے ہوگا۔ یقیناً اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿51﴾

51. O you who believe! Take not the Jews and the Christians as *Auliyā'* (friends, protectors, helpers), they are but *Auliyā'* of each other. And if any amongst you takes them as *Auliyā'*, then surely, he is one of them. Verily, Allāh guides not those people who are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers and unjust).

فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰۤى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوْا فِىْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿52﴾

(اے نبی!) پس آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں میں (منافقت کا) روگ ہے کہ وہ دوڑ کر ان (یہودیوں) میں جاتے ہیں اور (ان سے) کہتے ہیں: ہم ڈرتے ہیں کہ ہمیں کوئی مصیبت (نہ) پہنچے، پھر قریب ہے کہ اللہ (تمھیں) فتح عطا کرے یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے، تو یہ لوگ (اپنی منافقت پر) پچھتائیں گے جسے وہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں ﴿52﴾

52. And you see those in whose hearts there is a disease (of hypocrisy), they hurry to their friendship, saying: "We fear lest some misfortune of a disaster may befall us." Perhaps Allāh may bring a victory or a decision according to His Will. Then they will become regretful for what they have been keeping as a secret in themselves.

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ

اور (اس وقت) وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں، کہیں گے: کیا یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے بڑی شدومد

53. And those who believe will say: "Are these the men (hypocrites) who swore their

[1] (V.5:50): Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "The most hated persons to Allāh are three: (1) A person who deviates from the right conduct, i.e., an evil doer, in the *Haram* (sanctuaries of Makkah and Al-Madinah); (2) a person who wants that the traditions of the pre-Islāmic period of Ignorance should remain in Islām; and (3) a person who seeks to shed somebody's blood without any right." [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6882 (O.P.21)]

① حدیث میں ہے: ''تین آدمی اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی ناپسندیدہ ہیں: ① جو حرم شریف میں الحاد (گناہ، ظلم، فسق و فجور) کا ارتکاب کرے ② وہ شخص جو مسلمان ہو کر بھی قبل از اسلام دور جاہلیت کے طور اور رسوم و روایات اپنائے ③ ایسا شخص جو کسی کو ناحق قتل کرنے کے لیے اس کا تعاقب کرے۔'' (صحیح البخاری، الدیات، باب: 9 حدیث: 6882)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

strongest oaths by Allāh that they were with you (Muslims)?" All that they did has been in vain (because of their hypocrisy), and they have become the losers.

لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿53﴾

سے اللہ کی قسمیں کھائی تھیں کہ بے شک وہ تمہارے ساتھ ہیں؟ ان کے عمل برباد ہو گئے چنانچہ وہ خسارہ اٹھانے والوں میں ہو گئے ﴿53﴾

54. O you who believe! Whoever from among you turns back from his religion (Islām), Allāh will bring a people whom He will love and they will love Him; humble towards the believers, stern towards the disbelievers, fighting in the way of Allāh, and never fear the blame of the blamers. That is the Grace of Allāh which He bestows on whom He wills. And Allāh is All-Sufficient for His creatures' needs, All-Knower.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿54﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے، تو پھر اللہ جلد ایسے لوگ لائے گا کہ وہ ان سے محبت کرتا ہوگا، اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے، وہ مومنوں پر نرمی کرنے والے ہوں گے اور کافروں پر سختی کرنے والے، وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے، اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور اللہ (بڑی) وسعت والا، خوب جاننے والا ہے ﴿54﴾

55. Verily, your *Walī* (Protector or Helper) is none other than Allāh, His Messenger (ﷺ), and the believers, — those who perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity), and they are *Rāki'ūn*[1] (those who bow down or submit themselves with obedience to Allāh in prayer).

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿55﴾

تمہارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے، جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں ﴿55﴾

56. And whosoever takes Allāh, His Messenger (ﷺ), and those who have believed, as Protectors, then the party of Allāh will be the victorious.[2]

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿56﴾ ع 12

اور جو کوئی اللہ سے اور اس کے رسول سے دوستی رکھتا ہے① اور ان لوگوں سے دوستی رکھتا ہے جو ایمان لائے ہیں، تو (وہ اللہ کا گروہ ہیں اور) یقیناً اللہ کا گروہ ہی غالب آنے والا ہے ﴿56﴾

57. O you who believe! Take not as *Auliyā'* (protectors and helpers) those who take your religion as a mockery and fun from among those who received the Scripture (Jews and Christians) before you, and nor from among the disbelievers; and fear Allāh if you indeed are true believers.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿57﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنھوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا لیا ہے، ان لوگوں میں سے جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اور جو کافر ہیں۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر تم مومن ہو ﴿57﴾

[1] (V.5:55) See the footnote of (V.2:43).
[2] (V.5:56) See the footnotes (A) and (B) of (V.27:59).

① حدیث میں آتا ہے: اللہ اور اس کے رسول کی محبت، ایمان کی لذت کا باعث ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کسی میں یہ تین خصلتیں (صفات) ہوں گی وہ ایمان کی لذت سے ضرور بہرہ ور ہوگا: ① یہ کہ اللہ اور اس کے رسول اسے سب سے زیادہ محبوب ہوں ② یہ کہ محض اللہ ہی کے لیے کسی سے دوستی رکھے ③ یہ کہ اسے دوبارہ کافر بننا ایسا ہی ناگوار ہو جیسے آگ میں جھونکا جانا۔'' (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 9 حدیث: 16)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿58﴾

اور جب تم انھیں نماز کی طرف بلاتے ہو[1] تو وہ اسے ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بلاشبہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے ﴿58﴾

58. And when you proclaim the call for *As-Salāt* [call for the prayer (*Adhān*)], they take it (but) as a mockery and fun; that is because they are a people who understand not.[1]

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿59﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے صرف اس وجہ سے ناراض ہوتے ہو کہ ہم اللہ پر اور جو (چیز) ہماری طرف نازل کی گئی اور (ہم سے) پہلے نازل کی گئی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور بے شک تم میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿59﴾

59. Say: "O people of the Scripture (Jews and Christians)! Do you criticize us for no other reason than that we believe in Allāh, and in (the Revelation) which has been sent down to us and in that which has been sent down before (us), and that most of you are *Fāsiqūn* [rebellious and disobedient (to Allāh)]?"

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿60﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا میں تمھیں (اس شخص کے بارے میں) نہ بتا دوں جو جزا کے اعتبار سے، اللہ کے نزدیک اس سے بھی بدتر ہے؟ یہ وہ شخص ہے کہ اللہ نے اس پر لعنت کی اور اس پر اپنا غضب نازل کیا، اور ان میں سے بعض کو بندر اور سؤر بنا دیا، اور اس شخص نے شیطان کی بندگی کی، وہی لوگ بدتر درجے میں ہیں اور سیدھی راہ سے وہ سب سے زیادہ گمراہ ہیں ﴿60﴾

60. Say (O Muhammad ﷺ to the people of the Scripture): "Shall I inform you of something worse than that, regarding the recompense from Allāh: those (Jews) who incurred the Curse of Allāh and His Wrath, and those of whom (some) He transformed into monkeys and swines, and those who worshipped *Tāghūt*[2] (false deities); such are worse in rank (on the Day of Resurrection in the Hell-fire), and far more astray from the Right Path (in the life of this world)."

---

[1] (V.5:58) How the *Adhān* (the call to prayer)* for the prayer was started. And the Statement of Allāh عز وجل: "And when you proclaim the call to prayer (*Adhān*) they take it (but) as a mockery and fun, that is because they are a people who understand not." (V.5:58)

And also the Statement of Allāh عز وجل: "When the call (*Adhān*) for the prayer is proclaimed on the day of Friday." (V.62:9)

Narrated Anas رضي الله عنه: The people mentioned the fire and the bell (they suggested those as signals to indicate the starting of prayers), and by that they mentioned the Jews and the Christians, then Bilāl was ordered to pronounce *Adhān* for the prayer by saying its wordings twice (in doubles), and for the *Iqāmah* (the call for the actual standing for the prayers in rows) by saying its wordings once (in singles) (*Iqāmah* is pronounced when the people are ready for the prayer). [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/603 (O.P.577)]

*The wording of *Adhān: Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Ash-hadu an lā ilaha illallāh, Ash-hadu an lā ilāha illallāh; Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh, Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh; Haiya-'alas-Salāh, Haiya 'alas-Salāh; Haiya 'alal-Falāh, Haiya 'alal-Falāh; Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Lā ilāha illallāh.*

[2] (V.5:60) *Tāghūt*: See the footnote of (V.2:256).

(1) یعنی اذان دے کر۔ نماز کے لیے بلانے کا یہ طریقہ نبی ﷺ کو اس طرح بتلایا گیا کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کو خواب میں اس کے الفاظ بتائے گئے اور آپ ﷺ نے انھیں اختیار فرما لیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نماز کے اعلان کے لیے لوگوں نے آگ جلانا اور ناقوس بجانا تجویز کیا جو کہ یہود و نصاریٰ کا طریقہ تھا۔ تب بلال رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: "اذان کے کلمات دو دو مرتبہ اور اقامت کے لیے ایک ایک مرتبہ کہے۔" (اقامت اس وقت کہی جاتی ہے جب لوگ نماز کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔) (صحیح البخاری، الأذان، باب: 1 حدیث: 603) اس مقام کے علاوہ (سورۂ جمعہ: 9/62) میں بھی نماز کے لیے [نِدَاء] (اذان) دیے جانے کا ذکر ہے۔ یہ کلمات اذان یا "ندائے صلوٰۃ" قرآن میں کہیں نہیں ہیں۔ جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ حدیث کے بغیر قرآن کو نہیں سمجھا جا سکتا نہ اس پر عمل ہی کیا جا سکتا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿61﴾

اور جب وہ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اوران کا حال یہ ہے کہ وہ کفر کے ساتھ ہی داخل ہوئے تھے اور اسی کے ساتھ نکل گئے اوراللہ اس چیز کو خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں﴿61﴾

61. When they come to you, they say: "We believe." But in fact they enter with (an intention of) disbelief and they go out with the same. And Allāh knows all what they were hiding.

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿62﴾

اورآپ ان میں سے بہتوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ گناہ، زیادتی اور حرام کھانے میں جلدی کرتے ہیں، بہت برا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں﴿62﴾

62. And you see many of them (Jews) hurrying towards sin and transgression, and eating illegal things [as bribes and *Ribā* (usury)]. Evil indeed is that which they have been doing.

لَوْ لَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿63﴾

رب والے اوران کے علماء انھیں گناہ کی بات کہنے اور حرام کھانے سے کیوں نہیں روکتے؟ بہت برا ہے جو کچھ وہ (اپنے لیے) تیار کررہے ہیں﴿63﴾

63. Why do not the rabbis and the religious learned men forbid them from uttering sinful words and from eating illegal things. Evil indeed is that which they have been performing.

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿64﴾

وقف لازم

اور یہودیوں نے کہا: "اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔"① بندھ گئے انھی کے ہاتھ، اور لعنت پڑی ان پر ان کے اس قول (ان کی اس بکواس) کی وجہ سے، بلکہ اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، وہ جیسے چاہے خرچ کرتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ (قرآن) جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے، ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں ضرور اضافے کا باعث بنے گا۔ اور ہم نے قیامت کے دن تک ان کے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دیا ہے۔ جب کبھی وہ لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور وہ زمین میں فساد کرنے کو دوڑتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا﴿64﴾

64. The Jews say: "Allāh's Hand is tied up (i.e. He does not give and spend of His bounty)." Be their hands tied up and be they accursed for what they uttered. Nay, both His Hands[1] are widely outstretched. He spends (of His bounty) as He wills. Verily, the Revelation that has come to you from your Lord (Allāh) increases in most of them (their) obstinate rebellion and disbelief. We have put enmity and hatred amongst them till the Day of Resurrection. Every time they kindled the fire of war, Allāh extinguished it; and they (ever) strive to make mischief on the earth. And Allāh does not

[1] (V.5:64) *Sifāt-ullāh* صفات الله عز وجل (Qualities of Allāh): [See the footnote of (V.3:73)].
Narrated Ibn 'Umar: رضي الله عنهما Allāh's Messenger ﷺ said, "On the Day of Resurrection, Allāh will grasp the whole (planet of) earth by His Hand, and all the heavens in His Right, and then He will say, 'I am the King.'"
Abu Hurairah said, "Allāh's Messenger ﷺ said, 'Allāh will grasp the (planet of) earth...'" [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/7412,7413 (O.P.509)].

① [صِفَاتُ اللّٰہ] کی تفسیر کے لیے ملاحظہ کیجیے حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/73:) قرآن کریم میں جو بھی اللہ تعالیٰ کی صفات مثلاً: [اَلْوَجْهُ] "چہرہ" [اَلْعَيْنُ] "آنکھ" [اَلْيَدُ] "ہاتھ" [اَلسَّاقُ] "پنڈلی" [وَالْمَجِيْءُ] "آنا" [اَلْاِسْتِوَاءُ] "قرار پکڑنا" وغیرہ بیان ہوئی ہیں یا جو صفات احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہیں جیسے: [اَلنُّزُوْلُ] "اترنا" اور [اَلضَّحِكُ] "ہنسی" وغیرہ، تو علمائے کتاب وسنت ان صفات پر ایمان رکھتے ہیں اور بغیر کسی تاویل، تشبیہ اور تعطیل (صفات الٰہی کے انکار) کے ان صفات کو اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرتے ہیں۔ اللہ ہی ان صفات کے لائق ہے اور کسی بھی مخلوق میں ایسی صفات نہیں پائی جاتیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اس (اللہ) جیسی کوئی بھی شے (موجود) نہیں۔" (الشوریٰ 42/11:) اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: "اور اس کا کوئی کفو (ہمسر) نہیں۔" (الاخلاص 112/4:)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

like the *Mufsidūn* (mischief-makers).

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿65﴾

اور اگر اہل کتاب ایمان لے آئیں اور پرہیزگاری اختیار کرلیں تو یقیناً ہم ان سے ان کی برائیاں دور کردیں گے اور انھیں نعمت والے باغوں میں ضرور داخل کریں گے ﴿65﴾

65. And if only the people of the Scripture (Jews and Christians) had believed (in Muhammad ﷺ) and warded off evil (sin, ascribing partners to Allāh) and had become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), We would indeed have expiated from them their sins and admitted them to Gardens of pleasure (in Paradise).

وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ۭ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَاۗءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿66﴾ ع 9 10 13

اور اگر یقیناً وہ تورات اور انجیل اور اپنے رب کی طرف سے نازل کی گئی (دوسری) کتابوں کے احکام پر ٹھیک ٹھیک عمل کرتے تو وہ اپنے اوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے سے (وافر رزق) کھاتے، ان میں سے ایک گروہ درمیانی راہ چلنے والا ہے[1] اور ان میں سے زیادہ تر لوگ جو کچھ کر رہے ہیں وہ برا ہے ﴿66﴾

66. And if only they had acted according to the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), and what has (now) been sent down to them from their Lord (the Qur'ān), they would surely, have gotten provision from above them and from underneath their feet. There are from among them people who are on the right course (i.e. they act on the Revelation and believe in Prophet Muhammad ﷺ as 'Abdullāh bin Salām[1] رضي الله عنه), but many of them do evil deeds.

[1] (V.5:66) Narrated Anas رضي الله عنه: When the news of the arrival of the Prophet ﷺ at Al-Madinah reached 'Abdullāh bin Salām, he went to him (i.e. the Prophet ﷺ) to ask him about certain things. He said, "I am going to ask you about three things which only a Prophet can answer: What is the first sign of the Hour? What is the first food which the people of Paradise will eat? Why does a child attract the similarity to his father or to his mother?" The Prophet ﷺ replied, "Jibrāīl (Gabriel) has just now informed me of that." Ibn Salām said, "He [i.e. Jibrāīl (Gabriel)] is the enemy of the Jews from amongst the angels." The Prophet ﷺ said, "As for the first sign of the Hour, it will be a fire that will collect (or gather) the people from the east to the west. As for the first meal which the people of Paradise will eat, it will be the caudate (extra) lobe of the fish-liver. As for the child, if the man's discharge precedes the woman's discharge, the child attracts the similarity to the man, and if the woman's discharge precedes the man's, then the child attracts the similarity to the woman." On this, 'Abdullāh bin Salām said, "I testify that *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh) and that you are the Messenger of Allāh", and added, "O Allāh's Messenger! Jews make such lies as make one astonished, so please ask them about me before they know about my conversion to Islām." The Jews came and the Prophet ﷺ said, "What kind of man is 'Abdullāh bin Salām among you?" They replied, "The best of us and the son of the best of us and the most superior among us, and the son of the most superior among us." The Prophet ﷺ said, "What would you think if 'Abdullāh bin Salām should embrace Islām?" They said, "May Allāh protect him from that." The Prophet ﷺ repeated his question and they gave the same answer, then 'Abdullāh came out to them and said. "I testify that *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh), and that Muhammad ﷺ is the Messenger of Allāh!" On this, the Jews said, "He is the most wicked among us and the son of the most wicked among us." So they degraded him. On this, he (i.e.'Abdullāh bin Salām) said, "It is this that I was afraid of, O Allāh's Messenger." [*Sahih Al-Bukhāri*, 5/3938 (O.P.275)]

① جیسے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ وغیرہ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: جب عبداللہ بن سلام (یہودی عالم) کو نبی ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کی خبر پہنچی تو وہ نبی ﷺ کے پاس چند باتیں

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿67﴾

اے رسول! آپ کے رب کی طرف سے آپ پر جو نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دیجیے۔ اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو گویا آپ نے اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا، اور اللہ آپ کو لوگوں (کے شر) سے بچائے گا، اور بلاشبہ اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا ﴿67﴾

67. O Messenger (Muhammad ﷺ)! Proclaim (the Message) which has been sent down to you from your Lord. And if you do not, then you have not conveyed His Message. Allāh will protect you from mankind. Verily, Allāh guides not the people who disbelieve.

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! تم ہرگز اصل دین پر کاربند نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ تم تورات و انجیل اور اپنی طرف اپنے رب کی طرف سے نازل کی گئی (دوسری) کتابوں کے احکام پر ٹھیک ٹھیک عمل کرنے لگو۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ (قرآن) جو آپ کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے، ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں اضافے کا باعث بنے گا، اور آپ کافروں کی قوم کا غم نہ کھائیں ﴿68﴾

68. Say: (O Muhammad ﷺ) "O people of the Scripture (Jews and Christians)! You have nothing (as regards guidance) till you act according to the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), and what has (now) been sent down to you from your Lord (the Qur'ān)." Verily, that which has been sent down to you (Muhammad ﷺ) from your Lord increases in most of them (their) obstinate rebellion and disbelief. So be not sorrowful over the people who disbelieve.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿69﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور صابی (بے دین) اور نصاریٰ، ان میں سے جو بھی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿69﴾

69. Surely, those who believe (in the Oneness of Allāh, in His Messenger Muhammad ﷺ and all that was revealed to him from Allāh), and those who are the Jews and the Sabians and the Christians, — whosoever believed in Allāh and the Last Day, and worked righteousness, on them

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 66.

پوچھنے کے لیے حاضر ہوئے اور نبی ﷺ سے عرض کیا: میں آپ سے تین ایسی باتیں پوچھنا چاہتا ہوں جنہیں نبی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ ① قیامت کے برپا ہونے کی پہلی علامت کونسی ہے؟ ② اہل جنت سب سے پہلے کونسا کھانا کھائیں گے؟ ③ اس بات کا کیا سبب ہے کہ بچہ کبھی باپ کے مشابہ ہوتا ہے اور کبھی ماں کے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "جبرائیل علیہ السلام نے ابھی یہ باتیں مجھے بتائی ہیں۔" عبداللہ بن سلام نے کہا: یہ جبرائیل فرشتوں میں سے یہود کا دشمن ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "① قیامت کی پہلی نشانی ایک آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی جانب لے جائے گی ② اور اہل جنت کا پہلا کھانا مچھلی کی کلیجی کا زائد حصہ ہوگا ③ اور بچے (کی باپ اور ماں کے ساتھ مشابہت) کا حال یہ ہے کہ جب مرد کا مادہ تولید (منی) عورت کے مادہ تولید پر غالب آ جائے تو بچہ باپ کے مشابہ اور جب عورت کا مادہ تولید مرد کے مادہ تولید پر غالب آ جائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے۔" اس پر عبداللہ بن سلام نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ (یعنی کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے) اور عرض کیا: یا رسول اللہ! قوم یہود بڑی بہتان تراش ہے، چنانچہ آپ انہیں میرے اسلام کی خبر ہو جانے سے پہلے میرے متعلق پوچھیے۔ قوم یہود میں سے کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ نے ان سے پوچھا: "تم لوگوں میں عبداللہ بن سلام کیسا آدمی ہے؟" انہوں نے جواب میں کہا: وہ ہم میں سے اچھا آدمی ہے اور اچھے آدمی کا بیٹا ہے اور ہم میں سے افضل ہے اور افضل آدمی کا بیٹا ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر عبداللہ بن سلام اسلام قبول کر لے تو تمہاری کیا رائے ہے؟" یہود بولے: اللہ اسے اسلام سے بچائے رکھے۔ آپ نے ان سے پھر یہی سوال کیا تو انہوں نے ویسا ہی جواب دیا۔ چنانچہ عبداللہ بن سلام (جو چھپ گئے تھے) ان کے پاس آ گئے اور کہنے لگے: [أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ] یہود یہ سن کر کہنے لگے: عبداللہ بن سلام ہم میں سے برا آدمی اور برے آدمی کا بیٹا ہے۔ اور اسے برا بھلا کہنے لگے اس وقت عبداللہ بن سلام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اسی بات کا ڈر تھا۔ (صحیح البخاری، مناقب الأنصار، باب: 51 حدیث: 3938)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

shall be no fear, nor shall they grieve.[1]

لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾

70. Verily, We took the covenant of the Children of Israel and sent Messengers to them. Whenever there came to them a Messenger with what they themselves desired not, — a group of them they called liars, and others among them they killed.

یقیناً ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا تھا اور ہم نے ان کی طرف کئی رسول بھیجے۔ جب ان کے پاس کوئی رسول ایسی چیز لے کر آیا جسے ان کے نفس پسند نہیں کرتے تھے تو بعض نبیوں کو انھوں نے جھٹلایا اور بعض کو وہ قتل ہی کر دیتے تھے ﴿۷۰﴾

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾

71. They thought there will be no *Fitnah* (trial or punishment), so they became blind and deaf; after that Allāh turned to them (with forgiveness); yet again many of them became blind and deaf. And Allāh is All-Seer of what they do.

اور ان لوگوں کا خیال تھا کہ (ان کی) کوئی آزمائش نہ ہوگی، چنانچہ وہ اندھے اور بہرے ہو گئے، پھر اللہ ان پر مہربان ہوا، مگر ان میں سے زیادہ تر لوگ پھر اندھے اور بہرے ہو گئے، اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿۷۱﴾

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾

72. Surely, they have disbelieved who say: "Allāh is the Messiah ['Īsā (Jesus)], son of Maryam (Mary)." But the Messiah ['Īsā (Jesus)] said: "O Children of Israel! Worship Allāh, my Lord and your Lord." Verily, whosoever sets up partners (in worship) with Allāh, then Allāh has forbidden Paradise to him, and the Fire will be his abode.[2] And for the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) there are no helpers.

یقیناً کفر کیا ان لوگوں نے جنھوں نے کہا: بے شک اللہ تو وہی مسیح ابن مریم ہے۔ اور مسیح نے کہا: اے بنی اسرائیل! تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمھارا رب ہے، بے شک جو اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے، اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ① ﴿۷۲﴾

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾

73. Surely, disbelievers are those who said: "Allāh is the third of the three (in a Trinity)." But there is no *Ilāh* (god) (none who has the right to be worshipped) but One *Ilāh* (God — Allāh). And if they cease not from what they say, verily, a painful torment will befall on the disbelievers among them.

یقیناً کافر ہوئے وہ لوگ جنھوں نے کہا: بے شک اللہ تین میں سے تیسرا ہے۔ اور کوئی معبود نہیں سوائے ایک معبود کے۔ اور وہ جو کچھ کہتے ہیں اگر اس سے باز نہ آئے تو ان میں سے جن لوگوں نے کفر کیا، انھیں ضرور دردناک عذاب ملے گا ﴿۷۳﴾

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ

74. Will they not turn with

پھر کیا وہ اللہ کے سامنے توبہ نہیں کرتے اور اس سے

[1] (V.5:69) This Verse (V.5:69) and (Verse 2:62) should not be misinterpreted by the reader as mentioned by Ibn 'Abbās (*Tafsir At-Tabarī*, Vol. I) that the provision of this Verse was abrogated by the (V.3:85). And after the coming of Prophet Muhammad ﷺ, no other religion except Islām will be accepted from anyone.

[2] (V.5:72): See the footnote of the (V.2:165).

① ملاحظہ کیجیے حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:165)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

repentance to Allāh and ask His forgiveness? For Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.[1]

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿74﴾

بخشش نہیں مانگتے؟ اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿74﴾

75. The Messiah ['Īsā (Jesus)], son of Maryam (Mary), was no more than a Messenger; many were the Messengers that passed away before him. His mother [Maryam (Mary)] was a *Siddīqah* [i.e. she believed in the Words of Allāh and His Books (see Verse 66:12)]. They both used to eat food (as any other human being, while Allāh does not eat). Look how We make the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) clear to them; yet look how they are deluded away (from the truth).

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿75﴾

مسیح ابن مریم نہیں ہیں مگر ایک رسول ہی۔ بلاشبہ ان سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں، اور ان کی ماں صدیقہ (نہایت راستباز) تھی، وہ دونوں کھانا کھاتے تھے۔ دیکھیں ہم ان کے لیے کیسی کیسی نشانیاں بیان کرتے ہیں، پھر دیکھیں وہ کدھر الٹے پھرے جاتے ہیں! ﴿75﴾

76. Say (O Muhammad ﷺ to mankind): "How do you worship besides Allāh something which has no power either to harm or benefit you? But it is Allāh Who is the All-Hearer, the All-Knower."

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿76﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تمھارے لیے نقصان اور نفع کا کوئی اختیار نہیں رکھتی؟ اور اللہ ہی تو خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿76﴾

77. Say (O Muhammad ﷺ): "O people of the Scripture (Jews and Christians)! Exceed not the limits in your religion (by believing in something) other than the truth, and do not follow the vain desires of people who went astray before and who misled many, and strayed (themselves) from the Right Path."

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿77﴾ ع 15

کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! تم اپنے دین میں ناحق زیادتی نہ کرو، اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو اس سے پہلے گمراہ ہو چکے ہیں، اور انھوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا اور وہ سیدھی راہ سے بہک گئے ﴿77﴾

78. Those among the Children of Israel[2] who disbelieved were

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ

بنی اسرائیل میں سے جو لوگ کافر ہوئے ان پر داود اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی، یہ اس

[1] (V.5:74) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh is more pleased with the repentance of His slave than anyone of you is pleased with finding his camel which he had lost in a desert." [*Sahih Al-Bukhāri*, 8/6309 (O.P.321)]

[2] (V.5:78) The tale of a leper, a bald man and a blind man:
Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه that he heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "Allāh willed to test three Isrāelis who were a leper, a blind man and a bald-headed man. So, He sent them an angel who came to the leper and said, 'What thing do you like most?' He replied, 'Good colour and good skin, for the people have a strong aversion to me.' The angel touched him and his illness was cured, and he was given a good colour and beautiful skin. The angel asked him, 'What kind of property do you like best?' He replied, 'Camels.' So he (i.e., the leper) was given a pregnant she-camel, and the angel said (to him), 'May Allāh bless you in it.' The angel then went to the bald-headed man and said, 'What thing do you like most?' He said, 'I like good hair and wish to be cured of this disease, for the people ▸▸

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿78﴾

وجہ سے ہوا کہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے گزر جاتے تھے ﴿78﴾

cursed by the tongue of Dawūd (David) and 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary). That was because they disobeyed (Allāh and the Messengers) and were ever transgressing beyond bounds.

كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿79﴾

وہ ایک دوسرے کو برے کام سے منع نہیں کرتے تھے کیونکہ انھوں نے وہ خود کیا ہوتا تھا، بہت برا تھا جو وہ کرتے تھے ﴿79﴾

79. They used not to forbid one another from *Al-Munkar* (wrong, evildoing, sins, polytheism, disbelief) which they committed. Vile indeed was what they used to do.

تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿80﴾

آپ ان میں سے بہتوں کو دیکھیں گے کہ وہ ان لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جنھوں نے کفر کیا۔ بہت برا ہے جو ان کے نفسوں نے ان کے لیے آگے بھیجا کہ اللہ ان سے ناراض ہو گیا اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہنے والے ہیں ﴿80﴾

80. You see many of them taking the disbelievers as their *Auliyā'* (protectors and helpers). Evil indeed is that which their ownselves have sent forward before them; for that (reason) Allāh's Wrath fell upon them, and in torment they will abide.

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ

اور اگر ایسا ہوتا کہ وہ اللہ پر اور اس کے نبی پر اور اس پر ایمان لاتے جو اس کی طرف نازل کیا گیا، تو ان

81. And had they believed in Allāh, and in the Prophet

▸▸ feel repulsion for me.' The angel touched him and his illness was cured, and he was given good hair. The angel asked (him), 'What kind of property do you like best?' He replied 'Cows.' The angel gave him a pregnant cow and said, 'May Allāh bless you in it.' The angel went to the blind man and asked, 'What thing do you like best?' He said, '(I like) that Allāh may restore my eyesight to me so that I may see the people.' The angel touched his eyes and Allāh gave him back his eyesight. The angel asked him, 'What kind of property do you like best?' He replied, 'Sheep.' The angel gave him a pregnant sheep. Afterwards, all the three pregnant animals gave birth to young ones, and multiplied and brought forth so much that one of the (three) men had a herd of camels filling a valley, and one had a herd of cows filling a valley, and one had a flock of sheep filling a valley. Then the angel, disguised in the shape and appearance of a leper, went to the leper and said, 'I am a poor man, who has lost all means of livelihood while on a journey. So none will satisfy my need except Allāh and then you. In the Name of Him Who has given you such nice colour and beautiful skin, and so much property, I ask you to give me a camel so that I may reach my destination.' The man replied, 'I have many obligations (so I cannot give you).' The angel said, 'I think I know you. Were you not a leper to whom the people had a strong aversion? Weren't you a poor man, and then Allāh gave you (all this property).' He replied, '(This is all wrong,) I got this property through inheritance from my forefathers.' The angel said, 'If you are telling a lie then let Allāh make you as you were before.' Then the angel, disguised in the shape and appearance of a bald man, went to the bald man and said to him the same as he told the first one, and he too answered the same as the first one did. The angel said, 'If you are telling a lie, then let Allāh make you as you were before.' The angel, disguised in the shape of a blind man, went to the blind man and said, 'I am a poor man and a traveller, whose means of livelihood have been exhausted while on a journey. I have nobody to help me except Allāh, and after Him, you yourself. I ask you in the Name of Him Who has given you back your eyesight to give me a sheep, so that with its help, I may complete my journey.' The man said, 'No douht, I was blind and Allāh gave me back my eyesight; I was poor and Allāh made me rich; so take anything you wish from my property. By Allāh, I will not stop you for taking anything (you need) of my property which you may take for Allāh's sake.' The angel replied, 'Keep your property with you. You (i.e., three men) have been tested and Allāh is pleased with you and is angry with your two companions.'" [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3464 (O.P.670)].

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 74.

① اللہ تعالیٰ توبہ واستغفار سے کتنا خوش ہوتا ہے اس کا اندازہ ایک حدیث سے کیا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ پر اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے کہ جس کا اُونٹ بیابان میں گم ہو جانے کے بعد (اچانک) اسے مل جائے۔" (صحیح البخاری، الدعوات، باب: 4 حدیث: 6309)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(Muhammad ﷺ) and in what has been revealed to him, never would they have taken them (the disbelievers) as *Auliyā'* (protectors and helpers); but many of them are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

(کافروں) کو دوست نہ بناتے، لیکن ان میں سے زیادہ تر لوگ نافرمان ہیں ﴿81﴾

كَثِيرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿81﴾

82. Verily, you will find the strongest among men in enmity to the believers (Muslims) the Jews and those who are *Al-Mushrikūn*,[1] and you will find the nearest in love to the believers (Muslims) those who say: "We are Christians." That is because amongst them are priests and monks, and they are not proud.

(اے نبی!) یقیناً آپ لوگوں میں اہل ایمان سے عداوت رکھنے میں سخت ترین یہودیوں اور مشرکوں① کو پائیں گے، اور اہل ایمان سے دوستی رکھنے میں ضرور قریب ترین ان لوگوں کو پائیں گے جنھوں نے کہا: بے شک ہم نصاریٰ ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ بے شک ان میں کچھ عالم ہیں، کچھ دنیا سے الگ تھلگ رہنے والے ہیں اور یہ کہ وہ غرور نہیں کرتے ﴿82﴾

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿82﴾

[1] (V.5:82) *Al-Mushrikūn*: idolaters, polytheists, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh.

① [اَلْمُشْرِكُوْن] سے مراد، متعدد معبودوں کے ماننے والے، بت پرست، مظاہر پرست اور اللہ کی وحدانیت اور اس کے رسول محمد ﷺ کی رسالت پر ایمان نہ رکھنے والے ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَإِذَا سَمِعُوا مَآ أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى أَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨٣﴾

اور جب وہ رسول پر نازل کیا گیا کلام سنتے ہیں تو آپ دیکھتے ہیں کہ ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بہ رہی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے حق کو پہچان لیا ہے۔ وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے، لہٰذا تو ہمارے نام (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے ﴿٨٣﴾

83. And when they (who call themselves Christians) listen to what has been sent down to the Messenger (Muhammad ﷺ), you see their eyes overflowing with tears because of the truth they have recognised. They say: "Our Lord! We believe; so write us down among the witnesses.

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ أَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٤﴾

اور ہمارے پاس کیا عذر ہے کہ ہم اللہ پر اور جو حق ہم تک پہنچا ہے اس پر ایمان نہ لائیں؟ اور ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں نیک لوگوں کے گروہ میں داخل کرے گا ﴿٨٤﴾

84. "And why should we not believe in Allāh and in that which has come to us of the truth (Islāmic Monotheism)? And we wish that our Lord will admit us (into Paradise on the Day of Resurrection) along with the righteous people (Prophet Muhammad ﷺ and his Companions رضي الله عنهم)."

فَأَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٥﴾

چنانچہ انھوں نے جو کہا اس کے عوض اللہ انھیں ایسے باغ دے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ نیکی کرنے والوں کی جزا ہے ﴿٨٥﴾

85. So because of what they said, Allāh rewarded them Gardens under which rivers flow (in Paradise), they will abide therein forever. Such is the reward of *Al-Muhsinūn* (the good-doers. See the footnote of V.9:120).

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿٨٦﴾ ع ١١

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہی دوزخی ہیں ﴿٨٦﴾

86. But those who disbelieved and denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), they shall be the dwellers of the (Hell) Fire.

يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! وہ پاکیزہ چیزیں حرام مت ٹھہراؤ جو اللہ نے تمھارے لیے حلال کی ہیں اور تم حد سے نہ گزرو، بے شک اللہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٨٧﴾

87. O you who believe! Make not unlawful the *Tayyibāt* (all that is good as regards foods, things, deeds, beliefs, persons) which Allāh has made lawful to you, and transgress not. Verily, Allāh does not like the transgressors.

وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ أَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾

اور اللہ نے تمھیں جو حلال پاکیزہ رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ، اور اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو ﴿٨٨﴾

88. And eat of the things which Allāh has provided for you, lawful and good, and fear Allāh in Whom you believe.

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ أَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْأَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ إِطْعَامُ عَشَرَةِ

اللہ تمھاری بلا ارادہ قسموں پر تمھیں نہیں پکڑے گا لیکن ان قسموں پر ضرور پکڑے گا جو تم نے مضبوط باندھ لیں،[1] چنانچہ اس کا کفارہ دس مسکینوں کو

89. Allāh will not punish you for what is unintentional in your oaths, but He will punish you for your deliberate oaths; for its

[1] اس لیے قسم پوری طرح سوچ سمجھ کر اُٹھانی چاہیے اور قسم اُٹھانے کے بعد اس میں نقصان کا پہلو واضح ہو تو قسم توڑ کر کفارہ ادا کر دیا جائے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "ہم (اُمت محمد) اس

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿89﴾

درمیانے درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو یا انھیں کپڑے پہنانا ہے یا ایک گردن (غلام) آزاد کرانا ہے، پھر جو اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسے تین دن کے روزے رکھنا ہے۔ یہ تمھاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھا (کر توڑ) بیٹھو۔ اور تم اپنی قسموں کی حفاظت کرو، اللہ اسی طرح تمھارے لیے اپنی آیتیں بیان کرتا ہے تاکہ تم شکر کرو ﴿89﴾

your deliberate oaths; for its expiation (a deliberate oath) feed ten *Masākīn* (needy persons), on a scale of the average of that with which you feed your own families, or clothe them or manumit a slave. But whosoever cannot afford (that), then he should fast for three days. That is the expiation for the oaths when you have sworn.[1] And protect your oaths (i.e. do not swear much).[2] Thus Allāh makes clear to you His *Ayāt* (evidences, proofs, verses, lessons, signs, revelations, etc.) that you may be grateful.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿90﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! بے شک شراب اور جوا، آستانے① اور فال نکالنے کے تیر، سب گندے کام ہیں اور شیطان کے عمل سے ہیں، پس تم ان سے بچو،② تاکہ تم فلاح پاؤ ﴿90﴾

① اس سے عذاب قبر پر استدلال کیا گیا ہے جو برحق ہے۔ اسی طرح سورۂ مؤمن کی آیات 46,45 سے بھی اس کا اثبات کیا گیا ہے جس میں آل فرعون کے عذاب کا ذکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اور آل فرعون کو بدترین عذاب (دوزخ کی آگ) نے گھیر لیا جس کے سامنے وہ صبح وشام لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (تو حکم ہوگا:) آل فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کردو۔'' یہ آیت عذاب قبر میں بالکل واضح ہے۔ علاوہ ازیں احادیث میں اس کی پوری صراحت موجود ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب مومن کو (تدفین کے بعد) قبر میں بٹھایا جاتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ آتا ہے پھر وہ گواہی دیتا ہے: [لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ] ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔'' اور قرآن کریم کی اس آیت: ''اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں کو قول ثابت (پکی بات) کے ذریعے سے دنیا و آخرت میں ثابت قدمی عطا کرتا ہے۔'' (ابراہیم: 27/14) کا یہی مطلب ہے۔ (صحیح البخاری، الجنائز، باب: 86 حدیث: 1369) حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''لوگ مردے کو قبر میں دفن کر کے جب واپس آتے ہیں تو وہ ان کے قدموں کی چاپ سنتا ہے پھر دو فرشتے آتے ہیں اور اُس مردے کو بٹھا کر اس سے پوچھتے ہیں: اس شخص محمد ﷺ کے بارے میں تم دنیا میں کیا کہتے تھے؟ وہ جواب دے گا: میں شہادت دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پھر اسے کہا جائے گا: ذرا جہنم میں اپنی وہ جگہ تو دیکھو جسے بدل کر اللہ نے تمہارا ٹھکانا جنت میں بنا دیا ہے۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ (مرنے والا) دونوں جگہیں دیکھے گا، لیکن جو کافر اور منافق ہوگا وہ فرشتوں سے کہے گا: میں اس شخص کے بارے میں کچھ نہیں جانتا، بس لوگ جو کہتے تھے وہی میں نے کہہ دیا۔ اُسے جواب دیا جائے گا: نہ تمھیں پتہ تھا اور نہ تم نے (قرآن سے) ہدایت ہی لی۔ پھر اُسے چہرے پر اتنی زور سے آہنی ہتھوڑے سے ضرب لگائی جائے گی کہ وہ چیخ اُٹھے گا، جسے انسانوں اور جنوں کے سوا قرب و جوار کے باقی سب مخلوق سنیں گے۔'' (صحیح البخاری، الجنائز، باب: 67 حدیث: 1338)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿94﴾ ع 11 16 17

جو کچھ عطا کیا تھا وہ تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے ہو، اور اب ہمیں تمھارے ساتھ تمھارے وہ سفارشی نظر نہیں آتے جن کے بارے میں تم دعوی کرتے تھے کہ بے شک وہ (تمھاری بندگی میں) اللہ کے شریک ہیں۔ ان سے تمھارا تعلق یقیناً ٹوٹ گیا ہے اور وہ تم سے کھو گئے ہیں جنھیں تم (اپنے معبود) خیال کرتے تھے ﴿94﴾

We created you the first time. You have left behind you all that which We had bestowed on you. We see not with you your intercessors whom you claimed to be partners with Allāh. Now all relations between you and them have been cut off, and all that you used to claim has vanished from you.

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿95﴾

بے شک اللہ ہی دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والا ہے، وہ زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔ یہ ہے اللہ، چنانچہ تم کہاں بہکائے جاتے ہو! ﴿95﴾

95. Verily, it is Allāh Who causes the seed grain and the fruit stone (like date stone) to split and sprout. He brings forth the living from the dead, and it is He Who brings forth the dead from the living. Such is Allāh, then how are you deluded away from the truth?

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿96﴾

وہ صبح کی سپیدی نکالتا ہے، اور اس نے رات کو سکون کا باعث بنایا، اور سورج اور چاند کو وقت کے حساب کا ذریعہ (بنایا)، یہ سب بہت زبردست، خوب علم رکھنے والے کا اندازہ ہے ﴿96﴾

96. (He is the) Cleaver of the daybreak. He has appointed the night for resting, and the sun and the moon for reckoning. Such is the measuring of the All-Mighty, the All-Knowing.

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿97﴾

اور وہی ہے جس نے تمھارے لیے ستارے بنائے① تاکہ تم ان کے ذریعے سے خشکی اور تری کے اندھیروں میں راہ پاؤ، تحقیق ہم نے اپنی آیتیں ان لوگوں کے لیے کھول کر بیان کر دی ہیں جو علم رکھتے ہیں ﴿97﴾

97. It is He Who has set the stars[1] for you, so that you may guide your course with their help through the darkness of the land and the sea. We have (indeed) explained in detail Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) for a people who know.

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿98﴾

اور وہی ہے جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا، پس ہر ایک کے لیے قرار پکڑنے کی ایک جگہ ہے اور ایک اس کے سونپے جانے کی جگہ، تحقیق ہم نے اپنی آیتیں ان لوگوں کے لیے کھول کر بیان کر دی ہیں

98. It is He Who has created you from a single person (Adam), and has given you a place of residing (on the earth or in your mother's wombs) and a place of

[1] (V.6:97) (About the) Stars. Abu Qatādah mentioned Allāh's Statement: "And indeed We have adorned the nearest heaven with lamps," (V.67:5) and said, "The creation of these stars is for three purposes, i.e. as decoration of the (nearest) heaven, as missiles to hit the devils, and as signs to guide travellers. So, if anybody tries to find a different interpretation, he is mistaken and just wastes his efforts, and troubles himself with what is beyond his limited knowledge." (*Sahih Al-Bukhāri*, The Book of the Beginning of Creation, Chap.3)

① ستاروں کی پیدائش کے متعلق قتادہ رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے: "اور ہم نے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا ہے۔" (سورۂ ملک: 5/67) تابعی جلیل حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "ان ستاروں کی پیدائش کے تین مقاصد ہیں: ① آسمان دنیا کی تزئین و آرائش ② بطور میزائل کہ ان سے شیاطین کو مار بھگایا جائے ③ بطور علامات کہ مسافران سے اپنی منزل معلوم کر سکیں، چنانچہ جو کوئی بھی اس کے علاوہ اس آیت کی کوئی اور تعبیر و تشریح کی تلاش کے لیے کوشش کرتا ہے تو وہ غلطی پر ہے اور اپنی کاوشوں کا ضیاع کرتا ہے اور ایسی اشیا کی جستجو میں اپنے آپ کو مشکل میں ڈالتا ہے جو اس کے محدود علم سے باہر ہیں۔" (صحیح البخاری، بدء الخلق، باب: 3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جو سمجھ رکھتے ہیں ﴿98﴾

storage [in the earth (in your graves) or in your father's loins]. Indeed, We have explained in detail Our Revelations (this Qur'ān) for a people who understand.

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿99﴾

اور وہی ہے جس نے آسمان سے پانی نازل کیا، پس ہم نے اس کے ذریعے سے ہر قسم کی نباتات پیدا کیں، پھر ہم نے ہری بھری کھیتیاں اگائیں جن سے ہم ایک دوسرے سے جڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں، اور کھجور کے شگوفے سے پھل کے گچھے پیدا کیے جو بوجھ سے جھکے جاتے ہیں، اور انگور، زیتون اور انار کے باغ لگائے جن کے پھل ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، (مگر ہر ایک کی خصوصیات جدا جدا ہیں۔) یہ درخت جب پھل دینے لگتے ہیں تو ان کے پھل دینے اور ان کے پکنے کی حالت کو دیکھ کر غور کرو، بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں ﴿99﴾

99. It is He Who sends down water (rain) from the sky, and with it We bring forth vegetation of all kinds, and out of it We bring forth green stalks, from which We bring forth thick clustered grain. And out of the date palm and its spathe come forth clusters of dates hanging low and near, and gardens of grapes, olives and pomegranates, each similar (in kind) yet different (in variety and taste). Look at their fruits when they begin to bear, and the ripeness thereof. Verily, in these things there are signs for a people who believe.

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿100﴾ ع 12 18

اور (اس پر بھی) لوگوں نے جنوں کو اللہ کا شریک ٹھہرا دیا، حالانکہ اسی نے تو انھیں پیدا کیا ہے، اور انھوں نے بغیر کسی علم کے اللہ کے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ لیے، وہ پاک ہے اور ان باتوں سے بلند ہے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿100﴾

100. Yet, they join the jinn as partners in worship with Allāh, though He has created them (the jinn); and they attribute falsely without knowledge sons and daughters to Him. Glorified is He and Exalted above all that (evil) they attribute to Him.

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿101﴾

وہی آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اس کی اولاد کیسے ہو سکتی ہے جبکہ اس کی کوئی بیوی نہیں؟[1] اور اسی نے ہر چیز کو پیدا کیا، اور وہی ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ﴿101﴾

101. He is the Originator of the heavens and the earth. How can He have children when He has no wife? He created all things and He is the All-Knower of everything.[1]

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿102﴾

یہ ہے اللہ، تمھارا رب، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے، چنانچہ تم اسی کی عبادت کرو، اور وہ ہر چیز پر نگران ہے ﴿102﴾

102. Such is Allāh, your Lord! *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He), the Creator of all things. So

---

[1] (V.6:101) See the footnote of (V.2:116)

① اس کے باوجود لوگوں نے اللہ کی اولادیں ٹھہرا رکھی ہیں جیسے (یہود و نصاریٰ) کہتے ہیں: "اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے (کہ اللہ اولاد رکھتا ہے) حالانکہ وہ ان باتوں سے پاک ہے....." (البقرۃ:2/116) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "ابن آدم مجھے جھٹلاتا ہے حالانکہ اسے یہ حق نہیں پہنچتا اور وہ مجھے گالی دیتا ہے حالانکہ اسے یہ حق بھی نہیں پہنچتا۔ ابن آدم کا مجھے جھٹلانا یہ ہے کہ وہ دعویٰ کرتا ہے: میں اسے دوبارہ زندہ (پیدا) کرنے پر قادر نہیں ہوں جیسا کہ میں نے اسے اس سے پہلے پیدا کیا تھا اور اس کا مجھے گالی دینا یہ ہے: وہ کہتا ہے کہ میری اولاد ہے حالانکہ میں ان باتوں سے پاک ہوں کہ میری کوئی بیوی یا اولاد ہو۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 8 حدیث: 4482)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

worship Him (Alone), and He is the *Wakīl* (Trustee, Disposer of affairs or Guardian) over all things.

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿103﴾

اس (کی حقیقت) کو نگاہیں نہیں پاسکتیں، اور وہ نگاہوں کو پالیتا ہے، اور وہ نہایت باریک بین، بہت باخبر ہے ﴿103﴾

103. No vision can grasp Him, but He grasps all vision. He is *Al-Latīf* (the Most Subtle and Courteous), the Well-Acquainted (with all things).

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿104﴾

تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے واضح دلیلیں آچکی ہیں، چنانچہ جس نے بصیرت سے کام لیا تو اس کے اپنے فائدے کے لیے ہے، اور جو اندھا بنا رہا اس کا (وبال) اسی پر ہے۔ اور (کہہ دیجیے) میں تم پر محافظ نہیں ہوں ﴿104﴾

104. Verily, proofs have come to you from your Lord, so whosoever sees, will do so for (the good of) his ownself, and whosoever blinds himself, will do so to his own harm, and I (Muhammad ﷺ) am not a watcher over you.

وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿105﴾

اور ہم آیات کو اسی طرح پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ (کافر) یہ کہیں کہ تو نے (کسی سے) پڑھ لیا ہے اور جو لوگ علم رکھتے ہیں، ان پر ہم اس (حقیقت) کو واضح کر دیں ﴿105﴾

105. Thus We explain variously the Verses so that they (the disbelievers) may say: "You have studied (the Books of the people of the Scripture and brought this Qur'ān from that)" and that We may make the matter clear for a people who have knowledge.

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿106﴾

(اے نبی!) آپ اس وحی کی پیروی کریں جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے (نازل) کی جاتی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور مشرکین① کی طرف دھیان نہ دیں ﴿106﴾

106. Follow what has been revealed to you (O Muhammad ﷺ) from your Lord, *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He) and turn aside from *Al-Mushrikūn*.[1]

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿107﴾

اور اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے، اور ہم نے آپ کو ان پر محافظ نہیں بنایا، اور آپ ان کے ذمے دار نہیں ﴿107﴾

107. Had Allāh willed, they would not have taken others besides Him in worship. And We have not made you a watcher over them nor are you a *Wakīl* (disposer of affairs, guardian or trustee) over them.

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿108﴾

اور مشرکین اللہ کو چھوڑ کر جنھیں پکارتے ہیں، تم انھیں گالی مت دو، پھر وہ بھی جہالت میں، حد سے گزرتے ہوئے اللہ کو گالی دیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر امت کے لیے ان کے عمل میں کشش پیدا

108. And insult not those whom they (disbelievers) worship besides Allāh, lest they insult Allāh wrongfully without knowledge. Thus We have made fair-seeming to each people its

[1] (V.6:106). *Al-Mushrikūn*: polytheists, pagans, idolaters and disbelievers in the Oneness of Allāh and His Messenger Muhammad ﷺ.

① [اَلْمُشْرِكِيْن] متعدد معبودوں کے ماننے والے، بت پرست اور مظاہر پرست۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

own doings; then to their Lord is their return and He shall then inform them of all that they used to do.[1]

کردی ہے، پھر انھیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر وہ انھیں بتائے گا کہ وہ کیا کچھ کرتے رہتے تھے ﴿108﴾

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿109﴾

109. And they swear their strongest oaths by Allāh, that if there came to them a sign, they would surely believe therein. Say: "Signs are but with Allāh and what would make you (Muslims) perceive that (even) if it (the sign) came, they would not believe?"

اور انھوں نے اللہ کے نام کی پختہ قسمیں کھائیں کہ اگر ان کے پاس (مخصوص) نشانی آجائے تو وہ اس پر ضرور ایمان لے آئیں گے، (اے نبی!) کہہ دیجیے: نشانیاں تو صرف اللہ کے پاس ہیں، اور تمھیں یہ بات کون سمجھائے کہ بے شک جب وہ نشانی آجائے گی تو بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿109﴾

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿110﴾ ع

110. And We shall turn their hearts and their eyes away (from guidance), as they refused to believe therein for the first time, and We shall leave them in their trespass to wander blindly.

اور ہم (اسی طرح) ان کے دلوں اور نگاہوں کو پھیر دیتے ہیں جس طرح یہ پہلی بار اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائے تھے اور ہم انھیں ان کی سرکشی میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیں گے ﴿110﴾

[1] (V.6:108) The Tale of the Cave:

Narrated Ibn 'Umār رضي الله عنهما: Allāh's Messenger ﷺ said, "Once three persons (from the previous nations) were travelling, and suddenly it started raining and they took shelter in a cave. The entrance of the cave got closed (suddenly by the falling of a huge rock) while they were inside. They said to each other, 'O You! Nothing can save you except the truth, so each of you should ask Allāh's Help by referring to such a deed as he thinks he did sincerely (i.e., just for gaining Allāh's Pleasure).' So one of them said, 'O Allāh! You know that I had a labourer who worked for me for one *Faraq* (i.e. three *Sa'*) of rice, but he departed, leaving it (i.e. his wages). I sowed that *Faraq* of rice and with its yield I bought cows (for him). Later on when he came to me asking for his wages, I said (to him): Go to those cows and drive them away. He said to me: But you have to pay me only a *Faraq* of rice. I said to him: Go to those cows and take them, for they are the product of that *Faraq* (of rice). So he drove them. O Allāh! If you consider that I did that for fear of You, then please remove the rock.' The rock shifted a bit from the mouth of the cave. The second one said, 'O Allāh, You know that I had old parents whom I used to provide with the milk of my sheep every night. One night I was delayed and when I came, they had slept, while my wife and children were crying with hunger. I used not to let them (i.e. my family) drink unless my parents had drunk first. So I disliked to wake them up and also disliked that they should sleep without drinking it, I kept on waiting (for them to wake) till it dawned. O Allāh! If You consider that I did that for fear of You, then please remove the rock.' So the rock shifted and they could see the sky through it. The (third) one said, 'O Allāh! You know that I had a cousin (i.e. my paternal uncle's daughter) who was most beloved to me and I sought to seduce her, but she refused, unless I paid her one hundred Dinārs (i.e. gold pieces). So I collected the amount and brought it to her, and she allowed me to sleep with her. But when I sat between her legs, she said: Be afraid of Allāh, and do not deflower me but legally. I got up and left the hundred Dinārs (for her). O Allāh! If You consider that I did that for fear of You then please remove the rock.' So Allāh released them (removed the rock) and they came out (of the cave)." [This *Hadith* indicates that one can only ask Allāh for help directly or through his performed good deeds. But to ask Allāh through dead or absent (prophets, saints, spirits, holy men, angels) is absolutely forbidden in Islām and it is a kind of polytheism].

[*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3465 (O.P.671)]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾

اور اگر بے شک ہم ان کی طرف فرشتے نازل کرتے اور ان سے مردے کلام کرتے، اور ہم (ان کی) ہر (مطلوبہ) شے ان کے سامنے پیش کر دیتے، تو بھی وہ ایمان نہ لاتے۔ ہاں اگر اللہ ایسا چاہتا (تو اور بات تھی) لیکن ان میں سے اکثر جہالت میں ڈوبے ہوئے ہیں ﴿١١١﴾

111. And even if We had sent down to them angels, and the dead had spoken to them, and We had gathered together all things before their very eyes, they would not have believed, unless Allāh willed, but most of them behave ignorantly.

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾

اور اسی طرح ہم نے انسانوں اور جنوں میں سے شیاطین، ہر نبی کے دشمن بنائے، ان میں سے ہر ایک دوسرے کے کان میں چکنی چپڑی باتیں ڈالتا رہتا ہے تاکہ اسے دھوکے میں رکھے۔ اور (اے نبی!) اگر آپ کا رب چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے۔ چنانچہ آپ ان لوگوں کو، اور جو کچھ یہ جھوٹ گھڑ رہے ہیں، اس کو رہنے دیجیے ﴿١١٢﴾

112. And so We have appointed for every Prophet enemies — *Shayātīn* (devils) among mankind and jinn, inspiring one another with adorned speech as a delusion (or by way of deception). If your Lord had so willed, they would not have done it; so leave them alone with their fabrications. (*Tafsir Qurtubi*)

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾

اور تاکہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل اس جھوٹ کی طرف مائل ہو جائیں، اور وہ اس (جھوٹ) کو پسند کرتے رہیں، اور وہ جو (برے کام) کر رہے ہیں وہ کرتے رہیں ﴿١١٣﴾

113. (And this is in order) that the hearts of those who disbelieve in the Hereafter may incline to such (deceit), and that they may remain pleased with it, and that they may commit what they are committing (all kinds of sins and evil deeds).

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١١٤﴾

(کہہ دیجیے:) کیا پھر میں اللہ کے سوا کوئی اور حاکم تلاش کروں؟ حالانکہ وہی ہے جس نے تمہاری طرف یہ کتاب تفصیل سے نازل کی، اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کی گئی ہے، لہٰذا آپ ہرگز شک کرنے والوں میں (شامل) نہ ہوں ﴿١١٤﴾

114. [Say (O Muhammad ﷺ):] "Shall I seek a judge other than Allāh while it is He Who has sent down to you the Book (the Qur'ān), explained in detail." Those to whom We gave the Scripture [the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] know that it is revealed from your Lord in truth. So be not you of those who doubt.

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١١٥﴾

اور آپ کے رب کی بات صدق اور عدل میں مکمل ہے، اس کی باتوں کو تبدیل کرنے والا کوئی نہیں، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿١١٥﴾

115. And the Word of your Lord has been fulfilled in truth and in justice. None can change His Words. And He is the All-Hearer, the All-Knower.

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿١١٦﴾

اور اگر آپ اہلِ زمین کی اکثریت کی اطاعت کریں تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بہکا دیں گے، وہ اپنے گمان کے سوا کسی بات کی پیروی نہیں کرتے، اور وہ اٹکل پچو باتیں ہی کرتے ہیں ﴿١١٦﴾

116. And if you obey most of those on the earth, they will mislead you far away from Allāh's path. They follow nothing but conjectures, and they do nothing but lie.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَنْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١١٧﴾

117. Verily, your Lord! It is He Who knows best who strays from His way, and He knows best the rightly guided.

بے شک آپ کا رب اس شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بہکتا ہے، اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے ﴿١١٧﴾

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾

118. So eat of that (meat) on which Allāh's Name has been pronounced (while slaughtering the animal), if you are believers in His *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.).

چنانچہ تم اس (جانور) کا گوشت کھاؤ جس پر اللہ کا نام پڑھا گیا ہو، اگر تم اس کی آیات پر ایمان لانے والے ہو ﴿١١٨﴾

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ وَإِنَّ كَثِيرًا لَيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ ﴿١١٩﴾

119. And why should you not eat of that (meat) on which Allāh's Name has been pronounced (at the time of slaughtering the animal), while He has explained to you in detail what is forbidden to you, except under compulsion of necessity? And surely, many do lead (mankind) astray by their own desires through lack of knowledge. Certainly your Lord knows best the transgressors.

اور تمھیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اس (حلال جانور) کا گوشت نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام پڑھا گیا ہو؟ حالانکہ اللہ نے ان (سب جانوروں) کے بارے میں تفصیل سے بتادیا ہے جو اس نے تم پر حرام کیے ہیں، مگر جسے تم کھانے پر مجبور ہوجاؤ (تو وہ بھی حلال ہیں) اور بے شک اکثر لوگ اپنی خواہشات سے، بغیر علم کے دوسروں کو بہکاتے ہیں۔ بے شک آپ کا رب حد سے گزرنے والوں کو خوب جانتا ہے ﴿١١٩﴾

وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ﴿١٢٠﴾

120. Leave (O mankind, all kinds of) sin, open and secret. Verily, those who commit sin will get due recompense for that which they used to commit.

اور تم کھلے اور چھپے گناہ چھوڑ دو، بے شک جو لوگ گناہ کرتے ہیں ان کو ان (عملوں) کی جلد سزا ملے گی جو وہ کرتے رہے ہیں ﴿١٢٠﴾

وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ﴿١٢١﴾

121. Eat not (O believers) of that (meat) on which Allāh's Name has not been pronounced (at the time of the slaughtering of the animal), for sure it is *Fisq* (a sin and disobedience of Allāh). And certainly, the *Shayātīn* (devils) do inspire their friends (from mankind) to dispute with you, and if you obey them[1] [by making *Al-Maitah* (a dead

اور تم اس (جانور) کا گوشت مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ پڑھا گیا ہو، کیونکہ یہ (کھانا) یقیناً نافرمانی ہے، اور بے شک شیطان اپنے دوستوں کے ذہنوں میں شبہے ڈالتے ہیں، تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں، اور اگر تم نے ان کی اطاعت کی تو بلاشبہ تم بھی ضرور مشرک① ہوگے ﴿١٢١﴾

[1] (V.6:121) Narrated by Ahmad, At-Tirmidhi, and Ibn Jarīr: Once while Allāh's Messenger ﷺ was reciting the Verse (9:31) 'Adī bin Hātim said, "O Allāh's Messenger! They do not worship them (i.e., rabbis and monks)." Allāh's Messenger ﷺ said: "They certainly do. They (i.e., rabbis and monks) made lawful things as unlawful, and unlawful things as lawful, and they (i.e. Jews and Christians) followed them; and by doing so, they really worshipped them." (*Tafsir At-Tabari*, Vol.10)

① اس سے مراد وہ اندھی اطاعت ہے جس میں مبتلا ہونے کے بعد انسان حق اور دلائل کو نہیں دیکھتا بلکہ صرف اپنے بڑوں کو اور انھی کی باتوں کو حرف آخر سمجھتا ہے غیر اللہ کی یہی اطاعت شرک ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور ان کے گلے میں سونے کی صلیب تھی۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: "اے عدی! اس بت کو پھینک دو، اور میں نے آپ کو سورۂ براءت کی یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا (جس میں ہے:) "(یہود و نصاریٰ نے) اپنے احبار و رہبان کو اللہ کے سوا اپنا رب بنالیا۔" (التوبہ: 31/9) آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ یقیناً ان کی عبادت نہیں کرتے تھے لیکن ان کے علماء جس چیز کو حلال قرار دیتے یہ ان کو حلال سمجھتے اور جس چیز کو حرام کہہ دیتے اسے حرام سمجھتے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

animal) legal by eating it], then you would indeed be *Mushrikūn* (polytheists); [because they (devils and their friends) made lawful to you to eat that which Allāh has made unlawful to eat and you obeyed them by considering it lawful to eat, and by doing so you worshipped them; and to worship others besides Allāh is polytheism].

اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

کیا ایک ایسا شخص جو مردہ تھا، پھر ہم نے اسے زندہ کیا، اور ہم نے اس کے لیے نور بنا دیا، وہ اس کی روشنی میں لوگوں میں چلتا ہے، (کیا) وہ اس شخص جیسا (ہوسکتا) ہے جس کا حال یہ ہے کہ وہ اندھیروں میں پڑا ہے، ان سے نکلنے والا نہیں؟ اسی طرح کافروں کے لیے ان کاموں میں کشش رکھی گئی ہے جو وہ کرتے ہیں ﴿۱۲۲﴾

122. Is he who was dead (without Faith by ignorance and disbelief) and We gave him life (by knowledge and Faith) and set for him a light (of Belief) whereby he can walk amongst men — like him who is in the darkness (of disbelief, polytheism and hypocrisy) from which he can never come out? Thus it is made fair-seeming to the disbelievers that which they used to do.

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس کے بڑے بڑے مجرموں کو لگا دیا کہ وہ اس (بستی) میں اپنے مکر و فریب کا جال پھیلائیں، اور وہ اپنے آپ ہی سے مکر و فریب کرتے ہیں، اور وہ شعور نہیں رکھتے ﴿۱۲۳﴾

123. And thus We have set up in every town great ones of its wicked people to plot therein. But they plot not except against their ownselves, and they perceive (it) not.

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

وقف لازم

اور جب ان کے پاس نشانی آتی ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے، جتی کہ ایسی ہی چیز خود ہمیں دی جائے جیسی رسولوں کو دی گئی۔ اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے کہ اپنی رسالت کا کام کس کو سونپے۔ جن لوگوں نے جرم کیے انھیں جلد ہی اللہ کے ہاں ذلت ملے گی، اور اس مکر و فریب کی وجہ سے شدید عذاب ہوگا جو وہ کرتے رہے ﴿۱۲۴﴾

124. And when there comes to them a sign (from Allāh) they say: "We shall not believe until we receive the like of that which the Messengers of Allāh had received." Allāh knows best with whom to place His Message. Humiliation and disgrace from Allāh and a severe torment will overtake the criminals (polytheists and sinners) for that which they used to plot.

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ

چنانچہ اللہ جسے ہدایت دینا چاہتا ہے تو اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے[1] اور جسے گمراہ کرنا چاہتا

125. And whomsoever Allāh wills to guide, He opens his breast to Islām; and whomsoever He wills

★ بقیہ حاشیہ: انعام، آیت: 121.

تھے۔" (تفسیر الطبری: 10/147 وجامع الترمذی، التفسیر، باب: 10 حدیث: 3095) یعنی علماء کی اندھی پیروی اور عقیدت کو نبی ﷺ نے اپنے دینی پیشواؤں کی عبادت قرار دیا۔ [فَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ هٰذَا]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿125﴾

ہے تو اس کا سینہ بہت تنگ کر دیتا ہے جیسے وہ آسمان میں چڑھ رہا ہو، اسی طرح اللہ ان لوگوں پر پلیدی (مسلط) کر دیتا ہے جو ایمان نہیں لاتے ﴿125﴾ ★

to send astray, He makes his breast closed and constricted, as if he is climbing up to the sky. Thus Allāh puts the wrath on those who believe not.[1]

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿126﴾

اور یہ آپ کے رب کا سیدھا راستہ ہے، ہم نے ان لوگوں کے لیے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں جو نصیحت حاصل کرتے ہیں ﴿126﴾

126. And this is the path of your Lord (the Qur'ān and Islām) leading straight. We have detailed Our Revelations for a people who take heed.

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿127﴾

انھی کے لیے ان کے رب کے ہاں سلامتی کا گھر ہے، اور وہ ان کاموں کی وجہ سے ان کا دوست ہے جو وہ کرتے رہے ﴿127﴾

127. For them will be the home of peace (Paradise) with their Lord. And He will be their *Walī* (Helper and Protector) because of what they used to do.

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿128﴾

اور جس دن وہ ان سب کو اکٹھا کرے گا (تو فرمائے گا:) اے جنوں کے گروہ! تم نے انسانوں میں سے بہت زیادہ (گمراہ) کیے تھے، اور انسانوں میں سے ان کے دوست کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم نے ایک دوسرے سے فائدہ اٹھایا، اور ہم اس میعاد کو پہنچے جو تو نے ہمارے لیے مقرر فرمائی تھی، اللہ فرمائے گا: آگ ہی تمھارا ٹھکانا ہے، تم اس میں ہمیشہ رہو گے، ہاں اگر اللہ چاہے (تو دوسری بات ہے)، بے شک آپ کا رب بڑا حکمت والا، خوب جاننے والا ہے ﴿128﴾

128. And on the Day when He will gather them (all) together (and say): "O you assembly of jinn! Many did you mislead of men," and their *Auliyā'* (friends and helpers) amongst men will say: "Our Lord! We benefited one from the other, but now we have reached our appointed term which You did appoint for us." He will say: "The Fire be your dwelling place, you will dwell therein forever, except as Allāh may will. Certainly your Lord is All-Wise, All-Knowing."

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿129﴾ ع 15 8 2

اور اسی طرح ہم بعض ظالموں کو بعض پر ان کاموں کی وجہ سے مسلط کر دیتے ہیں جو وہ کرتے رہے ﴿129﴾

129. And thus We do make the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) *Auliyā'* (supporters and helpers) of one another (in committing crimes), because of that which they used to earn.

★ بقیہ حاشیہ: انعام، آیت: 125.

① اس مفہوم کو حدیث میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اسے دین (قرآن اور رسول ﷺ کی سنت) کا فہم عطا کر دیتا ہے....." (صحیح البخاری، العلم، باب: 13 حدیث: 71)

[1] (V.6:125) If Allāh تعالیٰ wants to do good to a person, He makes him comprehend the religion [the understanding of the Qur'ān and the *Sunnah* (legal ways) of the Prophet ﷺ].
Narrated Mu'āwiyah رضي الله عنه in a *Khutbah* (religious talk): I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "If Allāh wants to do good to a person, He makes him comprehend the religion [the understanding of the Qur'ān and the *Sunnah* (legal ways) of the Prophet ﷺ]. I am just a distributor, but the grant is from Allāh. (And remember) that this nation (true Muslims, real followers of Islāmic Monotheism) will remain obedient to Allāh's Orders [i.e., following strictly Allāh's Book (the Qur'ān) and the Prophet's *Sunnah* (legal ways)] and they will not be harmed by anyone who will oppose them (going on a different path) till Allāh's Order (Day of Judgement) is established." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/71 (O.P.71)]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

اے جنوں اور انسانوں کے گروہ! کیا تمھارے پاس تمھی میں سے رسول نہیں آئے تھے؟ وہ تم سے میری آیات بیان کرتے تھے، اور تمھیں تمھاری اس آج کے دن کی ملاقات سے ڈراتے تھے۔ (تب) وہ کہیں گے: ہم اپنے آپ پر گواہی دیتے ہیں۔ اور انھیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈالے رکھا، اور وہ اپنے آپ پر گواہی دیں گے کہ بے شک وہ کفر کرنے والے تھے ﴿۱۳۰﴾

130. O you assembly of jinn and mankind! "Did not there come to you Messengers from amongst you, reciting to you My Verses and warning you of the Meeting of this Day of yours?" They will say: "We bear witness against ourselves." It was the life of this world that deceived them. And they will bear witness against themselves that they were disbelievers.

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾

یہ (رسول) اس لیے (بھیجے گئے) کہ آپ کا رب بستیوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے ہلاک کرنے والا نہیں، جبکہ ان کے باشندے غافل ہوں ﴿۱۳۱﴾

131. This is because your Lord would not destroy the (populations of) towns for their wrongdoing (i.e. associating others in worship along with Allāh) while their people were unaware (so the Messengers were sent).

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

اور ہر ایک کے لیے ان اعمال کی وجہ سے درجے ہیں جو انھوں نے کیے، اور آپ کا رب اس سے غافل نہیں جو وہ کرتے ہیں ﴿۱۳۲﴾

132. For all there will be degrees (or ranks) according to what they did. And your Lord is not unaware of what they do.

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ؕ

اور آپ کا رب بے نیاز ہے رحمت والا، اگر وہ چاہے تو تمھیں لے جائے، اور تمھارے بعد جنھیں چاہے جانشین بنا دے، جیسے اس نے تمھیں دوسری قوم کی نسل سے پیدا کیا ﴿۱۳۳﴾

133. And your Lord is Rich (Free of all needs), full of Mercy; if He wills, He can destroy you, and in your place make whom He wills as your successors, as He raised you from the seed of other people.

اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

بے شک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، وہ ضرور آنے والی ہے، اور تم عاجز کرنے والے نہیں ﴿۱۳۴﴾

134. Surely, that which you are promised, will verily come to pass, and you cannot escape (from the punishment of Allāh).

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو، بے شک میں بھی (اپنی جگہ) عمل کرنے والا ہوں، چنانچہ جلد ہی تم جان لو گے کہ کس شخص کے لیے آخرت کا (اچھا) انجام ہے۔ اور بے شک ظالم فلاح نہیں پائیں گے ﴿۱۳۵﴾

135. Say (O Muhammad ﷺ): "O my people! Work according to your way, surely, I too am working (in my way), and you will come to know for which of us will be the (happy) end in the Hereafter. Certainly the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) will not be successful."

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ

اور انھوں نے اس میں سے اللہ کے لیے ایک حصہ ٹھہرایا جو اس نے کھیتی اور چوپایوں کی شکل میں پیدا کیا، پھر اپنے خیال کے مطابق کہنے لگے: یہ (حصہ)

136. And they assign to Allāh a share of the tilth and cattle which He has created, and they say: "This is for Allāh" according to

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿١٣٦﴾

اللہ کے لیے ہے، اور یہ ہمارے دیوتاؤں کے لیے ہے، پھر ان کے دیوتاؤں کا جو حصہ ہے وہ تو اللہ کے پاس نہیں پہنچتا، اور جو اللہ کا حصہ ہے وہ ان کے دیوتاؤں کے پاس پہنچ جاتا ہے، کس قدر برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں ﴿١٣٦﴾

their claim, "and this is for our (Allāh's so-called) partners." But the share of their (Allāh's so-called) "partners" reaches not Allāh, while the share of Allāh reaches their (Allāh's so-called) "partners"! Evil is the way they judge!

وَكَذَٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ ۖ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٧﴾

اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کے لیے ان کے دیوتاؤں نے ان کی اولاد کا قتل پسندیدہ بنا رکھا ہے، تاکہ وہ انھیں ہلاک کر دیں اور ان کے لیے ان کا دین مشکوک بنا دیں، اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے، چنانچہ انھیں اور ان کے جھوٹ کو (ان کے حال پر) چھوڑ دیجیے جو وہ گھڑتے ہیں ﴿١٣٧﴾

137. And so to many of the *Mushrikūn* (polytheists — see V.2:105) their (Allāh's so-called) "partners" have made fair-seeming the killing of their children, in order to lead them to their own destruction and cause confusion in their religion. And if Allāh had willed, they would not have done so. So leave them alone with their fabrications.

وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَن نَّشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِم بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٨﴾

اور اپنے (جھوٹے) خیال کے مطابق انھوں نے کہا: یہ چوپائے اور کھیتی ممنوع ہیں، انھیں بس وہی کھا سکتا ہے جسے ہم چاہیں، اور بعض چوپائے ہیں جن کی پشت (پر سواری) حرام کر دی گئی، اور بعض چوپائے ہیں جن پر وہ اللہ کا نام نہیں پڑھتے، یہ سب وہ اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہوئے کرتے ہیں، وہ جلد ہی انھیں اس جھوٹ کی سزا دے گا جو وہ گھڑتے رہے ہیں ﴿١٣٨﴾

138. And according to their claim, they say that such and such cattle and crops are forbidden, and none should eat of them except those whom we allow. And (they say) there are cattle forbidden to be used for burden (or any other work), and cattle on which (at slaughtering) the Name of Allāh is not pronounced; lying against Him (Allāh). He will recompense them for what they used to fabricate.

وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿١٣٩﴾

اور انھوں نے کہا: ان (حرام کیے ہوئے) چوپایوں کے پیٹ میں جو بچہ ہو وہ خالص ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے، اور اگر وہ مردہ ہو تو (مرد اور عورتیں) سب اس میں شریک ہیں۔ جلد ہی اللہ انھیں اس طرح (خود ہی حلال اور حرام) طے کرنے کی سزا دے گا، بے شک وہ بڑا حکمت والا، خوب جاننے والا ہے ﴿١٣٩﴾

139. And they say: "What is in the bellies of such and such cattle (milk or foetus) is for our males alone, and forbidden to our females (girls and women), but if it is born dead, then all have shares therein." He will punish them for their attribution (of such false orders to Allāh). Verily, He is All-Wise, All-Knower. (*Tafsir At-Tabarī*)

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا

بے شک وہ لوگ خسارے میں رہے جنھوں نے اپنی اولاد کو علم کے بغیر بیوقوفی سے قتل کیا، اور اللہ نے انھیں جو رزق دیا اللہ پر جھوٹ باندھ کر اسے

140. Indeed lost are they who have killed their children, foolishly, without knowledge, and have forbidden that which Allāh

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مُهْتَدِيْنَ ﴿140﴾ ع 16 11 3

حرام ٹھہرا لیا، تحقیق وہ گمراہ ہوگئے، اور وہ ہدایت یافتہ نہ ہوئے ﴿140﴾

has provided for them, inventing a lie against Allāh. They have indeed gone astray and were not guided.

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿141﴾

اور وہی ہے جس نے باغات پیدا کیے، چھتریوں پر چڑھائے ہوئے اور بغیر چڑھائے ہوئے، اور کھجور اور فصلیں (پیدا کیں) ان کے پھل (مزے میں) مختلف ہیں، اور زیتون اور انار (پیدا کیے)، ملتے جلتے بھی اور نہ ملتے جلتے بھی، ان کا پھل کھاؤ جب وہ پھل لائیں اور ان کی کٹائی اور چنائی کے دن اس (اللہ) کا حق دے دیا کرو، اور فضول خرچی نہ کرو بے شک اللہ[1] فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿141﴾

141. And it is He Who produces gardens trellised and untrellised, and date palms, and crops of different shape and taste (their fruits and their seeds) and olives, and pomegranates, similar (in kind) and different (in taste). Eat of their fruit when they ripen, but pay the due thereof (its *Zakāt*, according to Allāh's Orders, 1/10th or 1/20th) on the day of its harvest, and waste not by extravagance.[1] Verily, He likes not *Al-Musrifūn* (those who waste by extravagance),

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿142﴾

اور (پیدا کیے) اس نے چوپایوں میں سے بوجھ اٹھانے والے اور زمین سے لگے (پست قد)، اللہ نے تمھیں جو رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو۔ بے شک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے ﴿142﴾

142. And of the cattle (are some) for burden (like camel) and (some are) small (unable to carry burden like sheep and goats for food, meat, milk and wool). Eat of what Allāh has provided for you, and follow not the footsteps of *Shaitān* (Satan). Surely, he is to you an open enemy.

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿143﴾

یہ آٹھ قسمیں (پیدا کی) ہیں دو بھیڑ میں سے اور دو بکری میں سے،[2] (اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا اس (اللہ) نے دونوں کے نر حرام کیے ہیں یا دونوں کی مادائیں یا وہ بچے جو دونوں ماداؤں کے پیٹ میں ہوں؟ (ٹھیک ٹھیک) علم کے ساتھ مجھے بتاؤ اگر تم سچے ہو ﴿143﴾

143. Eight pairs: of the sheep two (male and female),[2] and of the goats two (male and female). Say: "Has He forbidden the two males or the two females, or (the young) which the wombs of the two females enclose? Inform me with knowledge if you are truthful."

---

[1] (V.6:141): See the footnote of (V.4:5).

[2] (V.6:143) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "While a shepherd was amongst his sheep, a wolf attacked them and took away one sheep. When the shepherd chased the wolf, the wolf turned towards him and said, 'Who will be its guard on the day of wild animals when nobody except I will be its shepherd'*. And while a man was driving a cow with a load on it, it turned towards him and spoke to him saying, 'I have not been created for this purpose, but for ploughing.'" The people said, "Glorified is Allāh." The Prophet ﷺ said, "But I believe in it and so does Abu Bakr and 'Umar (رضي الله عنهما)."

* It has been written that a wolf also spoke to a shepherd during the Prophet's lifetime near Al-Madinah, as narrated in *Musnad Imam Ahmad* in the *Musnad of Abu Sa'id Al-Khudri* رضي الله عنه (Vol. 3): Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رضي الله عنه: (While a shepherd was in his herd of sheep), suddenly a wolf attacked a sheep and took it away, the shepherd chased the wolf and took back the sheep, the wolf sat on its tail and addressed the shepherd saying: "Be afraid of Allāh, you have taken the provision from me which Allāh gave me." The shepherd said: "What an ▶▶

① [إِسْرَاف] "حد سے تجاوز کرنا" کسی معاملے میں اس کی حدود سے آگے نکل جانا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ ع 17 4 1

اور دو اونٹوں میں سے اور دو گایوں میں سے۔ کہہ دیجیے: کیا اللہ نے دونوں کے نر حرام کیے ہیں یا دونوں کی مادائیں یا وہ بچے جو دونوں ماداؤں کے پیٹ میں ہوں؟ کیا تم اس وقت حاضر تھے جب اللہ نے تمھیں یہ تاکیدی حکم دیا تھا؟ پھر اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑا تاکہ وہ بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کرے۔ بے شک اللہ (ایسے) ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿۱۴۴﴾

144. And of the camels two (male and female), and of oxen two (male and female). Say: "Has He forbidden the two males or the two females or (the young) which the wombs of the two females enclose? Or were you present when Allāh ordered you such a thing? Then who does more wrong than one who invents a lie against Allāh, to lead mankind astray without knowledge. Certainly Allāh guides not the people who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)."

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: میری طرف جو وحی کی گئی ہے، میں اس میں کوئی چیز ایسی نہیں پاتا جو کسی کھانے والے پر جو اسے کھائے، حرام ہو مگر یہ کہ وہ مردار ہو، یا بہایا ہوا خون ہو، یا سور کا گوشت، کیونکہ وہ ناپاک ہے، یا وہ فسق ہو کہ (ذبح کرتے وقت) اس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے، (بشرطیکہ) وہ سرکشی کرنے والا اور حد سے گزرنے والا نہ ہو تو بے شک آپ کا رب بڑا بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿۱۴۵﴾

145. Say (O Muhammad ﷺ): "I find not in that which has been revealed to me anything forbidden to be eaten by one who wishes to eat it, unless it be *Maitah* (a dead animal) or blood poured forth (by slaughtering or the like), or the flesh of swine (pork); for that surely, is impure or impious (unlawful) meat (of an animal) which is slaughtered as a sacrifice for others than Allāh (or has been slaughtered for idols, or on which Allāh's Name has not been mentioned

▸▸ amazing thing! A wolf sitting on its tail speaks to me in the language of a human being." The wolf said: "Shall I tell you something more amazing than this? There is Muhammad ﷺ the Messenger of Allāh in Yathrib (Al-Madinah) informing the people about the news of the past." Then the shepherd (after hearing that) proceeded (towards Al-Madinah) driving his sheep till he entered Al-Madinah, cornered his sheep in a place, and came to Allāh's Messenger (Muhammad ﷺ) and informed the whole story. Allāh's Messenger ﷺ ordered for the proclamation of a congregational *Salāt* (صلاة جامعة), then he ﷺ came out and asked the shepherd to inform the people (about the story), and he informed them. Then Allāh's Messenger ﷺ said: "He (the shepherd) has spoken the truth. By Him (Allāh) in Whose Hand my soul is, the Day of Resurrection will not be established till beasts of prey (سباع) speak to the human beings, and the tip of his lash and the shoelaces of a person speak to him and his thigh informs him about his family as to what happened to them after him.

★ بقیہ حاشیہ: انعام، آیت: 143.

② یہ نر اور مادہ جانور، جنھیں انسان کھاتا بھی ہے اور ان سے بار برداری کا کام بھی لیتا ہے، اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ یہ اگرچہ انسانوں کی طرح بول نہیں سکتے، لیکن اگر اللہ چاہے تو انہیں بھی بولنے کی طاقت دے دے جیسا کہ احادیث میں بعض واقعات کا ذکر ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک چرواہا بکریاں چرا رہا تھا کہ بھیڑیا ایک بکری لے بھاگا۔ جب چرواہے نے بھیڑیے کا تعاقب کیا تو بھیڑیا اس کی طرف متوجہ ہو کر بولا: (قیامت کے قریب) درندوں سے ان بکریوں کی حفاظت کون کرے گا جب کہ اس دن میرے سوا کوئی چرواہا نہ ہوگا؟ اور (نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا:) ایک شخص ایک بیل پر سامان لاد کے ہانک کر لے جا رہا تھا۔ بیل نے اس کی طرف مڑ کر دیکھا اور کہا: مجھے اس (بار برداری) کے لیے پیدا نہیں کیا گیا، مجھے تو کھیتی باڑی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔'' لوگ (اس بات پر حیرت سے) بولے: سُبْحَانَ اللّٰہِ! (جانور بھی باتیں کرتے ہیں) نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس پر میں ایمان لایا اور ابوبکر و عمر بھی اس پر ایمان لائے۔'' (صحیح البخاری، فَضَائِلُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ، باب: 5، حدیث: 3663) مسند احمد میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''عہد نبوی ﷺ میں بھی مدینے کے نواح میں ایک بھیڑیے نے ایک چرواہے سے گفتگو کی۔'' (مسند احمد 3/84,83)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

while slaughtering). But whosoever is forced by necessity without wilful disobedience, nor transgressing due limits; (for him) certainly, your Lord is Oft-Forgiving, Most Merciful."

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۡ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾

77. And to Allāh belongs the Unseen of the heavens and the earth. And the matter of the Hour is not but as a twinkling of the eye, or even nearer. Truly, Allāh is Able to do all things.

اور اللہ ہی کے پاس آسمانوں اور زمین کا غیب ہے، اور قیامت کا معاملہ تو بس آنکھ جھپکنے کی طرح ہے بلکہ اس سے بھی قریب تر، بے شک اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے ﴿77﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾

اور اللہ نے تمھیں تمھاری ماؤں کے پیٹوں سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ علم نہیں رکھتے تھے، اور اسی نے تمھارے کان، آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر کرو ﴿78﴾

78. And Allāh has brought you out from the wombs of your mothers while you knew nothing. And He gave you hearing, sight, and hearts that you might give thanks (to Allāh).

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿79﴾

کیا انھوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا، وہ آسمانی فضا میں مسخر (تابع فرمان) ہیں۔ اللہ کے سوا، انھیں (فضا میں) کوئی نہیں تھام رہا۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے البتہ نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں ﴿79﴾

79. Do they not see the birds held (flying) in the midst of the sky? None holds them but Allāh (none gave them the ability to fly but Allāh). Verily, in this are clear *Ayāt* (proofs and signs) for a people who believe (in the Oneness of Allāh).

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿80﴾

اور اللہ نے تمھارے لیے تمھارے گھر جائے سکونت بنائے اور تمھارے لیے چوپایوں کی کھالوں سے ایسے گھر (خیمے) بنائے جنھیں تم ہلکا سمجھتے ہو اپنے کوچ کے دن اور اپنے قیام کے دن اور ان (بھیڑوں) کی اون سے اور ان (اونٹوں) کی پشم سے اور ان (بکریوں) کے بالوں سے (گھریلو) اثاثے اور ایک مدت تک برتنے کی چیزیں (بنائیں) ﴿80﴾

80. And Allāh has made for you in your homes an abode, and made for you out of the hides of the cattle (tents for) dwelling, which you find so light (and handy) when you travel and when you stay (in your travels); and of their wool, fur, and hair (sheep wool, camel fur, and goat hair), furnishings and articles of convenience (e.g. carpets, blankets), comfort for a while.

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿81﴾

اور اللہ نے اپنی تخلیق کردہ چیزوں سے تمھارے لیے سائے بنائے، اور تمھارے لیے پہاڑوں میں چھپنے کے مقام (غار) بنائے، اور تمھارے لیے کُرتے بنائے جو تمھیں گرمی سے بچاتے ہیں اور کُرتے (زرہ بکتر) جو تمھاری لڑائی میں تمھیں بچاتے ہیں۔ اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمتیں تمام کرتا ہے، تاکہ تم مطیع ہو جاؤ ﴿81﴾

81. And Allāh has made for you out of that which He has created shades, and has made for you places of refuge in the mountains, and has made for you garments to protect you from the heat (and cold), and coats of mail to protect you from your (mutual) violence. Thus does He perfect His Favour to you, that you may submit yourselves to His Will (in Islām).

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿82﴾

پھر اگر وہ پھریں تو آپ کے ذمے تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے ﴿82﴾

82. Then, if they turn away, your duty (O Muhammad ﷺ) is only to convey (the Message) in a clear way.

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿83﴾ ع 11 7 17

وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں، پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں اکثر ناشکرے ہیں ﴿83﴾

83. They recognise the Grace of Allāh, yet they deny it (by worshipping others besides Allāh) and most of them are disbelievers (deny the Prophethood of Muhammad ﷺ).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿84﴾

اور (یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، پھر جنھوں نے کفر کیا، انھیں اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ان سے توبہ ہی کا مطالبہ کیا جائے گا ﴿84﴾

84. And (remember) the Day when We shall raise up from each nation a witness (their Messenger), then, those who disbelieved will not be given leave (to put forward excuses), nor will they be allowed (to return to the world) to repent and ask for Allāh's forgiveness (of their sins).

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿85﴾

اور جن لوگوں نے ظلم کیا جب وہ عذاب دیکھ لیں گے تو نہ ان سے (عذاب میں) تخفیف کی جائے گی اور نہ ان کو ڈھیل دی جائے گی ﴿85﴾

85. And when those who did wrong (the disbelievers) will see the torment, then it will not be lightened to them, nor will they be given respite.

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿86﴾

اور جن لوگوں نے شرک کیا جب وہ اپنے (خود ساختہ) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی ہمارے شریک ہیں جنھیں ہم تیرے سوا پکارتے تھے۔ تب وہ (شریک) ان کی بات ان کی طرف پھینک ماریں گے (اور کہیں گے:) بلاشبہ تم تو یقیناً جھوٹے ہو ﴿86﴾

86. And when those who associated partners with Allāh see their (Allāh's so-called) partners, they will say: "Our Lord! These are our partners whom we used to invoke besides you." But they will throw back their word at them (and say): "Surely, you indeed are liars!"

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾

اور اس دن وہ اللہ کے حضور میں اپنی فرماں برداری (عاجزی) پیش کریں گے، اور ان سے وہ سب کچھ گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے ﴿87﴾

87. And they will offer (their full) submission to Allāh (Alone) on that Day, and their invented false deities [all that they used to invoke besides Allāh, e.g. idols, saints, priests, monks, angels, jinn, Jibrāīl (Gabriel), Messengers] will vanish from them.

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾

جنھوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا، ہم انھیں عذاب پر عذاب زیادہ دیں گے، اس لیے کہ وہ فساد کرتے تھے ﴿88﴾

88. Those who disbelieved and hinder (men) from the path of Allāh, for them We will add torment to the torment because they used to spread corruption [by disobeying Allāh themselves, as well as ordering others (mankind) to do so].

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿89﴾ ع 12 18

اور (اے نبی! یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں ان پر انھی میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، اور آپ کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے آپ پر ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی یہ کتاب نازل کی ہے جو مسلمانوں کے لیے ہدایت، رحمت اور

89. And (remember) the Day when We shall raise up from every nation a witness against them from amongst themselves. And We shall bring you (O Muhammad ﷺ) as a witness against these. And We have sent

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

down to you the Book (the Qur'ān) as an exposition of everything, a guidance, a mercy, and glad tidings for those who have submitted themselves (to Allāh as Muslims).

خوشخبری ہے ﴿89﴾

90. Verily, Allāh enjoins *Al-'Adl* (i.e. justice and worshipping none but Allāh Alone — Islāmic Monotheism) and *Al-Ihsān* [i.e. to be patient in performing your duties to Allāh, totally for Allāh's sake and in accordance with the *Sunnah* (legal ways) of the Prophet ﷺ in a perfect manner], and giving (help) to kith and kin[1] (i.e. all that Allāh has ordered you to give them, e.g., wealth, visiting, looking after them, or any other kind of help), and forbids *Al-Fahshā'* (i.e. all evil deeds, e.g. illegal sexual acts, disobedience of parents, polytheism, to tell lies, to give false witness, to kill a life without right), and *Al-Munkar* (i.e. all that is prohibited by Islāmic law: polytheism of every kind, disbelief and every kind of evil deeds), and *Al-Baghy* (i.e. all kinds of oppression). He admonishes you, that you may take heed.

إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿90﴾

بے شک اللہ عدل اور احسان اور قرابت داروں کو (امداد) دینے کا حکم دیتا ہے[1] اور وہ بے حیائی، برے کام اور ظلم و زیادتی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمہیں وعظ کرتا ہے، تاکہ تم نصیحت پکڑو ﴿90﴾

91. And fulfil the Covenant of Allāh (*Bai'ah*: pledge for Islām) when you have covenanted, and break not the oaths after you have confirmed them — and indeed you have appointed Allāh your surety. Verily, Allāh knows what you do.

وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿91﴾

اور اللہ کا عہد پورا کرو جب تم آپس میں عہد کرلو اور قسمیں پکی کرنے کے بعد نہ توڑو جبکہ تم نے اللہ کو اپنا کفیل بنایا ہو۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو ﴿91﴾

92. And be not like her who undoes the thread which she has spun, after it has become strong,

وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ

اور تم اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے اپنا سوت محنت سے کاتنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا،

[1] (V.16:90) Degree of kinship: First of all, your parents, then your offspring, then your brothers and sisters, then your paternal uncles and aunts (from your father's side), then your maternal uncles and aunts (from your mother's side), and then other relatives.

[1] لیکن رشتے داری کے بھی مدارج ہیں سب سے پہلے تمہارے والدین، پھر تمہاری اولاد، پھر تمہارے بھائی، بہنیں پھر تمہارے چچا اور پھوپھی پھر تمہارے ماموں اور خالہ اور پھر دیگر رشتہ دار۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

دَخَلًا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿92﴾

تم اپنی قسموں کو باہم فریب کا ذریعہ بناتے ہو کہ ایک جماعت دوسری جماعت سے (مال وافر میں) بڑھ جائے۔ بے شک اللہ اس (عہد و پیماں) سے تمھیں آزماتا ہے۔ اور یوم قیامت وہ تم پر ضرور واضح کر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے ﴿92﴾

by taking your oaths as a means of deception among yourselves, lest a nation should be more numerous than another nation. Allāh only tests you by this (i.e. who obeys Allāh and fulfils Allāh's Covenant and who disobeys Allāh and breaks Allāh's Covenant). And on the Day of Resurrection, He will certainly make clear to you that wherein you used to differ (i.e. a believer confesses and believes in the Oneness of Allāh and in the Prophethood of Prophet Muhammad ﷺ which the disbeliever denies and that is their difference amongst them in the life of this world).[1]

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾

اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ایک ہی امت بنا دیتا، لیکن وہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔ اور تم سے ضرور اس کا سوال ہوگا جو تم عمل کرتے تھے ﴿93﴾

93. And had Allāh willed, He could have made you (all) one nation, but He sends astray whom He wills and guides whom He wills. But you shall certainly be called to account for what you used to do.

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَّعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿94﴾

اور تم اپنی قسموں کو باہم فریب دینے کا ذریعہ نہ بناؤ کہ (اسلام پر کسی کا) قدم جمنے کے بعد ڈگمگا جائے، اور تم (دنیا میں) اس کی سزا بھگتو کہ تم نے (اسے) اللہ کی راہ سے روکا، اور (آخرت میں) تمھارے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا ﴿94﴾

94. And make not your oaths, a means of deception among yourselves, lest a foot should slip after being firmly planted, and you may have to taste the evil (punishment in this world) of having hindered (men) from the path of Allāh (i.e. belief in the Oneness of Allāh and His Messenger, Muhammad ﷺ), and yours will be a great torment (i.e. the fire of Hell in the Hereafter).

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿95﴾

اور اللہ کے عہد کے بدلے میں تھوڑی قیمت (دنیوی فائدے) نہ خریدو، بے شک جو اللہ کے ہاں (اجر) ہے وہی بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو ﴿95﴾

95. And purchase not a small gain at the cost of Allāh's Covenant. Verily, what is with Allāh is better for you if you did but know.

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾

جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ فنا ہو جائے گا، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ضرور انھیں ان کا اجر و

96. Whatever is with you, will be exhausted, and whatever is with Allāh (of good deeds) will remain. And those who are

[1] (V.16:92) See the footnote of (V.3:85).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

patient, We will certainly pay them a reward in proportion to the best of what they used to do. [1]

ثواب ان بہترین اعمال کے بدلے میں دیں گے جو وہ کرتے تھے ﴿96﴾

97. Whoever works righteousness — whether male or female — while he (or she) is a true believer (of Islāmic Monotheism) verily, to him We will give a good life (in this world with respect, contentment and lawful provision), and We shall pay them certainly a reward in proportion to the best of what they used to do (i.e. Paradise in the Hereafter).

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿97﴾

جس نے نیک عمل کیے، مرد ہو یا عورت، جبکہ وہ مومن ہو تو ہم ضرور اسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے، اور ہم انھیں ضرور ان کا اجر و ثواب ان بہترین اعمال کے بدلے میں دیں گے جو وہ کرتے تھے ﴿97﴾

98. So when you recite the Qur'ān, seek refuge with Allāh from *Shaitān* (Satan), the outcast (the cursed one).

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿98﴾

پھر جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگیں ﴿98﴾

99. Verily, he has no power over those who believe and put their trust only in their Lord (Allāh).

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿99﴾

بے شک ان لوگوں پر اس کا کوئی زور نہیں (چلتا) جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ﴿99﴾

100. His power is only over those who obey and follow him (Satan), and those who join partners with Him (Allāh, i.e. those who are *Mushrikūn*, i.e., polytheists. See Verse 6:121).

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿100﴾ ع 13 11 19

بس اس کا زور تو ان لوگوں پر چلتا ہے جو اسے دوست بناتے ہیں اور (ان پر) جو اس (اللہ) کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿100﴾

101. And when We change a Verse (of the Qur'ān) in place of another — and Allāh knows best what He sends down — they (the disbelievers) say: "You (O Muhammad ﷺ) are but a *Muftari*! (forger, liar)." Nay, but most of them know not.

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿101﴾

اور جب ہم ایک آیت کی جگہ بدل کر دوسری آیت لائیں، اور اللہ اسے خوب جانتا ہے جو کچھ وہ نازل کرتا ہے، تو وہ (کافر) کہتے ہیں: یقیناً تو گھڑ لانے والا ہے، لیکن ان میں اکثر علم نہیں رکھتے ﴿101﴾

102. Say (O Muhammad ﷺ) *Ruh-ul-Qudus* [Jibrīl (Gabriel)] has brought it (the Qur'ān) down from your Lord with truth, that it may make firm and strengthen (the Faith of) those who believe, and as a guidance and glad tidings to those who have

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿102﴾

کہہ دیجیے: اس (قرآن) کو روح القدس (جبریل) نے آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے، تاکہ اللہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہو ﴿102﴾

[1] (V.16:96) See the footnote of (V.9:121).

① ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ توبہ: 121/9)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

submitted (to Allāh as Muslims).

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿103﴾

103. And indeed We know that they (polytheists and pagans) say: "It is only a human being who teaches him (Muhammad ﷺ)." The tongue of the man they refer to is foreign, while this (the Qur'ān) is a clear Arabic tongue.

اور ہمیں بخوبی علم ہے کہ وہ کہتے ہیں: یقیناً اس (نبی) کو ایک آدمی سکھاتا ہے۔ اس شخص کی زبان عجمی ہے جس کی طرف یہ غلط نسبت کرتے ہیں، جبکہ یہ (قرآن تو) فصیح عربی زبان ہے ﴿103﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿104﴾

104. Verily, those who believe not in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, Allāh will not guide them and theirs will he a painful torment.

بلاشبہ جو لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انھیں ہدایت نہیں دیتا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿104﴾

اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿105﴾

105. It is only those who believe not in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, who fabricate falsehood, and it is they who are liars.

جھوٹ تو صرف وہ لوگ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں ﴿105﴾

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿106﴾

106. Whoever disbelieved in Allāh after his belief, except him who is forced thereto and whose heart is at rest with Faith; but such as open their breasts to disbelief, on them is wrath from Allāh, and theirs will be a great torment.

جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ سے کفر کرے، سوائے اس کے جس پر جبر کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا، لیکن جس نے کفر کے لیے (اپنا) سینہ کھول دیا (راضی خوشی کفر کیا) تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے، اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے ﴿106﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿107﴾

107. That is because they loved and preferred the life of this world over that of the Hereafter. And Allāh guides not the people who disbelieve.

یہ اس لیے کہ انھوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں (زیادہ) محبوب رکھا، اور بے شک اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا ﴿107﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿108﴾

108. They are those upon whose hearts, hearing (ears) and sight (eyes) Allāh has set a seal. And they are the heedless!

یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں، کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور یہی لوگ غافل ہیں ﴿108﴾

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿109﴾

109. No doubt, in the Hereafter, they will be the losers.

بلاشبہ یقیناً آخرت میں یہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں ﴿109﴾

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿110﴾ ع 14 15 20

110. Then, verily, your Lord for those who emigrated after they had been put to trials and thereafter strove hard and fought (for the Cause of Allāh) and were patient, verily your Lord,

پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کے لیے (مہربان ہے) جنھوں نے آزمائش میں پڑنے کے بعد ہجرت کی، پھر جہاد کیا اور صبر کیا، بے شک آپ کا رب ان (آزمائشوں) کے بعد (ان لوگوں کے لیے) البتہ بہت

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

afterward, is Oft-Forgiving, Most Merciful.

بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿110﴾

111. (Remember) the Day when every person will come up pleading for himself, and every one will be paid in full for what he did (good or evil, belief or disbelief in the life of this world) and they will not be dealt with unjustly.

يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿111﴾

جس دن ہر نفس اپنی طرف سے جھگڑتا ہوا آئے گا اور ہر کسی نے جو عمل کیے ان کا اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿111﴾

112. And Allāh puts forward the example of a township (Makkah), that dwelt secure and well-content; its provision coming to it in abundance from every place, but it (its people) denied the Favours of Allāh (with ungratefulness). So Allāh made it taste extreme of hunger (famine) and fear, because of that (evil, i.e. denying Prophet Muhammad ﷺ) which they (its people) used to do.[1]

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾

اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی ہے جو امن و اطمینان سے (آباد) تھی، اس کا رزق اسے ہر جگہ سے وافر (میسر) آتا تھا، پھر اس (کے باشندوں) نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی[1] تو اللہ نے انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے بھوک چکھائی اور خوف کا لباس (پہنایا) ﴿112﴾

113. And verily, there had come to them a Messenger (Muhammad ﷺ) from among themselves, but they denied him, so the torment overtook them while they were *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾

اور یقیناً ان کے پاس ایک رسول انھی میں سے آیا تو انھوں نے اس کی تکذیب کی تب انھیں عذاب نے آ پکڑا اور وہ ہی ظالم تھے ﴿113﴾

114. So eat of the lawful and good food[2] which Allāh has provided for you. And be grateful

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ

چنانچہ اس میں سے کھاؤ (پیو)[2] جو اللہ نے تمھیں حلال پاکیزہ رزق دیا ہے اور اگر تم واقعی اسی کی عبادت

---

[1] (V.16:112) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "I was shown the Hell-fire and that the majority of its dwellers were women who were disbelievers or ungrateful." He was asked, "Do they disbelieve in Allāh?" (or are they ungrateful to Allāh?) He replied, "They are ungrateful to their husbands and are ungrateful for the favours and the good (charitable deeds) done to them. If you have always been good (benevolent) to one of them for a period of time and then she sees something in you (not of her liking), she will say, 'I have never seen any good from you.'" [*Sahih Al-Bukhari*, 1/29 (O.P.28)]

[2] (V.16:114) The meat of cattle beast which Allāh has made lawful to you (Muslims) that are slaughtered according to Islāmic way.

① بندوں کی ناشکری بھی بڑا جرم ہے چہ جائیکہ انسان اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرے۔ یہ تو بدر جہا زیادہ بڑا جرم ہے۔ بندوں کی ناشکری اور اس کی سزا کی مثال ایک حدیث میں بیان کی گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھے دوزخ دکھلائی گئی، پس (میں نے دیکھا کہ) اس میں اکثریت عورتوں کی تھی جو کفر (ناشکری) کیا کرتی تھیں۔" عرض کیا گیا: کیا وہ اللہ کی ناشکری کرتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں، اور (وہ شوہر) ان کے ساتھ جو احسان اور نیک برتاؤ کرتے ہیں اس کی بھی ناشکری کرتی ہیں اگر تو کسی عورت کے ساتھ ایک زمانے تک احسان کرتا رہے پھر وہ تجھ میں ذرا سی بھی کوئی ایسی بات دیکھے (جس کو وہ پسند نہ کرتی ہو) تو کہنے لگتی ہے: میں نے تجھ سے کبھی کوئی بھلائی نہیں پائی۔" (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 21 حدیث: 29)

② اس میں وہ مویشی بھی ہیں جنھیں اللہ نے تمہارے لیے حلال بنایا ہے اور جنھیں اسلامی طریقے کے مطابق ذبح کیا جاتا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

for the Graces of Allāh, if it is He Whom you worship.

تَعْبُدُوْنَ ﴿114﴾

کرتے ہو تو اللہ کی نعمت کا شکر کرو ﴿114﴾

115. He has forbidden you only *Al-Maitah* (meat of a dead animal), blood, the flesh of swine, and any animal which is slaughtered as a sacrifice for others than Allāh (or has been slaughtered for idols or on which Allāh's Name has not been mentioned while slaughtering). But if one is forced by necessity, without wilful disobedience, and not transgressing, then, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿115﴾

اللہ نے تو بس تم پر حرام کیا ہے: مردار، خون، خنزیر کا گوشت اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے جبکہ نہ وہ باغی ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿115﴾

116. And say not concerning that which your tongues put forth falsely: "This is lawful and this is forbidden," so as to invent lies against Allāh. Verily, those who invent lies against Allāh, will never prosper.

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿116﴾ۭ

اور اپنی زبانوں کے جھوٹ بیان کرنے کی وجہ سے مت کہو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے، تاکہ تم اللہ پر جھوٹ باندھو۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گے ﴿116﴾

117. A passing brief enjoyment (will be theirs), but they will have a painful torment.

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿117﴾

(ان کے لیے) تھوڑا سا فائدہ ہے اور (آخرت میں) ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿117﴾

118. And to those who are Jews, We have forbidden such things as We have mentioned to you (O Muhammad ﷺ) before (see Verse 6:146). And We wronged them not, but they used to wrong themselves.

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿118﴾

اور جو لوگ یہودی ہوئے ان پر ہم نے وہ چیزیں حرام کی تھیں جو ہم پہلے آپ سے بیان کر چکے ہیں۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے ﴿118﴾

119. Then, verily, your Lord for those who do evil (commit sins and are disobedient to Allāh) in ignorance and afterward repent and do righteous deeds, verily, your Lord thereafter, (to such) is Oft-Forgiving, Most Merciful.

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿119﴾ ع

پھر بے شک آپ کا رب ان پر (مہربان ہے) جنھوں نے جہالت سے برے عمل کیے، پھر اس کے بعد انھوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کر لی، بے شک اس کے بعد آپ کا رب (ان لوگوں کے لیے) البتہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿119﴾

120. Verily, Ibrāhīm (Abraham) was an *Ummah* (a leader having all the good righteous qualities, or a nation), obedient to Allāh, *Hanīf* (i.e. to worship none but Allāh), and he was not one of those who were *Al-Mushrikūn* (polytheists, idolaters, disbelievers

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿120﴾ۙ

بلاشبہ ابراہیم ایک امت تھا، اللہ کا فرماں بردار اور اس کی طرف یکسو، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا ﴿120﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

in the Oneness of Allāh, and those who joined partners with Allāh).

شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾

121. (He was) thankful for His (Allāh's) Favours. He (Allāh) chose him (as an intimate friend) and guided him to a Straight Path (Islāmic Monotheism — neither Judaism nor Christianity).[1]

وہ اللہ کی نعمتوں کا شکر کرنے والا تھا، اس (اللہ) نے اسے چن لیا اور اس کو صراط مستقیم کی طرف ہدایت دی①﴿۱۲۱﴾

وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

122. And We gave him good in this world, and in the Hereafter he shall be of the righteous.

اور ہم نے اسے دنیا میں بھلائی دی، اور بلاشبہ وہ آخرت میں ضرور صالحین میں سے ہوگا﴿۱۲۲﴾

ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

123. Then, We have sent the Revelation to you (O Muhammad ﷺ saying): "Follow the religion of Ibrāhīm (Abraham) *Hanīf* (Islāmic Monotheism[2] — to worship none but Allāh) and he was not of the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, disbelievers).

(اے نبی!) پھر ہم نے آپ کی طرف وحی کی کہ ملت ابراہیم کی اتباع کریں جو (اللہ کی طرف) یکسو تھا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا②﴿۱۲۳﴾

---

[1] (V.16:121) (A) Ibrāhīm (Abraham) was neither a Jew nor a Christian, but he was a true Muslim *Hanīf* (Islāmic Monotheism — to worship none but Allāh Alone) and he joined none in worship with Allāh. (V.3:67)

(B) See the footnote (B) of (V.16:71).

(C) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Ibrāhīm (Abraham) عليه السلام did not tell a lie except on three occasions. Twice for the sake of Allāh عز وجل when he said, "I am sick," and he said, "(I have not done this but) the big idol has done it."* The (third was) that while Ibrāhīm (Abraham) and Sārah (his wife) were going (on a journey) they passed by (the territory of) a tyrant from among the tyrants. Someone said to the tyrant, "This man [i.e. Ibrāhīm (Abraham) عليه السلام] is accompanied by a very charming lady." So, he sent for Ibrāhīm (Abraham) and asked him about Sārah saying, "Who is this lady?" Ibrāhīm (Abraham) said, "She is my sister." Ibrāhīm (Abraham) went to Sārah and said, "O Sārah! There are no believers on the surface of the earth except you and I. This man asked me about you and I have told him that you are my sister, so don't contradict my statement." The tyrant then called Sārah and when she went to him, he tried to take hold of her with his hand, but (his hand got stiff and) he was confounded. He asked Sārah, "Pray to Allāh for me, and I shall not harm you." So Sārah asked Allāh to cure him and he got cured. He tried to take hold of her for the second time, but his hand got as stiff as or stiffer than before and) was more confounded. He again requested Sārah, "Pray to Allāh for me, and I will not harm you," Sārah asked Allāh again and he became all right. He then called one of his guards (who had brought her) and said, "You have not brought me a human being but have brought me a devil." The tyrant then gave Hājar as a girl-servant to Sārah. Sārah came back [to Ibrāhīm (Abraham)] while he was praying. Ibrāhīm (Abraham), gesturing with his hand, asked, "What has happened?" She replied, "Allāh has spoiled the evil plot of the infidel (or immoral person) and gave me Hājar for service." Abu Hurairah then addressed his listeners saying, "That (Hājar) was your mother, O Banī Mā'-is-Samā' (i.e. the Arabs)." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3358 (O.P.578)]

* The idolaters invited Ibrāhīm (Abraham) to join them in their celebrations outside the city, but he refused, claiming that he was sick. When he was left alone, he came to their idols and broke them into pieces. When the idolaters questioned him, he claimed that he had not destroyed their idols but the chief idol had, which Ibrāhīm (Abraham) left undisturbed and on whose shoulder he had put an axe to lay the accusation on it.

[2] (V.16:123) See the footnote of (V.2:135).

① ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے اور نہ نصرانی (عیسائی) بلکہ وہ (ایک سچے) مسلم، حنیف (اسلامی عقیدۂ توحید یعنی اللہ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں کے ماننے والے) تھے اور وہ مشرکوں میں سے بھی نہیں تھے۔ (سورۂ آل عمران 3/67)

② ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ بقرہ 2/135)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿124﴾

124. The Sabbath was only prescribed for those who differed concerning it (i.e. Friday), and verily, your Lord will judge between them on the Day of Resurrection about that wherein they used to differ.

ہفتے کے دن (کی تعظیم) کو تو صرف ان لوگوں پر ضروری قرار دیا گیا تھا جنھوں نے اس میں اختلاف کیا۔ اور بے شک آپ کا رب ان کے مابین قیامت کے دن اس امر کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے ﴿124﴾

ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿125﴾

125. Invite (mankind, O Muhammad ﷺ) to the way of your Lord (i.e. Islām) with wisdom (i.e. with the Divine Revelation and the Qur'ān) and fair preaching, and argue with them in a way that is better. Truly, your Lord knows best who has gone astray from His path, and He is the Best Knower of those who are guided.

(اے نبی!) اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھے وعظ کے ساتھ دعوت دیجیے اور ان سے احسن طریقے سے بحث کیجیے۔ بے شک آپ کا رب ہی اس شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکا اور وہی ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے ﴿125﴾

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ ﴿126﴾

126. And if you punish (your enemy, O you believers in the Oneness of Allāh), then punish them with the like of that with which you were afflicted. But if you endure patiently, verily, it is better for *As-Sābirūn* (the patient).[1]

اور اگر تم بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی تمھیں تکلیف دی گئی ہو،[1] اور اگر تم صبر کرو تو وہ صابرین کے لیے بہت بہتر ہے ﴿126﴾

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ ﴿127﴾

127. And endure you patiently (O Muhammad ﷺ), your patience is not but from Allāh. And grieve not over them (polytheists and

اور (اے نبی!) آپ صبر کریں، اور آپ کا صبر کرنا بھی اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان (کفار) پر غم نہ کھائیں اور نہ آپ اس پر تنگی میں مبتلا ہوں جو وہ مکر

---

[1] (V.16:126)

a) The Statement of Allāh: "Only those who are patient shall receive their rewards in full, without reckoning" (V.39:10)

Narrated Abu Mūsā رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "None is more patient than Allāh against the harmful saying He hears from the people, they ascribe a son (or offspring) to Him, yet He gives them health and (supplies them with) provision." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6099 (O.P.121)]

b) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: The Prophet ﷺ divided and distributed something as he used to do with some of his distributions. A man from the *Ansār* said, "By Allāh! in this division the Pleasure of Allāh has not been intended." I said, "I will definitely tell this to the Prophet ﷺ." So I went to him while he was sitting with his Companions and told him of it secretly. That was hard upon the Prophet ﷺ and the colour of his face changed, and he became so angry that I wished I had not told him. The Prophet ﷺ then said, "Mūsā (Moses) was harmed with more than this, yet he remained patient." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6100 (O.P.122)]

① بدلے کی مختلف صورتیں ہیں: بعض حدیثوں میں ہے: ام معاویہ، ہند رضی اللہ عنہا (بنت عتبہ، ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی بیوی) نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: ابوسفیان رضی اللہ عنہ ایک بخیل آدمی ہے۔ اسے بتائے بغیر اس کے مال میں سے (خرچ کے لیے) لوں تو مجھے گناہ ہوگا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم اور تمہارے بچے اپنے گزارے کے لیے معروف طور پر (فضول خرچی کیے بغیر) لے سکتے ہو۔'' (صحیح البخاری، البیوع، باب: 95 حدیث: 2211) رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا: آپ ہمیں باہر بھیجتے ہیں اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم ایسے لوگوں کے ہاں قیام کرتے ہیں جو ہماری مہمانداری نہیں کرتے تو اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ نے فرمایا: ''اگر تم کسی کے ہاں قیام کرو اور وہ تمہاری اس طرح مہمانداری کریں جیسا کہ انہیں ایک مہمان کی کرنی چاہیے تو ان کی مہمان نوازی قبول کرو اور اگر وہ (ایسا) نہ کریں تو ان سے اپنا حق مہمانی وصول کرو۔'' (صحیح البخاری، المظالم، باب: 18 حدیث: 2461)

کسی نے کسی پر ظلم و زیادتی کا ارتکاب کیا ہے تو بقدر ظلم و زیادتی اس کا بدلہ لینا جائز ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

pagans), and be not distressed because of what they plot.

(سازشیں) کرتے ہیں ﴿127﴾

128. Truly, Allāh is with those who fear Him (keep their duty to Him),[1] and those who are *Muhsinūn* (good-doers. See the footnote of V.9:120).

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُمْ مُّحْسِنُونَ ﴿128﴾ ع 16 9 22

بلاشبہ اللہ ان کے ساتھ ہے جنھوں نے پرہیزگاری کی اور وہ احسان کرتے ہوں ① ﴿128﴾

---

[1] (V.16:128) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The deeds of anyone of you will not save you [from the (Hell) Fire]." They said, "Even you (will not be saved by your deeds), O Allāh's Messenger?" He said, "No, even I (will not be saved) unless and until Allāh bestows His Mercy on me and protects me with His Grace. Therefore, do good deeds properly, sincerely and moderately, and worship Allāh in the forenoon and in the afternoon and during a part of the night, and always adopt a middle, moderate, regular course whereby you will reach your target (Paradise)." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6463 (O.P.470)]

① یہ نیکی اور پرہیزگاری ہی دراصل اللہ کی رحمت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور رحمت الٰہی کے بغیر کسی کی بھی نجات کی امید نہیں حتیٰ کہ انبیاء علیہم السلام کی بھی نہیں جیسا کہ حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کسی کے اعمال اسے (جہنم کی آگ سے) نجات نہیں دلائیں گے۔'' لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا آپ ﷺ کو بھی؟ فرمایا: ''مجھے بھی نہیں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت میں چھپالے (مجھ پر اپنی رحمت کا سایہ کردے) لہٰذا تم اخلاص اور اعتدال کے ساتھ نیک اعمال بجالاؤ (تم سیدھی راہ اور میانہ روی اختیار کرو) صبح، شام اور رات کے آخری حصے میں اللہ کی عبادت کرو اور ہمیشہ اعتدال (میانہ روی) کی راہ اختیار کرو۔ یہاں تک کہ منزل مقصود (جنت) پر جا پہنچو۔'' (صحیح البخاری، الرقاق، باب: 18 حدیث: 6463)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

Sūrat Al-Isrā' (The Journey by Night) 17	سورۂ بنی اسرائیل	سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَكِّيَّةٌ (50) رُكُوْعَاتُهَا 12 (17) 111
In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.	اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
1. Glorified (and Exalted) is He (Allāh) [above all that (evil) they associate with Him] (*Tafsir Qurtubī*)[1] Who took His slave (Muhammad ﷺ) for a journey by night from *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) to *Al-Masjid Al-Aqsā* (in Jerusalem), the neighbourhood whereof We have blessed, in order that We might show him (Muhammad ﷺ) of Our *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.). Verily, He is the All-Hearer, the All-Seer.[2]	پاک ہے وہ (اللہ) جو اپنے بندے کو رات کے ایک حصے میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا جس کے ماحول کو ہم نے برکت دی ہے، تاکہ ہم اسے اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں۔① بے شک وہی خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے①	سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ①
2. And We gave Mūsā (Moses) the Scripture and made it a guidance for the Children of Israel (saying): "Take none other than Me as (your) *Wakīl* (Protector, Lord, or Disposer of your affairs, etc).	اور ہم نے موسیٰ کو کتاب (تورات) دی اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا (اور انھیں حکم دیا) کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ②	وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا② ؕ
3. "O offspring of those whom We carried (in the ship) with Nūh (Noah)! Verily, he was a grateful slave."	اے ان لوگوں کی اولاد جنھیں ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا! بے شک وہ شکر گزار بندہ تھا③	ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا③

---

[1] (V.17:1) وقد روى طلحة بن عبيدالله أنه قال للنبي ﷺ ما معنى سبحان الله؟ قال تنزيه الله من كل سوء؛

Narrated Talhah bin 'Ubaidullāh: I asked the Prophet ﷺ about the meaning of *Subhān Allāh*. He ﷺ said: "(It means:) Glorified (and Exalted) is He (Allāh) [above all that (evil) they associate with Him]."

[2] (V.17:1) Narrated Jābir bin 'Abdullāh رضي الله عنهما that he heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "When the people of Quraish did not believe me [i.e. in the story of my *Isrā'* — (Night Journey)], I stood up in Al-Hijr and Allāh displayed Jerusalem in front of me, and I began describing it to them while I was looking at it." [*Sahih Al-Bukhari*, 5/3886 (O.P.226)]

① اس میں اللہ تعالیٰ نے [إِسْرَاء] کا تذکرہ فرمایا ہے اور معراج کا ذکر (سورۂ نجم: 53) میں آئے گا۔ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کا سفر [إِسْرَاء] اور مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) سے آسمانوں کا سفر [مِعْرَاج] کہلاتا ہے۔ یہ اسرا و معراج نبی ﷺ کا ایک نہایت عظیم الشان معجزہ ہے۔ معجزہ ہوتا ہی وہ ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ظہور پذیر ہو۔ نبی کا کوئی اختیار اس میں شامل نہ ہو۔ اس لیے اس واقعے کو روحانی سیر یا خواب باور کرانا بالکل غلط ہے۔ آپ ﷺ کو معراج عالم بیداری میں [بِجَسَدِهِ الْعُنْصُرِی] ہی کرائی گئی ہے۔ یہ خواب کا واقعہ یا کشف نہیں ہے، اگر ایسا ہوتا تو کفار کے لیے اس کے جھٹلانے کا کوئی جواز نہ ہوتا لیکن کفار مکہ نے اسے جھٹلایا اور نبی ﷺ کو ان کے مشکل سوالات کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے آپ کو شدید بے چینی بھی ہوئی۔ اگر یہ خواب ہوتا تو نبی ﷺ آسانی سے یہ کہہ کر چھٹکارا حاصل کر سکتے تھے: ''میں تو خواب بیان کر رہا ہوں، تم مجھ سے یہ سوالات کیوں کر رہے ہو؟'' لیکن آپ ﷺ نے ایسا نہیں فرمایا، بلکہ سخت پریشان ہوئے جس پر اللہ تعالیٰ نے سارے حجاب دور کر کے بیت المقدس آپ کے سامنے کر دیا جیسا کہ حدیث میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب قریش نے مجھے (میرے رات کے سفر کے سلسلے میں) جھٹلایا تو میں مقام حِجر (حَطِیم) میں کھڑا ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو میرے سامنے کر دیا اور میں نے ان (قریش) کو اس کی نشانیاں بتانا شروع کر دیں جبکہ میں اُس کی طرف دیکھ رہا تھا۔'' (صحیح البخاری، مناقب الأنصار، باب: 41، حدیث: 3886) اِسرا و معراج کا یہ واقعہ صحیح احادیث میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ④

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (تورات) میں فیصلہ سنا دیا کہ تم زمین میں دو بار ضرور فساد کرو گے اور ضرور بہت بڑی سرکشی کرو گے ④

4. And We decreed for the Children of Israel in the Scripture: indeed you would do mischief in the land twice and you will become tyrants and extremely arrogant!

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ⑤

پھر جب دونوں میں سے پہلا وعدہ آیا تو ہم نے تم پر اپنے سخت جنگجو بندے بھیج دیے، چنانچہ وہ (فساد انگیزی کے لیے) شہروں کے درمیان گھس (پھیل) گئے اور یہ وعدہ (پورا) کیا ہوا تھا ⑤

5. So, when the promise came for the first of the two, We sent against you slaves of Ours given to terrible warfare. They entered the very innermost parts of your homes. And it was a promise (completely) fulfilled.

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ⑥

پھر ہم نے پھیر کر تمھیں ان پر غلبہ دیا اور تمھیں مال اور بیٹوں کے ساتھ مدد دی اور ہم نے تمھیں نفری میں خوب زیادہ کر دیا ⑥

6. Then We gave you a return of victory over them. And We helped you with wealth and children and made you more numerous in man-power.

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۠ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ⑦

اگر تم بھلائی کرو گے تو اپنے ہی نفس کے لیے کرو گے اور اگر برائی کرو گے تو (وہ بھی) اسی کے لیے ہوگی پھر جب آخری بار کا وعدہ آیا (تو ایک اور قوم تم پر غالب آئی) تاکہ وہ تمھارے چہرے بگاڑ دیں اور مسجد (اقصیٰ) میں داخل ہو جائیں جیسے پہلی بار اس میں داخل ہوئے تھے، اور تاکہ وہ جس پر غلبہ پائیں اسے یکسر تباہ کر دیں ⑦

7. (And We said): "If you do good, you do good for your ownselves, and if you do evil (you do it) against yourselves." Then, when the second promise came to pass, (We permitted your enemies) to disgrace your faces and to enter the mosque (of Jerusalem) as they had entered it before, and to destroy with utter destruction all that fell in their hands.

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ⑧ وقف لازم

قریب ہے کہ تمھارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر دوبارہ (سرکشی) کرو گے تو ہم بھی دوبارہ (وہی معاملہ) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنایا ہے ⑧

8. [And We said in the Taurāt (Torah)]: "It may be that your Lord may show mercy to you, but if you return (to sins), We shall return (to Our punishment). And We have made Hell a prison for the disbelievers.

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ⑨

بے شک یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو نیک کام کرتے ہیں کہ یقیناً ان کے لیے بہت بڑا اجر ہے ⑨

9. Verily, this Qur'ān guides to that which is most just and right and gives glad tidings to the believers (in the Oneness of Allāh and His Messenger Muhammad ﷺ), who work deeds of righteousness, that they shall have a great reward (Paradise).

وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑩ ع 1 10 1

اور یہ کہ بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لیے ہم نے نہایت دردناک عذاب تیار

10. And that those who believe not in the Hereafter, for them We have prepared a painful

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

torment (Hell).

کیا ہے⑩

11. And man invokes (Allāh) for evil as he invokes (Allāh) for good and man is ever hasty [i.e., if he is angry with somebody, he invokes (saying): "O Allāh! Curse him," and that one should not do, but one should be patient].

وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ⑪

اور انسان برائی کی دعا ایسے مانگتا ہے جیسے اس کی بھلائی کی دعا ہو۔ اور انسان بہت عجلت والا ہے⑪

12. And We have appointed the night and the day as two *Āyāt* (signs etc.). Then, We have obliterated the sign of the night (with darkness) while We have made the sign of the day illuminating, that you may seek bounty from your Lord, and that you may know the number of the years and the reckoning. And We have explained everything (in detail) with full explanation.

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ⑫

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی تو محو (بے نور) کر دی اور دن کی نشانی روشن بنائی تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو، اور تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جان لو۔ اور ہم نے ہر چیز خوب تفصیل سے بیان کر دی ہے⑫

13. And We have fastened every man's deeds [1] to his neck, and on the Day of Resurrection, We shall bring out for him a Book which he will find wide open.

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ⑬

اور ہم نے ہر انسان کا عمل (نامہ) اس کی گردن سے لگا دیا ہے اور قیامت کے دن ہم اس کے لیے ایک کتاب نکالیں گے⑬ جس سے وہ ملے گا جبکہ وہ کھلی ہوگی⑬

14. (It will be said to him): "Read your Book. You yourself are sufficient as a reckoner against you this Day."

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ⑭ ۭ

(کہا جائے گا:) اپنا اعمال نامہ پڑھ، آج تیرا نفس ہی تیرا حساب لینے والا کافی ہے⑭

15. Whoever goes right, then he goes right only for the benefit of his ownself. And whoever goes astray, then he goes astray to his own loss. No one laden with burdens can bear another's burden. And We never punish until We have sent a Messenger (to give warning).

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ⑮

جس نے ہدایت پائی تو بس وہ اپنے نفس کے لیے ہدایت پاتا ہے، اور جو گمراہ ہوا تو بس وہ اپنے نفس ہی پر گمراہ ہوتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور ہم اس وقت تک کسی کو عذاب نہیں دیتے یہاں تک کہ ہم کوئی رسول بھیج دیں⑮

---

[1] (V.17:13) Narrated Ibn Mas'ūd رضي الله عنه: A man asked the Prophet ﷺ: "What deeds are the best?" The Prophet ﷺ said: (1) To perform the (daily compulsory) *Salāt* (prayers) at their (early) stated fixed times; (2) To be good and dutiful to one's own parents; and (3) To participate in *Jihād* in Allāh's Cause." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7534 (O.P.625)]

⑩ یہ اعمال وہ ہوں گے جو انسان دنیا میں کر کے گیا ہوگا۔ اچھے یا برے دونوں قسم کے اعمال انسان کے سامنے پیش کر دیے جائیں گے اور ان کی روشنی میں اس کے جنت یا دوزخ میں جانے کا فیصلہ ہوگا۔ اس لیے ضرورت ہے کہ انسان دنیا میں زیادہ سے زیادہ اچھے عمل کرے۔ اچھے اور چند فضیلت والے عمل ذیل کی حدیث میں بیان کیے گئے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''(روزانہ فرض) نمازیں ان کے مقررہ اوقات میں ادا کرنا والدین کے ساتھ نیکی کرنا اور ان کی فرمانبرداری کرنا پھر اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔'' (صحیح البخاری، کتاب التوحید، باب: 48 حدیث: 7534)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿16﴾

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے متکبر امراء کو حکم دیتے ہیں، پھر وہ اس میں نافرمانی کرنے لگتے ہیں، چنانچہ اس بستی پر (عذاب کی) بات ثابت ہو جاتی ہے، تب ہم اسے مکمل طور پر تباہ کر ڈالتے ہیں ﴿16﴾

www.KitaboSunnat.com

Straight Path.

44. "O my father! Worship not *Shaitān* (Satan). Verily, *Shaitān* (Satan) has been a rebel against the Most Gracious (Allāh).

يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿44﴾

اے میرے باپ! تو شیطان کی عبادت نہ کر، بلاشبہ شیطان رحمٰن کا سخت نافرمان ہے ﴿44﴾

45. "O my father! Verily, I fear lest torment from the Most Gracious (Allāh) should overtake you, so that you become a companion of *Shaitān* (Satan) (in the Hell-fire)." (*Tafsir Al-Qurtubī*)

يٰٓاَبَتِ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿45﴾

اے ابا جان! بے شک میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تجھے رحمٰن کی طرف سے عذاب آپہنچے، پھر تو شیطان کا ساتھی ہو جائے ﴿45﴾

46. He (the father) said: "Do you reject my gods, O Ibrāhīm (Abraham)? If you stop not (this), I will indeed stone you. So get away from me safely (before I punish you)."

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِىْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِىْ مَلِيًّا ﴿46﴾

وہ (باپ آزر) کہنے لگا: اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے منہ پھیرے ہوئے ہے؟ اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے ضرور رجم کر دوں گا، اور تو لمبا عرصہ مجھ سے دور چلا جا ﴿46﴾

47. Ibrāhīm (Abraham) said: "Peace be on you! I will ask forgiveness of my Lord for you. Verily, He is to me Ever Most Gracious.

قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّىْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِىْ حَفِيًّا ﴿47﴾

ابراہیم نے کہا: تجھ پر سلامتی ہو، عنقریب میں تیرے لیے اپنے رب سے استغفار کروں گا، بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے ﴿47﴾

48. "And I shall turn away from you and from those whom you invoke besides Allāh. And I shall call upon my Lord and I hope that I shall not be unblest in my invocation to my Lord."

وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّىْ ۡ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّىْ شَقِيًّا ﴿48﴾

اور میں کنارہ کش ہوتا ہوں تم سے اور ان سے جنھیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، اور میں تو اپنے رب ہی کو پکارتا ہوں، امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہ رہوں گا ﴿48﴾

49. So, when he had turned away from them and from those whom they worshipped besides Allāh, We gave him Ishāq (Isaac) and Ya'qūb (Jacob), and each one of them We made a Prophet.

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿49﴾

پھر جب اس نے کنارہ کیا ان سے اور جنھیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے، تو ہم نے اسے اسحٰق اور یعقوب بخشے، اور ہم نے ہر ایک کو نبی بنایا ﴿49﴾

50. And We gave them of Our Mercy (a good provision in plenty), and We granted them honour on the tongues (of all the nations, i.e. everybody remembers them with a good praise).[1]

وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿50﴾ ع 3 10 6

اور ہم نے انھیں اپنی رحمت بخشی، اور ان کے لیے سچائی کا بول (ذکر خیر) بلند کیا ① ﴿50﴾

51. And mention in the Book (this Qur'ān) Mūsā (Moses).

وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۡ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا

اور کتاب میں موسیٰ کا ذکر کیجیے، بلاشبہ وہ چنا ہوا تھا

[1] (V.19:50) See the footnote of (V.2:135) and the footnotes (A, B and C) of (V.16:121)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 135/2 اور سورۂ نحل: 121/16)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿51﴾	اور رسول نبی تھا ﴿51﴾	Verily, he was chosen and he was a Messenger (and) a Prophet.
وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿52﴾	اور ہم نے اسے طور کی دائیں جانب سے پکارا اور ہم نے اسے راز و نیاز کرتے ہوئے قریب کیا ﴿52﴾	**52.** And We called him from the right side of the Mount, and made him draw near to Us for a talk with him [Mūsā (Moses)].
وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿53﴾	اور اسے اپنی رحمت سے اس کا بھائی ہارون نبی بخشا ﴿53﴾	**53.** And We granted him his brother Hārūn (Aaron), (also) a Prophet, out of Our Mercy.
وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿54﴾ ۚ	اور کتاب میں اسمٰعیل کا ذکر کیجیے، بے شک وہ وعدے کا سچا اور رسول نبی تھا ﴿54﴾	**54.** And mention in the Book (the Qur'ān) Ismā'īl (Ishmael). Verily, he was true to what he promised, and he was a Messenger, (and) a Prophet.
وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿55﴾	اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکاۃ کا حکم دیتا تھا اور وہ اپنے رب کے ہاں نہایت پسندیدہ تھا ﴿55﴾	**55.** And he used to enjoin on his family and his people *As-Salāt* (the prayers) and the *Zakāt* (obligatory charity), and his Lord was pleased with him.
وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿56﴾ ۙ	اور کتاب میں ادریس کا ذکر کیجیے، بے شک وہ نہایت سچا (اور) نبی تھا ﴿56﴾	**56.** And mention in the Book (the Qur'ān) Idrīs. Verily, he was a man of truth, (and) a Prophet.
وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿57﴾	اور ہم نے اسے بہت بلند مقام پر اٹھالیا ﴿57﴾	**57.** And We raised him to a high station.
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۘ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿58﴾ السَّجْدَةُ	یہ وہ (انبیاء) ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا جو اولادِ آدم میں سے ہیں اور ان لوگوں (کی نسل) میں سے جنھیں ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا، اور ابراہیم اور اسرائیل کی اولاد سے، اور ان لوگوں میں سے جنھیں ہم نے ہدایت دی اور چن لیا، جب ان پر رحمٰن کی آیات تلاوت کی جاتیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے گر جاتے تھے ﴿58﴾ ①	**58.** Those were they to whom Allāh bestowed His Grace from among the Prophets, of the offspring of Adam, and of those whom We carried (in the ship) with Nūh (Noah), and of the offspring of Ibrāhīm (Abraham) and Israel, and from among those whom We guided and chose. When the Verses of the Most Gracious (Allāh) were recited to them, they fell down prostrate and weeping.*

* (V.19:58) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

① [اَلسَّجْدَةُ] قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کو اس مقام پر (تلاوت موقوف کر کے) قبلہ رخ ہو کر اللہ کے حضور سجدہ کرنا چاہیے۔ سجدے میں یہ مسنون دعا پڑھے: [اَللّٰهُمَّ! اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ] ''اے اللہ! میرے لیے اپنے ہاں اس (قرآن مجید کی تلاوت) کی وجہ سے اَجر و ثواب لکھ دے اور مجھے اس کے بدلے گناہوں سے پاک کر دے اور میری جانب سے اس (تلاوت) کو اپنے ہاں ذخیرہ کر لے اور میری طرف سے اس تلاوت کو ایسے ہی قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داود علیہ السلام سے قبول فرمائی۔'' (جامع الترمذی، حدیث: 3424,579 و سنن ابن ماجه، حدیث: 1053)

وضاحت: سجدہ تلاوت کی مذکورہ دعا اپنے شواہد کی بنا پر حسن درجہ کی ہے اور دوسری مشہور دعا: [سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهُ وَ شَقَّ سَمْعَهُ وَ بَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَ قُوَّتِهِ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ] (صحیح مسلم، حدیث: 771) کو سجدہ نماز میں پڑھنا تو ثابت ہے مگر سجدۂ قرآن میں پڑھنا صحیح سند کے ساتھ ثابت نہیں، لہٰذا اول الذکر دعا سجدۂ تلاوت میں پڑھی جائے جبکہ آخر الذکر دعا کو سجدہ نماز کا حصہ بنایا جائے۔ (سنن أبي داود، حدیث: 1414)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿59﴾

پھر ان کے بعد ناخلف (نالائق ان کے) جانشین ہوئے، جنھوں نے نماز ضائع کی اور خواہشات کی پیروی کی[1] چنانچہ جلد ہی (آگے) وہ ہلاکت اور گمراہی (کے انجام) سے دوچار ہوں گے ﴿59﴾

59. Then, there has succeeded them posterity who have given up *As-Salāt* (the prayers) [i.e. made their *Salāt* (prayers) to be lost, either by not offering them or by not offering them perfectly or by not offering them in their proper fixed times] and have followed lusts.[1] So, they will be thrown in Hell.

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿60﴾

مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے، تو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا[2] ﴿60﴾

60. Except those who repent and believe (in the Oneness of Allāh and His Messenger Muhammad ﷺ), and work righteousness.[2] Such will enter Paradise and they will not be wronged in aught.

جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿61﴾

(یعنی) ابدی باغات، جن کا رحمٰن نے اپنے بندوں کے ساتھ غیب سے وعدہ کیا ہے۔ بے شک اس کا وعدہ (ہر صورت) آنے والا ہے ﴿61﴾

61. (They will enter) *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), which the Most Gracious (Allāh) has promised to His slaves in the unseen. Verily, His Promise must come to pass.

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿62﴾

وہ اس میں کوئی لغو بات نہیں سنیں گے، سوائے سلام کے، اور وہاں ان کے لیے صبح و شام رزق ہوگا ﴿62﴾

62. They shall not hear therein (in Paradise) any *Laghw* (dirty, false, evil vain talk), but only *Salām* (salutations of peace). And they will have therein their sustenance, morning and afternoon. [See (V.40:55)].

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿63﴾

یہی وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اسے بنائیں گے جو متقی ہوگا ﴿63﴾

63. Such is the Paradise which We shall give as an inheritance to those of Our slaves who have been *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿64﴾

اور ہم (فرشتے) آپ کے رب ہی کے حکم سے نازل ہوتے ہیں، اسی کے لیے ہے جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے، اور جو کچھ اس کے درمیان ہے، اور آپ کا رب کبھی بھولنے والا نہیں ﴿64﴾

64. And we (angels) descend not except by the Command of your Lord (O Muhammad ﷺ). To Him belongs what is before us and what is behind us, and what is between those two; and your

[1] (V.19:59) Lusts: like drinking alcoholic drinks; giving false witnesses; eating unlawful things - meat of edible animals not slaughtered according to Allāh's Order; taking intoxicants; narcotic drugs like opium, morphine, beroin, cannabis; committing crimes; evil wicked deeds like illegal sexual acts, murdering, taking others' rights unlawfully, robbing, stealing, betraying, backbiting, slandering, telling lies.

[2] (V.19:60) See the footnote of (V.9:121).

① جیسے شراب نوشی، جھوٹی گواہی دینا، حرام اشیا کھانا..... ایسے جانوروں کا گوشت کھانا جنھیں اللہ کے حکم کے مطابق ذبح نہ کیا گیا ہو، منشیات، افیون، مارفیا، ہیروئن، بھنگ اور چرس وغیرہ کا استعمال، اور فسق و فجور کا ارتکاب مثلاً: زنا کاری، ناحق قتل کرنا، ناجائز طور پر دوسرے کے حقوق غصب کرنا، ڈاکہ زنی، چوری، غداری، غیبت، بہتان طرازی اور جھوٹ بولنا وغیرہ۔

② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ توبہ 9:121)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Lord is never forgetful —

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿65﴾ ع 15 7

(وہی) رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے (سب کا)، چنانچہ آپ اس کی عبادت کریں اور اس کی عبادت پر قائم رہیں، کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیں؟ [1] ﴿65﴾

65. Lord of the heavens and the earth, and all that is between them, so worship Him (Alone) and be constant and patient in His worship. Do you know of any who is similar to Him? (of course none is similar or co-equal or comparable to Him, and He has none as partner with Him.) (There is nothing like Him and He is the All-Hearer, the All-Seer.)[1]

وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿66﴾

اور انسان کہتا ہے: کیا جب میں مر جاؤں گا، البتہ یقیناً مجھے زندہ نکالا جائے گا؟ ﴿66﴾

66. And man (the disbeliever) says: "When I am dead, shall I then be raised up alive?"

اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿67﴾

اور کیا انسان (اتنا ہی) یاد نہیں کرتا کہ یقیناً ہم نے اس سے پہلے اسے تخلیق کیا، جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا ﴿67﴾

67. Does not man remember that We created him before, while he was nothing?

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿68﴾

پس آپ کے رب کی قسم! ہم ضرور ان (کفار) کو شیطانوں کے ہمراہ اکٹھا کریں گے، پھر ہم ضرور انھیں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے جہنم کے گرد حاضر کریں گے ﴿68﴾

68. So by your Lord, surely We shall gather them together, and (also) the *Shayāṭīn* [(devils) with them], then We shall bring them round Hell on their knees.

ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿69﴾

پھر ہم ضرور ہر گروہ سے (اسے) کھینچ کر الگ کریں گے جو ان میں سے رحمٰن کے خلاف سرکشی میں سخت تر تھا ﴿69﴾

69. Then indeed We shall drag out from every sect all those who were worst in obstinate rebellion against the Most Gracious (Allāh).

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿70﴾

پھر ہمیں بلاشبہ ان کا خوب علم ہے جو اس (جہنم) میں جانے کے زیادہ لائق ہیں ﴿70﴾

70. Then, verily, We know best those who are most worthy of being burnt therein.

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿71﴾

اور تم میں سے جو بھی ہے وہ اس (جہنم) پر وارد ہونے والا ہے، [2] یہ آپ کے رب کے ذمے حتمی (اور) طے شدہ بات ہے ﴿71﴾

71. There is not one of you but will pass over it (Hell); this is with your Lord, a Decree which must be accomplished.[2]

[1] (V.19:65) See the footnote of (V.3:73).

[2] (V.19:71) See the footnote (c) of (V.68:42).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/73)

② اس کی تفسیر صحیح احادیث میں اس طرح بیان کی گئی ہے کہ جہنم کے اُوپر پل بنایا جائے گا جس میں سے ہر مومن و کافر کو گزرنا ہوگا۔ مومن تو اپنے اعمال کے مطابق جلد یا بدیر گزر جائیں گے۔ کچھ تو پلک جھپکنے میں، کچھ بجلی اور ہوا کی طرح، کچھ پرندوں کی طرح اور کچھ عمدہ گھوڑوں اور دیگر سواریوں کی طرح گزر جائیں گے۔ یوں کچھ بالکل صحیح سالم، کچھ زخمی، تاہم پل عبور کر لیں گے، کچھ جہنم میں گر پڑیں گے جنہیں بعد میں شفاعت کے ذریعے نکال لیا جائے گا لیکن کافر اس پل کو عبور کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے اور سب جہنم میں گر پڑیں گے۔ اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے: ''جس کے تین بچے بلوغت سے پہلے فوت ہو گئے، اسے آگ نہیں چھوئے گی مگر صرف قسم حلال کرنے کے لیے۔'' (صحیح البخاری، الجنائز، باب:6 حدیث: 1251، صحیح مسلم، البر والصلة، باب فضل من یموت لہ ولد فیحتسبہ، حدیث: 2632) یہ قسم وہی ہے جسے اس آیت میں: ﴿حَتْمًا مَّقْضِيًّا﴾ ''قطعی فیصل شدہ اَمر'' کہا گیا ہے۔ یعنی اس کا ورود جہنم میں صرف پل صراط سے گزرنے کی حد تک ہی ہوگا۔ (احسن البیان)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾

پھر ہم متقی لوگوں کو نجات دیں گے، اور ہم ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے چھوڑ دیں گے ﴿٧٢﴾

72. Then We shall save those who use to fear Allāh and were dutiful to Him. And We shall leave the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) therein (humbled) to their knees (in Hell).

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾

اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں: فریقین میں سے کس کا مقام بہتر اور کس کی مجلس زیادہ اچھی ہے؟ ﴿٧٣﴾

73. And when Our Clear Verses are recited to them, those who disbelieve (the rich and strong among the pagans of Quraish who live a life of luxury) say to those who believe (the weak, poor Companions of Prophet Muhammad ﷺ who have a hard life): "Which of the two groups (i.e. believers or disbelievers) is best in (point of) position and as regards station (place of council for consultation)."

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾

اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، وہ ان سے اثاثوں اور ظاہری ٹیپ ٹاپ میں کہیں بڑھ کر تھیں ﴿٧٤﴾

74. And how many a generation (past nations) have We destroyed before them, who were better in wealth, goods and outward appearance?

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾

کہہ دیجیے: جو شخص گمراہی میں ہے، (لازم ہے کہ) اسے رحمٰن لمبی ڈھیل دے دے، حتی کہ جب وہ دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے یا عذاب یا قیامت تو وہ ضرور جان لیں گے کہ کون درجے میں بدتر اور لشکر کے لحاظ سے کمزور تر ہے ﴿٧٥﴾

75. Say (O Muhammad ﷺ): Whoever is in error, the Most Gracious (Allāh) will extend (the rope) to him, until, when they see that which they were promised, either the torment or the Hour, they will come to know who is worst in position, and who is weaker in forces. [This is the answer to the question in Verse No.19:73]

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾

اور راہ ہدایت پر چلنے والوں کو اللہ مزید ہدایت عطا کرتا ہے اور باقی رہنے والی نیکیاں ہی آپ کے رب کے ہاں ثواب اور انجام کے اعتبار سے بہت بہتر ہیں ﴿٧٦﴾

76. And Allāh increases in guidance those who walk aright.[1] And the righteous good deeds that last are better with your Lord for reward and better for resort.

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾

پھر آپ اس شخص کے بارے میں بتلایئے جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا: مجھے ضرور مال

77. Have you seen him who disbelieved in Our *Ayāt* (this Qur'ān and Muhammad ﷺ) and

[1] (V.19:76) Those who walk aright: True believers in the Oneness of Allāh who fear Allāh much (abstain from all kinds of sins and evil deeds which He has forbidden), and love Allāh much (perform all kinds of good deeds which He has ordained).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

said: "I shall certainly be given wealth and children [if I will be alive (again)]."

اور اولاد دی جائے گی ﴿77﴾

78. Has he known the Unseen or has he taken a covenant from the Most Gracious (Allāh)?

اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿78﴾

کیا اس نے غیب کی اطلاع پالی یا رحمٰن کے ہاں کوئی عہد لے لیا ہے؟ ﴿78﴾

79. Nay, We shall record what he says, and We shall increase his torment (in the Hell);

كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿79﴾

ہرگز نہیں! ہم ضرور لکھیں گے جو کچھ وہ کہتا ہے، اور ہم اس کے لیے عذاب بہت بڑھا دیں گے ﴿79﴾

80. And We shall inherit from him (at his death) all that he talks of (i.e. wealth and children which We have bestowed upon him in this world), and he shall come to Us alone.

وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿80﴾

اور ان چیزوں کے ہم وارث ہوں گے جو وہ کہتا ہے، اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا ﴿80﴾

81. And they have taken (for worship) *ālihah* (gods) besides Allāh, that they might give them honour, power and glory (and also protect them from Allāh's punishment).

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿81﴾

اور انھوں نے اللہ کے سوا معبود بنا لیے ہیں، تاکہ وہ ان کے مددگار ہوں ﴿81﴾

82. Nay, but they (the so-called gods) will deny their worship of them, and become opponents to them (on the Day of Resurrection).

كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿82﴾ ع 5 17 8

ہرگز نہیں! عنقریب وہ خود ان کی عبادت کا انکار کر دیں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے ﴿82﴾

83. See you not that We have sent the *Shayātīn* (devils) against the disbelievers to push them to do evil.

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿83﴾

کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ بے شک ہم نے کافروں پر شیطان چھوڑ رکھے ہیں وہ جو انھیں خوب خوب (گناہوں پر) ابھارتے ہیں؟ ﴿83﴾

84. So make no haste against them; We only count out to them a (limited) number (of the days of the life of this world and delay their term so that they may increase in evil and sins).

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿84﴾

چنانچہ آپ ان کی بابت جلدی نہ کریں، ہم تو بس ان کے دن گن رہے ہیں ﴿84﴾

85. The Day We shall gather the *Muttaqūn* (the pious believers of Islamic Monotheism. See V.2:2) to the Most Gracious (Allāh), like a delegation (presented before a king for honour).

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿85﴾

جس دن ہم متقیوں کو رحمٰن کی طرف (بطور) مہمان اکٹھا کرلائیں گے ﴿85﴾

86. And We shall drive the *Mujrimūn* (polytheists, sinners, criminals, disbelievers in the Oneness of Allāh) to Hell, in a thirsty state (like a thirsty herd

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿86﴾ قف

اور مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے (ہی) ہانک لے جائیں گے ﴿86﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

driven down to water).

لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿87﴾	(اس روز) وہ سفارش کا اختیار نہیں رکھیں گے، سوائے اس کے جس نے رحمٰن سے عہد لیا ﴿87﴾	**87.** None shall have the power of intercession, but such a one as has received permission (or promise) from the Most Gracious (Allāh).
وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿88﴾	اور انھوں نے کہا: رحمٰن اولاد رکھتا ہے ﴿88﴾	**88.** And they say: "The Most Gracious (Allāh) has begotten a son (or offspring or children) [as the Jews say: 'Uzair (Ezra) is the son of Allāh, and the Christians say that He has begotten a son {'Īsā (Jesus) عليه السلام}, and the pagan Arabs say that He has begotten daughters (angels and others)]."
لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ﴿89﴾	البتہ یقیناً تم ایک بہت بھاری بات (گناہ) تک آپہنچے ہو ﴿89﴾	**89.** Indeed you have brought forth (said) a terrible evil thing.
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿90﴾	قریب ہیں کہ آسمان اس (بات) سے پھٹ پڑیں، اور زمین شق ہو جائے، اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑیں ﴿90﴾	**90.** Whereby the heavens are almost torn, and the earth is split asunder, and the mountains fall in ruins,
اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿91﴾	اس (بات) پر کہ انھوں نے رحمٰن کے لیے اولاد کا دعویٰ کیا ﴿91﴾	**91.** That they ascribe a son (or offspring or children) to the Most Gracious (Allāh).
وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿92﴾	اور رحمٰن کے لائق نہیں کہ وہ کسی کو اولاد بنائے ﴿92﴾	**92.** But it is not suitable for (the Majesty of) the Most Gracious (Allāh) that He should beget a son (or offspring or children).
اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿93﴾	آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہیں وہ سب رحمٰن کے پاس غلام بن کر آئیں گے ﴿93﴾	**93.** There is none in the heavens and the earth but comes to the Most Gracious (Allāh) as a slave.
لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿94﴾	بلاشبہ یقیناً اس (رحمٰن) نے ان کا شمار کر رکھا ہے اور انھیں خوب گن رکھا ہے ﴿94﴾	**94.** Verily, He knows each one of them, and has counted them a full counting.
وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿95﴾	اور وہ سب یوم قیامت اللہ کے پاس تنہا تنہا آئیں گے ﴿95﴾	**95.** And everyone of them will come to Him alone on the Day of Resurrection (without any helper, or protector or defender).
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿96﴾	بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، یقیناً رحمٰن ان کے لیے محبت پیدا کر دے گا ★① ﴿96﴾	**96.** Verily, those who believe [in the Oneness of Allāh and in His Messenger (Muhammad ﷺ)] and work deeds of righteousness, the

① زمین میں اہل دنیا کے دلوں میں اور آسمانوں میں فرشتوں کے دلوں میں، جیسا کہ حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو وہ جبرائیل علیہ السلام کو

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

Most Gracious (Allāh) will bestow love for them[1] (in the hearts of the believers).

97. So, We have made this (the Qur'ān) easy in your own tongue (O Muhammad ﷺ), only that you may give glad tidings to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), and warn with it the *Ludd*[2] people.

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿97﴾

یقیناً ہم نے تو اس (قرآن) کو آپ کی زبان (عربی) میں خوب آسان کر دیا ہے، تاکہ آپ اس سے متقین کو بشارت دیں اور اس کے ساتھ جھگڑالو قوم① کو ڈرائیں ﴿97﴾

98. And how many a generation before them have We destroyed! Can you (O Muhammad ﷺ) find a single one of them or hear even a whisper of them?

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿98﴾ ع 16

اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، کیا آپ ان میں سے کسی ایک کو محسوس کرتے ہیں یا ان کی کوئی بھنک (آہٹ) بھی سنتے ہیں؟ ﴿98﴾

Sūrat Tā-Hā. 20

سورۂ طٰہٰ

135 (20) سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ (45) الفاتحة 5

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

1. *Tā-Hā.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

طٰهٰ ﴿1﴾

طٰهٰ ①

2. We have not sent down the Qur'ān to you (O Muhammad ﷺ) to cause you distress,

مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿2﴾

ہم نے آپ پر قرآن اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ مشقت میں پڑیں ②

3. But only as a Reminder to those who fear (Allāh).

اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿3﴾

مگر (یہ تو) اس شخص کے لیے نصیحت ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے ③

4. A Revelation from Him (Allāh) Who has created the earth and high heavens.

تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿4﴾

اس ذات کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے آسمان تخلیق کیے ④

★ بقیہ حاشیہ: مریم، آیت: 96.

بلا کر فرماتا ہے: اللہ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے، لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو! چنانچہ جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے اور پھر جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں میں اعلان (منادی) کر دیتا ہے: اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو! چنانچہ آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کے لیے مقبولیت رکھ دی جاتی ہے، (اس کے بعد وہ زمین میں بھی بندگان الٰہی کا مقبول اور محبوب بن جاتا ہے۔)" (صحیح البخاری، الأدب، باب: 41، حدیث: 6040)

[1] (V.19:96) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "If Allāh loves a person, He calls Jibrāīl (Gabriel) saying: Allāh loves so-and-so; O Jibrāīl (Gabriel) love him.' Jibrāīl (Gabriel) would love him, and then Jibrāīl (Gabriel) would make an announcement among the residents of the heavens, 'Allāh loves so-and-so, therefore, you should love him also.' So, all the residents of the heavens would love him and then he is granted the pleasure of the people of the earth." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6040 (O.P.66)]

[2] (V.19:97) *Ludd*:- The evildoer wicked quarrelsome people who don't believe in Allāh's Oneness and His Prophet's ﷺ message and argue about everything that Allāh has ordained.

① "جھگڑالو قوم": وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے رسول ﷺ کی رسالت پر ایمان نہیں رکھتے اور ہر چیز (کام) کے بارے میں دعویٰ کرتے ہیں کہ اللہ نے اس کا حکم دیا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ⑤

وہ رحمٰن ہے، عرش پر مستوی ہے ⑤

5. The Most Gracious (Allāh) rose over (*Istawā*) the (Mighty) Throne (in a manner that suits His Majesty).

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ⑥

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور جو کچھ گیلی مٹی کے نیچے ہے ⑥

6. To Him belongs all that is in the heavens and all that is on the earth, and all that is between them, and all that is under the soil.

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ⑦

اور اگر آپ بلند آواز سے بات کریں تو بلاشبہ وہ ہر راز اور (اس سے بھی) پوشیدہ تر بات کو جانتا ہے ⑦

7. And if you (O Muhammad ﷺ) speak (the invocation) aloud, then verily, He knows the secret and that which is yet more hidden.

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ⑧

(وہی) اللہ ہے، اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں، سب اچھے نام اسی کے ہیں[1] ⑧

8. Allāh! *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He)! To Him belong the Best Names.[1]

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ⑨

اور کیا آپ تک موسیٰ کی خبر پہنچی ہے؟ ⑨

9. And has there come to you the story of Mūsā (Moses)?

اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ⑩

جب اس نے (طور پر) آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا: (یہاں) ٹھہرو، بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں اس میں سے تمھارے لیے کوئی انگارا لے آؤں، یا آگ کے پاس کوئی راہبر پاؤں ⑩

10. When he saw a fire, he said to his family: "Wait! Verily, I have seen a fire; perhaps I can bring you some burning brand therefrom, or find some guidance at the fire."

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ⑪

چنانچہ جب وہ (موسیٰ) آگ کے پاس پہنچا تو آواز دی گئی: اے موسیٰ! ⑪

11. And when he came to it (the fire), he was called by name: "O Mūsā (Moses)!

اِنِّيْۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ⑫

بے شک میں تیرا رب ہوں، لہٰذا تو اپنے جوتے اتار دے، بلاشبہ تو مقدس وادی طوٰی میں ہے ⑫

12. "Verily, I am your Lord! So take off your shoes; you are in the sacred valley, *Tuwa*.

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ⑬

اور میں نے تجھے چن لیا ہے، لہٰذا جو وحی کی جاتی ہے اسے غور سے سن ⑬

13. "And I have chosen you. So listen to that which will be revealed (to you).

اِنَّنِيْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ⑭

بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، چنانچہ تو میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز قائم کر ⑭

14. "Verily, I am Allāh! *Lā ilāha illa Ana* (none has the right to be worshipped but I), so worship Me, and perform *As-Salāt* (the prayers) for My remembrance.

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى

بے شک قیامت آنے والی ہے، میں اس کا وقت مخفی

15. "Verily, the Hour is coming – and I am almost hiding it – that

[1] (V.20:8) See the footnote of (V.7:180).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ اعراف: 7/180)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ⑮

every person may be rewarded for that which he strives.

رکھنا چاہتا ہوں، تاکہ ہر نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو وہ کوشش کرتا ہے⑮

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ⑯

16. "Therefore, let not the one who believes not therein (i.e. in the Day of Resurrection, Reckoning, Paradise and Hell), but follows his own lusts,[1] divert you therefrom, lest you perish.

لہٰذا اس (فکرِ آخرت) سے تجھے وہ شخص روکنے نہ پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا، اور اس نے اپنی خواہشات کی پیروی کی، ورنہ تو (بھی) ہلاک ہو جائے گا①⑯

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ⑰

17. "And what is that in your right hand, O Mūsā (Moses)?"

اور اے موسیٰ! یہ تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟⑰

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱

18. He said: "This is my stick, whereon I lean, and wherewith I beat down branches for my sheep, and wherein I find other uses."

اس نے کہا: یہ میری لاٹھی ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں، اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں، اور اس میں میرے لیے اور بھی مقاصد ہیں⑱

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲

19. (Allāh) said: "Cast it down, O Mūsā (Moses)!"

اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ! اسے پھینک دے⑲

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳

20. He cast it down, and behold! It was a snake, moving quickly.

پھر جب اس نے اسے پھینکا تب وہ دوڑتا ہوا سانپ (بن گیا)⑳

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۫ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑

21. Allāh said:"Grasp it and fear not; We shall return it to its former state,

فرمایا: اسے پکڑ لے اور مت ڈر، ہم اسے اس کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے㉑

وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ㉒

22. "And press your (right) hand to your (left) side: it will come forth white (and shining), without any disease as another sign,

اور تو اپنا ہاتھ اپنی بغل سے ملا وہ بغیر کسی مرض کے چمکتا ہوا سفید نکلے گا، (یہ) دوسری نشانی ہے㉒

لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرَى ㉓

23. "That We may show you (some) of Our Greater Signs.

تاکہ ہم تجھے اپنی کچھ بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں㉓

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ㉔ ع 1 24 10

24. "Go to Fir'aun (Pharaoh)! Verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience, and has behaved as an arrogant and as a tyrant)."

تو فرعون کی طرف جا، بے شک وہ سرکش ہو گیا ہے㉔

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ㉕

25. [Mūsā (Moses)] said: "O my Lord! Open for me my chest (grant me self-confidence, contentment, and boldness).

اس (موسیٰ) نے کہا: میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے㉕

وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ㉖

26. "And ease my task for me;

اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے㉖

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ㉗

27. "And loose the knot (the defect) from my tongue, (i.e.

اور میری زبان کی گرہ کھول دے㉗

[1] (V.20:16) See the footnote of (V.19:59)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مریم:19/59)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

remove the incorrectness from my speech) [That occurred as a result of a brand of fire which Mūsā (Moses) put in his mouth when he was an infant]. (*Tafsir At-Tabarī*)

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾	(تاکہ) وہ میری بات سمجھ سکیں ﴿٢٨﴾	**28.** "That they understand my speech.
وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿٢٩﴾	اور میرے لیے میرے کنبے میں سے ایک وزیر بنا دے ﴿٢٩﴾	**29.** "And appoint for me a helper from my family,
هٰرُوْنَ اَخِي ﴿٣٠﴾	(یعنی) میرے بھائی ہارون کو ﴿٣٠﴾	**30.** "Hārūn (Aaron), my brother.
اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿٣١﴾	اس کے ساتھ میری کمر مضبوط کر دے ﴿٣١﴾	**31.** "Increase my strength with him,
وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٣٢﴾	اور اسے میرے کام (نبوت) میں شریک کر دے ﴿٣٢﴾	**32.** "And let him share my task (of conveying Allāh's Message and Prophethood),
كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٣﴾	تاکہ ہم تیری بکثرت تسبیح کریں ﴿٣٣﴾	**33.** "That we may glorify You much,
وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٤﴾	اور ہم تجھے بکثرت یاد کریں ﴿٣٤﴾	**34.** "And remember You much,
اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿٣٥﴾	بے شک تو ہمیں خوب دیکھنے والا ہے ﴿٣٥﴾	**35.** "Verily, You are Ever a Well-Seer of us."
قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿٣٦﴾	اس (اللہ) نے فرمایا: اے موسیٰ! جو کچھ تو نے مانگا تجھے دیا جاتا ہے ﴿٣٦﴾	**36.** (Allāh) said: "You are granted your request, O Mūsā (Moses)!
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿٣٧﴾	ہم تجھ پر ایک اور بار بھی احسان کر چکے ہیں ﴿٣٧﴾	**37.** "And indeed We conferred a favour on you another time (before).
اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿٣٨﴾	جب ہم نے تیری ماں کی طرف وہ الہام کیا تھا جو (اب) وحی کی جاتی ہے ﴿٣٨﴾	**38.** "When We inspired your mother with that which We inspired.
اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾	یہ کہ تو اس (موسیٰ) کو صندوق میں ڈال، پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دے، پھر دریا اسے ساحل پر لا ڈالے گا جسے میرا اور اس کا دشمن اٹھائے گا، اور میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت ڈال دی اور یہ (اس لیے) کہ میری آنکھوں کے سامنے تیری پرورش کی جائے ﴿٣٩﴾	**39.** "(Saying:) 'Put him (the child) into the *Tabūt* (a box or a case or a chest) and put it into the river (Nile); then the river shall cast it up on the bank, and there, an enemy of Mine and an enemy of his shall take him.' And I endued you with love from Me, in order that you may be brought up under My Eye.
اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا	جب تیری بہن چل رہی تھی اور کہہ رہی تھی: کیا میں تمھیں اس کا بتاؤں جو اس کی کفالت کرے؟ پھر ہم نے تجھے تیری ماں کے پاس لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھ	**40.** "When your sister went and said: 'Shall I show you one who will nurse him?' So, We restored you to your mother, that she

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

might cool her eyes and she should not grieve. Then you did kill a man, but We saved you from great distress and tried you with a heavy trial. Then you stayed a number of years with the people of Madyan (Midian). Then you came here according to the fixed term which I ordained (for you), O Mūsā (Moses)!

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿40﴾

ٹھنڈی رہے اور وہ غم نہ کھائے، اور تو نے ایک شخص کو قتل کیا تو ہم نے تجھے اس غم سے نجات دی۔ اور ہم نے تجھے خوب آزمایا، پھر تو اہل مدین میں کئی سال ٹھہرا رہا، پھر اے موسیٰ! تو تقدیر الٰہی کے مطابق (یہاں) آیا ﴿40﴾

41. "And I have chosen you[1] for Myself.

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿41﴾

اور میں نے تجھے اپنی ذات کے لیے خاص طور پر بنایا[1] ﴿41﴾

42. "Go you and your brother with My *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.), and do not, you both, slacken and become weak in My remembrance.

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿42﴾

تو اور تیرا بھائی میری نشانیاں لے کر جاؤ اور تم دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا ﴿42﴾

43. "Go both of you to Fir'aun (Pharaoh), verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience and behaved as an arrogant and as a tyrant).

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿43﴾

تم دونوں فرعون کی طرف جاؤ، بلاشبہ وہ سرکش ہو گیا ہے ﴿43﴾

44. "And speak to him mildly, perhaps he may accept admonition or fear (Allāh)."

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿44﴾

چنانچہ تم دونوں اس سے نرم بات کہنا، شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے ﴿44﴾

45. They said: "Our Lord! Verily, we fear lest he should hasten to punish us or lest he should transgress (all bounds against us)."

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿45﴾

ان دونوں نے کہا: اے ہمارے رب! بے شک ہم تو ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا سرکشی کرے ﴿45﴾

46. He (Allāh) said: "Fear not, verily, I am with you both, hearing and seeing.

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿46﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: تم دونوں مت ڈرو، بلاشبہ میں تم دونوں کے ساتھ ہوں، میں سنتا اور دیکھتا ہوں ﴿46﴾

47. "So go you both to him, and say: 'Verily, we are Messengers of your Lord, so let the Children of Israel go with us, and torment them not; indeed, we have come with a sign from your Lord! And peace will be upon him who follows the guidance!

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿47﴾

لہٰذا تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور کہو: بے شک ہم تیرے رب کے رسول ہیں، چنانچہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج، اور انھیں مت ستا، یقیناً ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لائے ہیں، اور جو ہدایت کی اتباع کرے اس پر سلامتی ہے ﴿47﴾

---

[1] (V.20:41) i.e. chosen you for My Revelation and My Message or created you for Myself or strengthened and taught you as to how to preach My Message to My worshippers. (*Tafsīr Al-Qurtubī*)

[1] یعنی میں نے تجھے اپنی وحی اور رسالت کے لیے چن لیا ہے یا میں نے تجھ کو اپنے لیے پیدا کیا ہے یا میں نے تجھے مضبوط بنایا ہے اور تجھے سکھایا تا کہ تو میرے بندوں کو میرے امر و نہی (احکام) پہنچائے۔" (تفسیر القرطبی: 11/198)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

48. 'Truly, it has been revealed to us that the torment will be for him who denies (believes not in the Oneness of Allāh, and in His Messengers), and turns away' (from the truth and obedience of Allāh)."

إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَا أَنَّ الْعَذَابَ عَلَىٰ مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿48﴾

بلاشبہ ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ یقیناً اس پر عذاب ہے جو (حق کی) تکذیب کرے اور پھر جائے ﴿48﴾

49. Fir'aun (Pharaoh) said: "Who then, O Mūsā (Moses), is the Lord of you two?"

قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَا مُوسَىٰ ﴿49﴾

اس (فرعون) نے کہا: اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟ ﴿49﴾

50. [Mūsā (Moses)] said: "Our Lord is He Who gave to each thing its form and nature, then guided it aright."

قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ ﴿50﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شے کو اس کی شکل وصورت دی، پھر ہدایت دی ﴿50﴾

51. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "What about the generations of old?"

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَىٰ ﴿51﴾

اس (فرعون) نے کہا: اگلی امتوں کا کیا حال ہے؟ ﴿51﴾

52. [Mūsā (Moses)] said: "The knowledge thereof is with my Lord, in a Record. My Lord neither errs nor He forgets."

قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي فِي كِتَابٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنسَى ﴿52﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب (لوح محفوظ) میں ہے، میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے ﴿52﴾

53. Who has made earth for you like a bed (spread out); and has opened roads (ways and paths) for you therein, and has sent down water (rain) from the sky. And We have brought forth with it various kinds of vegetation.

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ﴿53﴾

وہ ذات جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور تمھارے چلنے کے لیے اس میں راستے بنائے اور آسمان سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس کے ذریعے سے کئی اقسام کی مختلف نباتات نکالیں ﴿53﴾

54. Eat and pasture your cattle (therein); verily, in this are *Ayāt* (proofs and signs) for men of understanding.

كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ﴿54﴾ ع 2 30 11

تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں ﴿54﴾

55. Thereof (from earth) We created you, and into it We shall return you, and from it We shall bring you out once again.

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ﴿55﴾

ہم نے تمھیں اسی (زمین) سے پیدا کیا اور اسی میں تمھیں لوٹائیں گے، اور اسی میں سے تمھیں ایک بار پھر نکالیں گے ﴿55﴾

56. And indeed We showed him [Fir'aun (Pharaoh)] all Our *Ayāt* (signs and evidences), but he denied and refused.

وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ﴿56﴾

اور بلاشبہ ہم نے اس (فرعون) کو اپنی سب نشانیاں دکھا دیں، پھر بھی اس نے جھٹلایا اور انکار کیا ﴿56﴾

57. He [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Have you come to drive us out of our land with your magic, O Mūsā (Moses)?

قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿57﴾

کہنے لگا: اے موسیٰ! کیا تو ہمارے پاس اسی لیے آیا ہے کہ اپنے جادو سے ہمیں ہماری سرزمین سے نکال دے؟ ﴿57﴾

58. "Then verily, we can produce magic the like thereof; so appoint

فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا

چنانچہ ہم تیرے پاس (مقابل) اس جیسا ہی جادو لائیں گے، لہٰذا تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَ بَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَ لَاۤ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿58﴾

a meeting between us and you, which neither we nor you shall fail to keep, in an open place where both shall have a just and equal chance (and beholders could witness the competition)."

وعدہ ٹھہرا، نہ ہم اس کی خلاف ورزی کریں اور نہ تو، ایک ہموار جگہ میں ﴿58﴾

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَ اَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿59﴾

59. [Mūsā (Moses)] said: "Your appointed meeting is the day of the festival, and let the people assemble when the sun has risen (forenoon)."

اس (موسیٰ) نے کہا: تمھارا وعدہ زینت (جشن) کا دن ہے، اور یہ کہ لوگ دن چڑھے اکٹھے کیے جائیں ﴿59﴾

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿60﴾

60. So Fir'aun (Pharaoh) withdrew, devised his plot and then came back.

چنانچہ فرعون (محل میں) واپس آیا اور اپنی ساری چالیں جمع کیں، پھر (میدان میں) آ گیا ﴿60﴾

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَ قَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿61﴾

61. Mūsā (Moses) said to them: "Woe to you! Invent not a lie against Allāh, lest He should destroy you completely by a torment. And surely, he who invents a lie (against Allāh) will fail miserably."

موسیٰ نے ان سے کہا: تمھارے لیے ہلاکت ہو! تم اللہ پر جھوٹ نہ گھڑو، ورنہ وہ عذاب سے تمھیں تباہ کر دے گا اور جس نے جھوٹ گھڑا یقیناً وہ ناکام رہا ﴿61﴾

فَتَنَازَعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَ اَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿62﴾

62. Then they debated one with another what they must do, and they kept their talk secret.

پھر انھوں نے آپس میں اپنے معاملے میں باہم اختلاف کیا اور رازداری سے مشورہ کیا ﴿62﴾

قَالُوْۤا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَ يَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿63﴾

63. They said: "Verily, these are two magicians. Their object is to drive you out from your land with their magic, and to take you away from your superior way (overcome your chiefs and nobles).

وہ بولے: بلاشبہ یہ دونوں جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دیں اور تمھارا اعمدہ نظام لے جائیں (تباہ و برباد کر دیں) ﴿63﴾

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَ قَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿64﴾

64. "So devise your plot, and then assemble in line. And whoever overcomes this day will be indeed successful."

لہٰذا اپنی تدبیریں پختہ کر لو، پھر صف باندھ کر آ جاؤ اور بلاشبہ جو (آج) غالب رہا وہ کامیاب ٹھہرا ﴿64﴾

قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِيَ وَ اِمَّاۤ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿65﴾

65. They said: "O Mūsā (Moses)! Either you throw first or we be the first to throw?"

(ان جادوگروں نے) کہا: اے موسیٰ! یا تو تو ڈال یا ہم ہی ہوں پہلے ڈالنے والے؟ ﴿65﴾

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿66﴾

66. [Mūsā (Moses)] said: "Nay, throw you (first)!" Then behold! their ropes and their sticks, by their magic, appeared to him as though they moved fast.

اس (موسیٰ) نے کہا: بلکہ تم ہی ڈالو، پھر ناگہاں ان کے جادو کی وجہ سے موسیٰ کو یہ خیال گزرنے لگا کہ ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں بلاشبہ دوڑ رہی ہیں ﴿66﴾

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿67﴾

67. So Mūsā (Moses) conceived fear in himself.

پھر موسیٰ نے اپنے نفس میں خوف محسوس کیا ﴿67﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾

ہم نے کہا: خوف نہ کھا، بے شک تو ہی غالب رہے گا ﴿٦٨﴾

68. We (Allāh) said: "Fear not! Surely, you will have the upper hand.

وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾

اور جو (لاٹھی) تیرے دائیں ہاتھ میں ہے اسے ڈال دے، وہ اس کو نگل جائے گی جو کچھ انھوں نے بنایا ہے، بس انھوں نے تو جادوگر کا فریب بنایا ہے، اور جادوگر جہاں سے بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا ﴿٦٩﴾

69. "And throw that which is in your right hand! It will swallow up that which they have made. That which they have made is only a magician's trick, and the magician will never be successful, to whatever amount (of skill) he may attain."

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾

چنانچہ جادوگر بے اختیار سجدے میں گر گئے، اور کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے ﴿٧٠﴾

70. So, the magicians fell down prostrate. They said: "We believe in the Lord of Hārūn (Aaron) and Mūsā (Moses)."

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾

فرعون نے کہا: کیا تم میری اجازت سے پہلے ہی اس پر ایمان لائے ہو؟ یقیناً یہ تمھارا بڑا ہی تو ہے جس نے تمھیں جادو سکھایا، لہٰذا میں تمھارے ہاتھ اور پاؤں ایک دوسرے کی مخالف سمتوں سے ضرور کٹواؤں گا، اور تمھیں کھجور کے تنوں پر ضرور سولی دوں گا، اور تمھیں ضرور معلوم ہو جائے گا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ﴿٧١﴾

71. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Believe you in him [Mūsā (Moses)] before I give you permission? Verily, he is your chief who has taught you magic. So, I will surely cut off your hands and feet on opposite sides, and I will surely crucify you on the trunks of date palms, and you shall surely know which of us [I (Fir'aun – Pharaoh) or the Lord of Mūsā (Moses) (Allāh)] can give the severe and more lasting torment."

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾

وہ کہنے لگے: ہم تجھے کبھی ترجیح نہیں دیں گے اُن واضح دلائل پر جو ہمارے پاس آ چکے اور نہ اس ذات پر جس نے ہمیں پیدا کیا، لہٰذا تو جو کر سکتا ہے کر گزر، بس تُو تو اس دنیاوی زندگی ہی کا فیصلہ کرے گا ﴿٧٢﴾

72. They said: "We prefer you not over what have come to us of the clear signs and to Him (Allāh) Who created us. So, decree whatever you desire to decree, for you can only decree (regarding) this life of the world.

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾

بے شک ہم اپنے رب پر ایمان لائے ہیں تاکہ وہ ہمیں بخش دے ہماری خطائیں اور وہ جادو بھی جس پر تو نے ہمیں مجبور کیا، اور اللہ بہت بہتر اور وہی باقی رہنے والا ہے ﴿٧٣﴾

73. "Verily, we have believed in our Lord, that He may forgive us our faults, and the magic to which you did compel us. And Allāh is better [as regards reward in comparison to your Fir'aun's (Pharaoh's) reward], and more lasting (as regards punishment in comparison to your punishment)."

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ

بے شک جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کر

74. Verily, whoever comes to his Lord as a *Mujrim* (criminal,

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾

polytheist, sinner, disbeliever in the Oneness of Allāh and His Messengers), then surely, for him is Hell, wherein he will neither die nor live.

حاضر ہوگا تو یقیناً اس کے لیے جہنم ہے جس میں نہ تو وہ مرے گا اور نہ جیے گا ﴿٧٤﴾

وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾

75. But whoever comes to Him (Allāh) as a believer (in the Oneness of Allāh), and has done righteous good deeds, for such are the high ranks (in the Hereafter),

اور جو اس کے حضور مومن (بن کر) حاضر ہوگا، جبکہ اس نے نیک عمل کیے ہوں، تو انھی (لوگوں) کے درجے بلند ہیں ﴿٧٥﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾

اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرقان (تورات) اور روشنی عنایت کی اور (ان) متقین کے لیے نصیحت (دی) ﴿48﴾

48. And indeed We granted to Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron) the criterion (of right and wrong), and a shining light [i.e. the Taurāt (Torah)] and a Reminder for *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿49﴾

جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے بھی ڈرنے والے ہیں ﴿49﴾

49. Those who fear their Lord without seeing Him, and they are afraid of the Hour (Day of Resurrection—*Yaumul-Qiyāmah*).

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿50﴾ ع 4 9 45

اور یہ (قرآن) بابرکت ذکر ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے، کیا پھر تم اس کے منکر ہو؟ ① ﴿50﴾

50. And this is a blessed Reminder (the Qur'ān) which We have sent down; will you then (dare to) deny it?[2]

وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿51﴾

اور بلاشبہ اس سے بھی پہلے ہم نے ابراہیم کو اس کی دانائی دی تھی اور ہم اسے خوب جاننے والے تھے ﴿51﴾

51. And indeed We bestowed aforetime on Ibrāhīm (Abraham) his (portion of) guidance, and We were All-Knower of him (as to his belief in the Oneness of Allāh).

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿52﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: یہ کیا مورتیاں ہیں جن کے لیے تم مجاور (بنے بیٹھے) ہو؟ ﴿52﴾

52. When he said to his father and his people: "What are these images to which you are devoted?"

[1] (V.21:45) See the footnote of (V.3:103).
[2] (V.21:50)
a) See the footnote of (V.10:37).
b) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ یونس: 37/10) اور (سورۂ آل عمران: 85/3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿53﴾

53. They said: "We found our fathers worshipping them."

وہ کہنے لگے: ہم نے اپنے باپ دادا کو انھی کی عبادت کرتے ہوئے پایا﴿53﴾

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿54﴾

54. He said: "Indeed you and your fathers have been in manifest error."

اس (ابراہیم) نے کہا: بلاشبہ تم اور تمھارے باپ دادا کھلی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہو﴿54﴾

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿55﴾

55. They said: "Have you brought us the Truth, or are you one of those who play about?"

انھوں نے کہا: کیا تو ہمارے پاس حق لایا ہے یا تو کھیلنے والوں میں سے ہے؟﴿55﴾

قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿56﴾

56. He said: "Nay, your Lord is the Lord of the heavens and the earth, Who created them and to that I am one of the witnesses.

اس (ابراہیم) نے کہا: بلکہ تمھارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے انھیں پیدا کیا اور میں اس پر (تمھارے سامنے) گواہی دینے والوں میں سے ہوں﴿56﴾

وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿57﴾

57. "And by Allāh, I shall plot a plan (to destroy) your idols after you have gone away and turned your backs."

اور اللہ کی قسم! تمھارے پیٹھ پھیر کر چلے جانے کے بعد میں ضرور بالضرور تمھارے بتوں کے ساتھ ایک تدبیر کروں گا﴿57﴾

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿58﴾

58. So he broke them to pieces, (all) except the biggest of them, that they might turn to it.

چنانچہ اس نے ان کے بڑے (بت) کے سوا ان (سب) کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں﴿58﴾

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿59﴾

59. They said: "Who has done this to our *ālihah* (gods)? He must indeed be one of the *Zālimun* (wrong doers)."

وہ کہنے لگے: کس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ (حال) کیا ہے؟ بلاشبہ وہ ضرور ظالموں میں سے ہے﴿59﴾

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿60﴾

60. They said: "We heard a young man talking against them, who is called Ibrāhīm (Abraham)."

(بعض) کہنے لگے: ہم نے ایک نوجوان کو ان کا ذکر کرتے سنا تھا، اسے ابراہیم کہا جاتا ہے﴿60﴾

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿61﴾

61. They said: "Then bring him before the eyes of the people, that they may testify."

انھوں نے کہا: پھر تم اسے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لے آؤ، تاکہ وہ دیکھیں﴿61﴾

قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿62﴾

62. They said: "Are you the one who has done this to our gods, O Ibrāhīm (Abraham)?"

انھوں نے کہا: اے ابراہیم! کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ (کام) کیا ہے؟﴿62﴾

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿63﴾

63. [Ibrāhīm (Abraham)] said: "Nay, this one, the biggest of them (idols) did it. Ask them, if they can speak!" [1]

اس (ابراہیم) نے کہا: (نہیں) بلکہ یہ (کام) ان کے اس بڑے نے کیا ہے، لہٰذا تم ان سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں﴿63﴾ ①★

[1] (V.21:63) See the footnote (C) of (V.16:121).

① ایک حدیث میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے منسوب تین جھوٹوں کا ذکر ہے: یہ ان میں سے ایک ہے جیسا کہ حدیث میں اس کی تفصیل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اہلیہ (سارہ) کے ساتھ ہجرت کی، وہ انہیں لے کر ایک ایسی بستی میں پہنچے جہاں ایک بادشاہ یا ظالم و جابر حکمران تھا۔ اس نے ابراہیم علیہ السلام کو پیغام بھیجا کہ وہ سارہ کو اس (بادشاہ) کے پاس بھیج

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿64﴾

پھر وہ اپنے نفسوں میں (سوچتے ہوئے) لوٹے اور (باہم) کہنے لگے: بے شک تم ہی ظالم ہو ﴿64﴾

64. So they turned to themselves and said: "Verily, you are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)."

ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿65﴾

پھر وہ (شرمندگی کے مارے) اپنے سروں کے بل اوندھے ہو رہے (اور کہا:) بلاشبہ تو جانتا ہے کہ یہ (بت) بولتے نہیں ﴿65﴾

65. Then they turned to themselves (their first thought and said): "Indeed you [Ibrāhīm (Abraham)] know well that these (idols) speak not!"

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿66﴾

اس (ابراہیم) نے کہا: کیا پھر تم اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہو جو تمھیں کچھ نفع نہیں دے سکتے اور نہ تمھیں نقصان دے سکتے ہیں؟ ﴿66﴾

66. [Ibrāhīm (Abraham)] said: "Do you then worship besides Allāh, things that can neither profit you nor harm you?

اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾

تُف ہے تم پر اور ان پر جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿67﴾

67. "Fie upon you, and upon that which you worship besides Allāh! Have you then no sense?"

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿68﴾

انھوں نے کہا: اگر تم (کچھ) کرنے والے ہو تو اس (ابراہیم) کو جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو ﴿68﴾

68. They said: "Burn him and help your *ālihah* (gods), if you will be doing."

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾

ہم نے کہا: اے آگ! تو ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا ﴿69﴾

69. We (Allāh) said: "O fire! Be you coolness and safety for Ibrāhīm (Abraham)!"

وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿70﴾

اور انھوں نے اس (ابراہیم) کے ساتھ فریب کا ارادہ کیا تو ہم نے انھیں انتہائی خسارے والے بنا دیا ﴿70﴾

70. And they wanted to harm him, but We made them the worst losers.

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾

اور ہم نے اسے (ابراہیم) اور لوط کو اس زمین کی طرف نجات دی جس میں ہم نے اہلِ عالم کے لیے برکت رکھی تھی ﴿71﴾

71. And We rescued him and Lūt (Lot) to the land which We have blessed for the *'Ālamīn* (mankind and jinn).

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿72﴾

اور ہم نے اسے اسحٰق بخشا، اور یعقوب مزید (دیا)، اور ہم نے ہر ایک کو صالح بنایا ﴿72﴾

72. And We bestowed upon him Ishāq (Isaac), and (a grandson) Ya'qūb (Jacob). Each one We made righteous.

★ بقیہ حاشیہ: انبیاء، آیت: 63.

دے، چنانچہ جب ابراہیم نے سارہ کو (بادشاہ کے پاس) بھیج دیا تو وہ اس کی طرف بدی کی نیت سے بڑھا، لیکن سارہ اٹھ کھڑی ہوئیں۔ انہوں نے وضو کیا اور نماز ادا کی اور عرض کیا: یا اللہ! میں تجھ پر اور تیرے رسول پر ایمان لائی ہوں تو اس کافر کو مجھ پر مسلط نہ ہونے دے۔ (یہ دعا کرنا ہی تھا کہ) وہ بادشاہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑا اور اپنی ٹانگیں زمین پر رگڑنے لگا۔" (صحیح البخاری، الإکراہ، باب: 6 حدیث: 6950) اس نے تین مرتبہ ایسا کیا اور ہر مرتبہ اس کا یہی حشر ہوا بالآخر اس نے حضرت سارہ کو چھوڑ دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس موقعے پر اپنی بیوی سارہ کو اپنی "بہن" کہا تھا۔ یہ ایک توریہ تھا، مقصد دینی بہن تھا۔ اسی طرح دو اور موقعوں پر آپ نے توریہ فرمایا، ایک اس وقت جب فرمایا: "میں بیمار ہوں۔" اور دوسرا اس وقت جب بتوں کو توڑا اور قوم کے پوچھنے پر فرمایا: "اس بڑے بت نے یہ کام کیا ہے۔ (جس کا ذکر آیت زیر بحث میں ہے) اس لیے اس سے پوچھو!" یہ تینوں باتیں تعریض، کنایہ اور توریے کی قسم سے ہیں، لیکن حدیث میں انہیں ان کی ظاہری شکل کے اعتبار سے جھوٹ کہا گیا ہے۔ حقیقت میں یہ جھوٹ نہیں ہیں لیکن [حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ] کے تحت ایسا کیا گیا ہے، جیسے حضرت آدم علیہ السلام کے نسیان کو بھی ﴿وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى﴾ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اس لیے حدیث پر اعتراض کرنے اور اسے رد کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے جیسے بعض معاصرین کر رہے ہیں۔ (نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿٧٣﴾

اور ہم نے انھیں امام بنایا، وہ ہمارے حکم سے (لوگوں کو) راہ ہدایت بتاتے تھے اور ہم نے ان پر نیکیاں کرنے، نماز قائم رکھنے اور زکاۃ دینے کی وحی کی، اور وہ ہمارے عبادت گزار (بندے) تھے ﴿٧٣﴾

73. And We made them leaders, guiding (mankind) by Our Command, and We revealed to them the doing of good deeds, performing *As-Salāt* (the prayers – *Iqâmat-as-Salât)*, and the giving of *Zakāt* (obligatory charity), and of Us (Alone) they were worshippers.

وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿٧٤﴾ۙ

اور ہم نے لوط کو حکم (نبوت) اور علم دیا اور ہم نے اسے اس بستی سے نجات دی وہ (اس کے باشندے) بدکاریاں کرتے تھے۔ بلاشبہ وہ بہت برے اور نافرمان لوگ تھے ﴿٧٤﴾

74. And (remember) Lūt (Lot), We gave him *Hukm* (right judgement of the affairs and Prophethood) and (religious) knowledge, and We saved him from the town (folk) who practised *Al-Khabā'ith* (evil, wicked and filthy deeds). Verily, they were a people given to evil, and were *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ع

اور ہم نے اس (لوط) کو اپنی رحمت میں داخل کیا، بے شک وہ صالحین میں سے تھا ﴿٧٥﴾

75. And We admitted him to Our Mercy; truly, he was of the righteous.

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ۚ

اور نوح کو بھی (یاد کریں) جب اس سے پہلے اس نے (ہمیں) پکارا تو ہم نے اس کی دعا قبول کی، چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے اہل (مومنوں) کو بہت بڑے غم سے نجات دی ﴿٧٦﴾

76. And (remember) Nūh (Noah), when he cried (to Us) aforetime. We answered to his invocation and saved him and his family from the great distress.

وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾

اور ہم نے اس کی مدد کی اس قوم کے خلاف جس نے ہماری آیات کو جھٹلایا تھا، بے شک وہ برے لوگ تھے، لہٰذا ہم نے ان سب کو غرق کر دیا ﴿٧٧﴾

77. We helped him against the people who denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.). Verily, they were a people given to evil. So We drowned them all.

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾ۙ

اور (یاد کریں) داود اور سلیمان کو جب وہ دونوں اس کھیتی کی بابت فیصلہ کر رہے تھے جسے رات کو (ایک) قوم کی بکریاں چر گئی تھیں، اور ہم ان کے فیصلے کے شاہد تھے ﴿٧٨﴾

78. And (remember) Dāwūd (David) and Sulaimān (Solomon), when they gave judgement in the case of the field in which the sheep of certain people had pastured at night; and We were witness to their judgement.

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾

چنانچہ ہم نے وہ (فیصلہ) سلیمان کو سمجھا دیا، اور ہر ایک کو ہم نے حکم (نبوت) اور علم دیا، اور ہم نے داود کے ساتھ پہاڑ اور پرندے مسخر کیے تھے، وہ تسبیح کرتے تھے، اور (یہ) ہم ہی کرنے والے تھے ﴿٧٩﴾

79. And We made Sulaimān (Solomon) to understand (the case); and to each of them We gave *Hukm* (right judgement of the affairs and Prophethood) and knowledge. And We subjected

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

the mountains and the birds to glorify Our Praises along with Dāwūd (David). And it was We Who were the doer (of all these things).

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

80. And We taught him the making of metal coats of mail (for battles), to protect you in your fighting. Are you then grateful?

اور ہم نے اسے تمھارے لیے زرہ بنانا سکھایا تھا، تاکہ تمھاری لڑائی (کی تکلیف) سے تمھیں بچائے، پھر کیا تم شکر کرنے والے ہو؟ ﴿۸۰﴾

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾

81. And to Sulaimān (Solomon) (We subjected) the wind strongly raging, running by his command towards the land which We had blessed. And of everything We are All-Knower.

اور (ہم نے) سلیمان کے لیے تندوتیز ہوا (مسخر کردی)، وہ اس کے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے برکت رکھی تھی، اور ہم ہی ہر چیز کو خوب جاننے والے ہیں ﴿۸۱﴾

وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾

82. And of the *Shayātīn* (devils from the jinn) were some who dived for him, and did other work besides that; and it was We Who guarded them.

اور کئی شیطان بھی (تابع کیے تھے) جو اس کے لیے (سمندر میں) غوطہ لگاتے، اور اس کے علاوہ بھی کئی کام کرتے تھے اور ہم ہی ان کے نگران تھے ﴿۸۲﴾

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

83. And (remember) Ayyūb (Job), when he cried to his Lord: "Verily, distress has seized me, and You are the Most Merciful of all those who show mercy."

اور (یاد کریں) ایوب کو جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ بے شک مجھے تکلیف پہنچی ہے، اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ﴿۸۳﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۪ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾

84. So We answered his call, and We removed the distress that was on him, and We restored his family to him (that he had lost) and the like thereof along with them as a mercy from Ourselves and a Reminder for all those who worship Us.

چنانچہ ہم نے اس کی دعا قبول کی اور جو بھی تکلیف اسے تھی اس کو ہم نے دور کر دیا اور ہم نے اسے اس کے اہل وعیال بھی دیے، اور اپنی طرف سے مہربانی کے لیے ان کے ساتھ اتنے ہی اور بھی عطا کیے، اور عبادت گزاروں کی نصیحت کے لیے ﴿۸۴﴾

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

85. And (remember) Isma'īl (Ishmael), Idrīs and Dhul-Kifl (Isaiah): all were from among *As-Sābirūn* (the patient).

اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو (یاد کریں) یہ سب صابر تھے ﴿۸۵﴾

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾

86. And We admitted them to Our Mercy. Verily, they were of the righteous.

اور ہم نے انھیں اپنی رحمت میں داخل کیا، بے شک وہ صالحین میں سے تھے ﴿۸۶﴾

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

87. And (remember) Dhun-Nūn [Yūnus (Jonah)], when he went off in anger, and imagined that We shall not punish him (i.e. the calamities which had befallen him)! But he cried through the

اور (یاد کریں) مچھلی والے (یونس) کو، جب وہ (اپنی قوم سے) ناراض ہو کر چلا گیا تھا اور اس نے سمجھا تھا کہ ہم اس پر ہرگز تنگی نہیں کریں گے، پھر اس نے (ہمیں) اندھیروں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

darkness (saying): "*Lā ilāhā illā Anta* [none has the right to be worshipped but You (O Allāh)], Glorified (and Exalted) are You [above all that (evil) they associate with You]! Truly, I have been of the wrong doers."

معبود نہیں، تو پاک ہے، بلاشبہ میں ہی ظالموں میں سے ہوں (87)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾

88. So, We answered his call, and delivered him from the distress. And thus We do deliver the believers (who believe in the Oneness of Allāh, abstain from evil and work righteousness).

چنانچہ ہم نے اس کی دعا قبول کی، اور ہم نے اسے غم سے نجات دی، اور ہم اسی طرح مومنوں کو نجات دیتے ہیں (88)

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿89﴾

89. And (remember) Zakariyyā (Zechariah), when he cried to his Lord: "O My Lord! Leave me not single (childless), though You are the Best of the inheritors."

اور (یاد کریں) زکریا کو، جب اس نے اپنے رب کو پکارا تھا: اے میرے رب! تو مجھے اکیلا نہ چھوڑ، اور تو ہی بہترین وارث ہے (89)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿90﴾

90. So, We answered his call, and We bestowed upon him Yahyā (John), and cured his wife (to bear a child) for him. Verily, they used to hasten on to do good deeds, and they used to call on Us with hope and fear, and used to humble themselves before Us.

چنانچہ ہم نے اس کی دعا قبول کی، اور ہم نے اسے یحییٰ عطا کیا، اور ہم نے اس کے لیے اس کی بیوی کو درست کر دیا، بے شک وہ (انبیاء علیہم السلام) نیکیوں میں جلدی کرتے اور ہمیں رغبت اور ڈر سے پکارتے تھے، اور وہ ہمارے لیے ہی عجز و انکسار کرنے والے تھے (90)

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿91﴾

91. And she who guarded her chastity [Virgin Maryam (Mary)], We breathed into (the sleeves of) her (shirt or garment) through Our *Rūh* [Jibrāīl (Gabriel)],[1] and We made her and her son ['Īsā (Jesus)] a sign for *Al-'Ālamīn* (mankind and jinn).

اور اس عورت کو (یاد کریں) جس نے اپنی شرم گاہ کی حفاظت کی تھی، پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی (1) اور اسے اور اس کے بیٹے (عیسیٰ) کو اہل عالم کے لیے (عظیم) نشانی بنا دیا (91)

اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿92﴾

92. Truly, this, your *Ummah* [*Sharī'ah* or religion (Islāmic Monotheism)] is one religion, and I am your Lord, therefore worship Me (Alone). (*Tafsīr Ibn Kathīr*)

بلاشبہ یہ تمھارا دین ایک ہی دین ہے اور میں تمھارا رب ہوں، لہٰذا تم میری ہی عبادت کرو (92)

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿93﴾ ع 6 18 6

93. But they have broken up and differed as regards their religion among themselves. (And) they all

اور انھوں نے اپنا معاملہ باہم ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، (بالآخر) سب ہماری ہی طرف لوٹیں گے (93)

[1] (V.21:91) It is said that Jibrāīl (Gabriel) had merely breathed in the sleeve of Maryam's (Mary) shirt and thus she conceived.

(1) بیان کیا جاتا ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کی قمیص میں محض ایک پھونک ماری تھی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس پھونک سے حضرت مریم علیہا السلام کے پیٹ میں حضرت مسیح علیہ السلام کو پیدا فرما دیا۔ (تفسیر القرطبی)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

shall return to Us.

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿94﴾

چنانچہ جو بھی نیک عمل کرے اور وہ مومن (بھی) ہو تو اس کی کوشش کی ناقدری نہ ہوگی اور بے شک ہم اس کے لیے (اس کے اعمال) لکھنے والے ہیں[1] ﴿94﴾

94. So, whoever does righteous good deeds while he is a believer (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism), his efforts will not be rejected. Verily, We record it for him (in his Book of deeds).[1]

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿95﴾

اور ہر بستی جسے ہم نے ہلاک کیا ہے اس پر لازم ہے کہ بلاشبہ وہ (اس کے باشندے دنیا کی طرف) نہیں لوٹیں گے ﴿95﴾

95. And a ban is laid on every town (population) which We have destroyed that they shall not return (to this world again, nor repent to Us).

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿96﴾

حتیٰ کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے تیزی سے (دوڑتے) آئیں گے[2] ﴿96﴾

96. Until, when Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people)[2] are let loose (from their barrier), and they swoop down from every mound.

وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿97﴾

اور سچا وعدہ (یوم قیامت) قریب آ پہنچے گا، تب کافروں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی، (اور وہ کہیں گے:) ہائے ہماری کم بختی! ہم اس (وعدے) سے غفلت میں رہے، بلکہ ہم ہی ظالم تھے ﴿97﴾

97. And the true promise (Day of Resurrection) shall draw near (of fulfillment). Then (when mankind is resurrected from the graves), you shall see the eyes of the disbelievers fixedly staring in horror. (They will say:) "Woe to us! We were indeed heedless of this — nay, but we were *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)."

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿98﴾

بے شک تم اور جن کی اللہ کے سوا تم عبادت کرتے ہو جہنم کا ایندھن ہیں، تم اس میں داخل ہونے والے ہو[3] ﴿98﴾

98. Certainly you (disbelievers) and that which you are worshipping now besides Allāh, are (but) fuel for Hell! (Surely) you will enter it.[3]

---

[1] (V.21:94) See the footnote of (V.9:121).

[2] (V.21:96) See the footnote of (V.18:94).

[3] (V.21:98) When the following Statement of Allāh عز وجل was revealed: "Certainly you (disbelievers) and that which you are worshipping now besides Allāh, are (but) fuel for Hell! (Surely) you will enter it."

The Quraish pagans were delighted and said: "We are pleased to be with our gods in the Hell-fire, as the idols will be with the idolaters (in the Hell-fire), and therefore 'Īsā (Jesus), the son of Maryam (Mary) will be with his worshippers (i.e. in the Hell-fire) and so on.

So (to clear the misunderstanding) Allāh عز وجل revealed the following Verse (to deny and reject their claim): "Verily, those for whom the good has preceded from Us, they will be removed far therefrom (Hell). [e.g. 'Īsā (Jesus), the son of Maryam (Mary); 'Uzair (Ezra)]." (V. 21:101)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ توبہ: 121/9) ② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ کہف: 94/18)

③ جب اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نازل ہوا تو مشرکین قریش بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے: ہم خوش ہیں کہ دوزخ میں ہم اپنے معبودوں کے ساتھ ہوں گے جیسا کہ بت (دوزخ میں) اپنے پجاریوں کے ساتھ ہوں گے، لہٰذا عیسیٰ ابن مریم اور عزیر علیہما السلام بھی (دوزخ میں) اپنے پجاریوں کے ساتھ ہوں گے اور اسی طرح دوسرے لوگ بھی..... چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلے کی وضاحت اور ان مشرکین کے اس دعوے کی تردید و انکار کے لیے قرآن کریم کی آیت: (101:21) نازل فرمائی: "بے شک جن لوگوں کے لیے ہماری طرف سے پہلے ہی نیکی اور بھلائی مقدر ہو چکی ہے وہ یقیناً دوزخ سے دور ہی رکھے جائیں گے۔" (عیسیٰ ابن مریم اور عزیر علیہما السلام وغیرہ) ملاحظہ ہو (تفسیر ابن کثیر، سورۂ انبیاء: 101/21)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿99﴾

99. Had these (idols) been *ālihah* (gods), they would not have entered there (Hell), and all of them will abide therein forever.

اگر یہ (واقعی) معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے، اور وہ سب ہمیشہ اس (جہنم) میں رہیں گے ﴿99﴾

لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾

100. Therein they will be breathing out with deep sighs and roaring and therein they will hear not.[1]

اس میں ان کے لیے چیخنا چلانا ہوگا، اور وہ اس میں (کچھ) نہ سن پائیں گے[1] ﴿100﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿101﴾

101. Verily, those for whom the good has preceded from Us, they will be removed far therefrom (Hell) [e.g. 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary); 'Uzair (Ezra)].

بے شک جن لوگوں کے لیے ہماری طرف سے پہلے ہی نیکی اور بھلائی مقدر ہو چکی ہے وہ اس سے دور رکھے جائیں گے ﴿101﴾

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿102﴾

102. They shall not hear the slightest sound of it (Hell), while they abide in that which their ownselves desire.

وہ اس کی آہٹ (بھی) نہ سنیں گے، اور وہ ان (نعمتوں) میں ہمیشہ رہیں گے جو ان کے دل چاہیں گے ﴿102﴾

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿103﴾

103. The greatest terror (on the Day of Resurrection) will not grieve them, and the angels will meet them, (with the greeting:) "This is your Day which you were promised."

بڑی گھبراہٹ انھیں غمناک نہیں کرے گی، اور فرشتے ان سے (یہ کہہ کر) ملیں گے: یہ ہے تمھارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿103﴾

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿104﴾

104. And (remember) the Day when We shall roll up the heaven like a scroll rolled up for books. As We began the first creation, We shall repeat it. (It is) a promise binding upon Us. Truly, We shall do it.

جس دن ہم آسمان کو لکھے ہوئے کاغذ کے لپیٹنے کی طرح لپیٹ دیں گے، جس طرح ہم نے پہلی تخلیق کی ابتدا کی تھی اسی طرح ہم پھر اس کا اعادہ کریں گے۔ (یہ) وعدہ ہمارے ذمے ہے، بے شک ہم اسے (پورا) کرنے والے ہیں ﴿104﴾

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿105﴾

105. And indeed We have written in Az-Zabūr [i.e. all the revealed Holy Books the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), the Psalms, the Qur'ān] after (We have already written in) *Adh-Dhikr* [*Al-Lauh Al-Mahfūz* (the Book that is in the heaven with Allāh)] that My righteous slaves shall inherit the land (i.e. the land of Paradise).

اور بلاشبہ ہم زبور میں نصیحت کے بعد یہ لکھ چکے ہیں کہ بے شک میرے نیک بندے زمین کے وارث ہوں گے ﴿105﴾

---

[1] (V.21:100) Ibn Mas'ūd رضي الله عنه recited this Verse and then said: "When those (who are destined to remain in the Hell-fire forever) will be thrown in the Hell-fire, each of them will be put in a separate *Tabūt* (box) of Fire, so that he will not see anyone punished in the Hell-fire except himself." Then Ibn Mas'ūd recited this Verse (21:100). (*Tafsir Ibn Kathir, Tabari* and *Qurtubī*)

[1] حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی اور فرمایا: "جب وہ لوگ (جن کے لیے یہ مقدر ہو چکا ہے کہ وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور) دوزخ میں پھینکے جائیں گے تو ان میں سے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ آگ کے تابوت (صندوق) میں ڈال دیا جائے گا چنانچہ وہ یہ نہ دیکھ سکے گا کہ اس کے سوا کسی اور کو بھی دوزخ کی سزا دی گئی ہے۔" پھر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس آیت: (21/100) کی تلاوت کی۔ (ابن کثیر، الطبری، القرطبی)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾

بلاشبہ اس میں (ہمارے) عبادت گزار بندوں کے لیے ایک اطلاع ہے ﴿١٠٦﴾

106. Verily, in this (the Qur'ān) there is a plain Message for people who worship Allāh (i.e. the true, real believers of Islāmic Monotheism who act practically on the Qur'ān and the *Sunnah* — legal ways of the Prophet ﷺ).

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾

اور (اے نبی!) ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے ﴿١٠٧﴾

107. And We have sent you (O Muhammad ﷺ) not but as a mercy for the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

قُلْ إِنَّمَا يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٨﴾

کہہ دیجیے: میری طرف تو صرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ بس تمھارا معبود ایک ہی ہے، پھر کیا تم مسلمان ہو ﴿١٠٨﴾

108. Say (O Muhammad ﷺ): "It is revealed to me that your *Ilāh* (God) is only one *Ilāh* (God – Allāh). Will you then submit to His Will (become Muslims and stop worshipping others besides Allāh)?"

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ آذَنتُكُمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۖ وَإِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ أَم بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ ﴿١٠٩﴾

پھر اگر وہ پھریں تو کہہ دیجیے: میں نے تمھیں یکساں طور پر خبردار کر دیا ہے، اور میں نہیں جانتا کہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا بعید ہے ﴿١٠٩﴾ ①

109. But if they (disbelievers, idolaters, Jews, Christians, polytheists) turn away (from Islāmic Monotheism) say (to them O Muhammad ﷺ): "I give you a notice (of war as) to be known to us all alike. And I know not whether that which you are promised (i.e. the torment or the Day of Resurrection) is near or far.[1] "

إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ ﴿١١٠﴾

بے شک وہ (اللہ) پکار کر کہی ہوئی بات کو بھی جانتا ہے، اور جو تم چھپاتے ہو، اس کو بھی جانتا ہے ﴿١١٠﴾

110. (Say O Muhammad ﷺ:) "Verily, He (Allāh) knows that which is spoken aloud (openly) and that which you conceal.

وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١١١﴾

اور میں نہیں جانتا شاید یہ (تاخیرِ عذاب) تمھارے لیے آزمائش اور ایک وقت تک فائدہ ہے ﴿١١١﴾

111. "And I know not, perhaps it may be a trial for you, and an enjoyment for a while."

قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١١٢﴾ ع 7 19 7

(رسول نے) کہا: اے میرے رب! حق کے ساتھ فیصلہ فرما، اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے، جو باتیں تم بیان کرتے ہو ان پر وہی مدد مانگے جانے کے لائق ہے ﴿١١٢﴾

112. He (Muhammad ﷺ) said: "My Lord! Judge You in truth! Our Lord is the Most Gracious, Whose Help is to be sought against that which you attribute (to Allāh that He has offspring, and to Muhammad ﷺ that he is a sorcerer, and to the Qur'ān

[1] (V.21:109) See the footnote of (V.2:193).

① ملاحظہ ہو: (حاشیہ سورۂ بقرہ 2: 193)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

that it is poetry)!"

Sūrat Al-Hajj (The Pilgrimage) 22	سورۂ حج	سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ (103) رُكُوْعَاتُهَا 10 (22) سُوْرَتُهَا 78
In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.	اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
1. O mankind! Fear your Lord and be dutiful to Him! Verily, the earthquake of the Hour (of Judgement) is a terrible thing.	اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی (ہولناک) چیز ہے①	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ①
2. The Day you shall see it, every nursing mother will forget her nursling, and every pregnant one will drop her load, and you shall see mankind as in a drunken state, yet they will not be drunken, but severe will be the torment of Allāh.	جس دن تم اسے دیکھو گے (یہ حال ہوگا) کہ ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے سے غافل ہو جائے گی، اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی، اور آپ لوگوں کو نشے میں (مدہوش) دیکھیں گے، حالانکہ وہ نشے میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب (بڑا ہی) شدید ہوگا②	يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ②
3. And among mankind is he who disputes concerning Allāh, without knowledge, and follows every rebellious (disobedient to Allāh) *Shaitān* (devil) (devoid of every kind of good).	اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ کے بارے میں علم کے بغیر بحث کرتے ہیں، اور وہ ہر سرکش شیطان کی اتباع کرتے ہیں③	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ③
4. For him (the devil) it is decreed that whosoever follows him, he will mislead him, and will drive him to the torment of the Fire. (*Tafsir At-Tabari*)	اس کی بابت لکھ دیا گیا کہ بے شک جو کوئی اس سے دوستی کرے گا تو وہ یقیناً اسے گمراہ کرے گا اور اس کی دوزخ کے عذاب کی طرف رہنمائی کرے گا④	كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④
5. O mankind! If you are in doubt about the Resurrection, then verily, We have created you (i.e. Adam) from dust, then from a *Nutfah* (mixed drops of male and female sexual discharge, i.e. the offspring of Adam), then from a clot (a piece of thick	اے لوگو! اگر تم دوبارہ جی اٹھنے کے متعلق شک میں ہو تو (تمہیں علم ہونا چاہیے کہ) بلاشبہ ہم نے ہی تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کے لوتھڑے سے① جو واضح شکل و صورت اور غیر واضح شکل و صورت والا ہوتا ہے، تاکہ ہم تمہارے لیے (اپنی قدرت و حکمت) واضح	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ

① حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر ایک اپنی ماں کے شکم میں پہلے چالیس روز تک (نطفہ کی صورت میں) رکھا جاتا ہے، پھر وہ چالیس روز تک جمے ہوئے خون کی صورت میں رہتا ہے، پھر وہ چالیس روز تک گوشت کا لوتھڑا بن کر رہتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے کہ وہ چار باتیں لکھ دے۔ چنانچہ وہ اس کے اعمال، اس کی موت کا وقت، اس کا رزق اور یہ کہ وہ بد بخت ہوگا یا نیک بخت لکھ دیتا ہے، پھر اس کے جسم میں روح پھونکی جاتی ہے، چنانچہ کوئی آدمی دوزخیوں جیسے عمل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے لیکن اس پر تقدیر کا لکھا غالب آ جاتا ہے تو وہ جنتیوں جیسے عمل کر کے جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ایک آدمی جنتیوں جیسے کام کرتا رہتا ہے حتی کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے لیکن اس پر تقدیر کا لکھا غالب آ جاتا ہے اور وہ جہنمیوں جیسے عمل کرنے لگ جاتا ہے اور جہنم میں داخل ہو جاتا ہے۔'' (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب: 1 حدیث: 3332)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝۵

کریں، اور ہم جس (نطفے) کے متعلق چاہیں اسے مقررہ مدت تک رحموں میں ٹھہراتے ہیں، پھر تمھیں ایک بچے کی صورت میں نکالتے ہیں تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو، اور تم میں سے کوئی فوت کر دیا جاتا ہے اور تم میں سے کوئی ناکارہ ترین عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے، تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ بھی نہ جانے، اور آپ زمین بنجر اور خشک پڑی دیکھتے ہیں، پھر جب ہم نے اس پر پانی نازل کیا تو وہ لہلہا اٹھی، اور پھولی، اور اس نے ہر طرح کی خوشنما نباتات نکالیں ۝۵

coagulated blood) then from a little lump of flesh — some formed and some unformed (as in the case of miscarriage) — that We may make (it) clear to you (i.e. to show you Our Power and Ability to do what We will). And We cause whom We will to remain in the wombs for an appointed term, then We bring you out as infants,[1] then (give you growth) that you may reach your age of full strength. And among you there is he who dies (young), and among you there is he who is brought back to the miserable old age, so that he knows nothing after having known. And you see the earth barren, but when We send down water (rain) on it, it is stirred (to life), and it swells and puts forth every lovely kind (of growth).

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶

یہ (سب کچھ) اس لیے کہ بے شک اللہ ہی حق ہے، اور بے شک وہی مردوں کو زندہ کرتا ہے، اور بے شک وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے ۝۶

6. That is because Allāh: He is the Truth, and it is He Who gives life to the dead, and it is He Who is Able to do all things.

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ ۝۷

اور یہ کہ بلاشبہ قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، اور بے شک اللہ ان کو اٹھائے گا جو قبروں میں (پڑے) ہیں ۝۷

7. And surely, the Hour is coming, there is no doubt about it; and certainly, Allāh will resurrect those who are in the graves.

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝۸

اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر علم، بغیر ہدایت اور بغیر روشن کتاب کے بحث کرتے ہیں ۝۸

8. And among men is he who disputes about Allāh, without knowledge or guidance, or a Book giving light (from Allāh),

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

(تکبر کی وجہ سے حق سے) پہلوتہی کرتے ہوئے، تاکہ

9. Bending his neck in pride[2]

[1] (V.22:5) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ, the true and truly inspired, said: "(As regards your creation) every one of you is collected in the womb of his mother for the first forty days, and then he becomes a clot for another forty days, and then a piece of flesh for another forty days. Then Allāh sends an angel to write four words: He writes his deeds, time of his death, means of his livelihood, and whether he will be wretched or blessed (in the Hereafter). Then the soul is breathed into his body. So a man may do deeds characteristic of the people of the (Hell) Fire, so much so that there is only the distance of a cubit between him and it, and then what has been written (by the angel) surpasses; and so he starts doing deeds characteristic of the people of Paradise and enters Paradise. Similarly, a person may do deeds characteristic of the people of Paradise, so much so that there is only the distance of a cubit between him and it, and then what has been written (by the angel) surpasses, and he starts doing deeds of the people of the (Hell) Fire and enters the (Hell) Fire." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3332 (O.P.549)]

[2] (V.22:9) Narrated Abdullah bin Mas'ūd رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said, "Whosoever has pride in his heart equal to the weight of an atom (or a small ant) shall not enter Paradise." A person (amongst the audience) said, "Verily, a person loves that his dress should be beautiful, and his shoes should be beautiful." The Prophet ﷺ ▸▸

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَهٗ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّ نُذِیْقُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِیْقِ ⑨

وہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے بہکائے، اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور یوم قیامت ہم اسے جلانے والا عذاب چکھائیں گے ⑨

(far astray from the path of Allāh), and leading (others) too (far) astray from the path of Allāh. For him there is disgrace in this worldly life, and on the Day of Resurrection We shall make him taste the torment of burning (Fire).

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ یَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ⑩

(کہا جائے گا:) یہ اس کا بدلہ ہے جو تیرے دونوں ہاتھوں نے آگے بھیجا، اور بے شک اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے ⑩

10. That is because of what your hands have sent forth, and verily, Allāh is not unjust to (His) slaves.

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ ِۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨ انْقَلَبَ عَلٰی وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ⑪

اور لوگوں میں سے کوئی اللہ کی عبادت کرتا ہے کنارے (شک) پر، پھر اگر اسے بھلائی مل گئی تو اس پر مطمئن ہو گیا، اور اگر اسے کوئی آزمائش آ پڑی تو اپنے چہرے کے بل پلٹ جاتا ہے، اس نے دنیا اور آخرت میں خسارہ اٹھایا، یہی کھلا خسارہ ہے ⑪

11. And among mankind is he who worships Allāh as it were upon the edge (i.e. in doubt): if good befalls him, he is content therewith; but if a trial befalls him he turns back on his face (i.e. reverts to disbelief after embracing Islām). He loses both this world and the Hereafter. That is the evident loss.

یَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَضُرُّهٗ وَمَا لَا یَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ⑫

وہ اللہ کے سوا اسے پکارتا ہے جو اسے نہ نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ اسے نفع دے سکتا ہے۔ یہی دور کی گمراہی ہے ⑫

12. He calls besides Allāh to that which can neither harm him nor profit him. That is a straying far away.

یَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰی وَلَبِئْسَ الْعَشِیْرُ ⑬

وہ اسے پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، بلاشبہ وہ برا کارساز ہے اور بلاشبہ وہ برا ساتھی ہے ⑬

13. He calls to him whose harm is nearer than his profit; certainly an evil *Maulā* (patron) and certainly an evil friend!

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ ⑭

بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، بے شک اللہ جو چاہے وہی کرتا ہے ⑭

14. Truly, Allāh will admit those who believe (in Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds (according to the Qur'ān and the *Sunnah*) to Gardens underneath which rivers flow (in Paradise). Verily, Allāh does what He wills.

▸▸ remarked, "Verily, Allāh is the Most Beautiful and He loves beauty. (الکبر: بطر الحق وغمط الناس) Pride is to completely disregard the truth, and to scorn (to look down upon) the people." [*Sahih Muslim*, Book of Faith, Vol.1, *Hadīth* No. 91 (S.S.M. 54)]

★ بقیہ حاشیہ: حج، آیت: 9.

⑪ اس سے مراد تکبر کا اظہار ہے جو اللہ کو سخت ناپسند ہے، چنانچہ حدیث میں ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جس کے دل میں رائی برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔'' ایک صحابی نے پوچھا: ایک شخص چاہتا ہے کہ اس کا لباس اور جوتے اچھے ہوں (تو کیا یہ بھی تکبر ہے)؟ آپ نے فرمایا: ''اللہ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے۔ تکبر یہ ہے کہ آدمی حق سے اعراض کرے اور دوسروں کو حقیر سمجھے۔'' (صحیح مسلم، اَلْإِیمَان، بَابُ تَحْرِیمِ الْكِبْرِ وَبَیَانِهِ، حدیث: 91)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿١٥﴾

15. Whoever thinks that Allāh will not help him (Muhammad ﷺ) in this world and in the Hereafter, let him stretch out a rope to the ceiling and let him strangle himself. Then let him see whether his plan will remove that whereat he rages!

جو یہ سمجھتا ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں ہرگز اس (رسول) کی مدد نہ کرے گا تو چاہیے کہ وہ آسمان تک رسی دراز کرے، پھر اسے کاٹ ڈالے اور دیکھے کہ کیا اس کی تدبیر اس کے غصے کو لے جاتی ہے ﴿١٥﴾

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿١٦﴾

16. Thus have We sent it (this Qur'ān) down (to Muhammad ﷺ) as clear signs, evidences and proofs, and surely, Allāh guides whom He wills.

اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو واضح آیات کی صورت میں نازل کیا ہے اور بے شک اللہ جسے چاہے اسے ہدایت دیتا ہے ﴿١٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿١٧﴾

17. Verily, those who believe (in Allāh and in His Messenger Muhammad ﷺ), and those who are Jews, and the Sabians, and the Christians, and the Majūs (Magians) and those who worship others besides Allāh; truly, Allāh will judge between them on the Day of Resurrection. Verily, Allāh is over all things a Witness.[1]

بے شک جو لوگ ایمان لائے، اور جو یہودی ہوئے، اور صابی (بے دین) اور نصاریٰ اور مجوسی اور وہ لوگ جنھوں نے اللہ کے ساتھ شرک کیا، بے شک اللہ ان کے مابین یوم قیامت فیصلہ کرے گا، یقیناً اللہ ہر شے پر شاہد ہے ﴿١٧﴾ ①

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ﴿١٨﴾ السجدة

18. See you not that whoever is in the heavens and whoever is on the earth, and the sun, and the moon, and the stars, and the mountains, and the trees, and *Ad-Dawābb* [moving (living) creatures, beasts], and many of mankind prostrate themselves to Allāh. But there are many (men) on whom the punishment is justified. And whomsoever Allāh disgraces, none can honour him. Verily, Allāh does what He wills.*

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو کوئی آسمانوں میں اور جو کوئی زمین میں ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت سے لوگ (بھی۔) اور بہت سوں پر اس کا عذاب ثابت ہو چکا ہے اور جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں، بے شک اللہ جو چاہے کرتا ہے ﴿١٨﴾ السجدة

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿١٩﴾

19. These two opponents (believers and disbelievers) dispute with each other about their Lord; then as for those who disbelieved, garments of fire will be cut out for them, boiling water will be poured down over their heads.

یہ دو جھگڑنے والے (گروہ) ہیں جنھوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا، چنانچہ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے کاٹے جائیں گے، ان کے سروں کے اوپر سے کھولتا پانی انڈیلا جائے گا ﴿١٩﴾

[1] (V.22:17) See (V.2:62) and its footnotes for the explanation of this Verse.
* (V.22:18) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

① اس آیت کی تفسیر کے لیے ملاحظہ ہو: (حاشیہ سورۂ بقرہ 62/2)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾

20. With it will melt (or vanish away) what is within their bellies, as well as (their) skins.

اس سے وہ سب کچھ گل جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہے اور (ان کی) کھالیں بھی ﴿٢٠﴾

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿٢١﴾

21. And for them are hooked rods of iron (to punish them).

اور ان (کو مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے ﴿٢١﴾

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٢٢﴾

22. Every time they seek to get away therefrom, from anguish, they will be driven back therein, and (it will be) said to them: "Taste the torment of burning!"

اور وہ جب بھی مارے غم کے اس سے باہر نکلنے کا ارادہ کریں گے، اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور (کہا جائے گا:) بے شک جلانے والا عذاب چکھو! ﴿٢٢﴾

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾

23. Truly, Allāh will admit those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, to Gardens underneath which rivers flow (in Paradise), wherein they will be adorned with bracelets of gold and pearls and their garments therein will be of silk.

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے یقیناً اللہ ان کو (ایسے) باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہاں انھیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشم کا ہوگا ﴿٢٣﴾

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾

24. And they are guided (in this world) to goodly speech (i.e. *Lā ilāha illallāh, Al-hamdu lillāh*, recitation of the Qur'ān) and they are guided to the path of Him (i.e. Allāh's religion of Islāmic Monotheism), Who is Worthy of all praises.

اور (دنیا میں) انھیں پاکیزہ بات (توحید) کی ہدایت دی گئی، اور قابل تعریف (اللہ کی) راہ دکھائی گئی ﴿٢٤﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَاۗءَۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٥﴾

25. Verily, those who disbelieved and hinder (men) from the path of Allāh, and from *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) which We have made (open) to (all) men, the dweller in it and the visitor from the country are equal there [as regards its sanctity and pilgrimage (*Hajj* and *'Umrah*)] — and whoever inclines to evil actions therein or to do wrong (i.e. practise polytheism and leave Islāmic Monotheism), him We shall cause to taste from a painful torment.

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ اور مسجد حرام سے روکتے ہیں جسے ہم نے (سب) لوگوں کے لیے بنایا ہے، اس میں مقیم اور بادیہ نشین (باہر سے آنے والے) برابر ہیں، اور جو اس میں ظلم کے ساتھ کج روی کا ارادہ کرے ہم اسے نہایت دردناک عذاب چکھائیں گے ﴿٢٥﴾

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾

26. And (remember) when We showed Ibrāhīm (Abraham) the site of the (Sacred) House (the Ka'bah at Makkah) (saying):

اور (یاد کریں) جب ہم نے ابراہیم کے لیے بیت اللہ کی جگہ مقرر کر دی (اور اسے حکم دیا) کہ تو میرے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کر اور طواف کرنے والوں اور

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

"Associate not anything (in worship) with Me, [*Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh) Islāmic Monotheism], and sanctify My House for those who circumambulate it, and those who stand up (for prayer), and those who bow (submit themselves with humility and obedience to Allāh), and make prostration (in prayer);"

قیام کرنے والوں اور رکوع، سجدے کرنے والوں کے لیے میرا گھر پاک رکھ ﴿26﴾

27. And proclaim to mankind the *Hajj* (pilgrimage). They will come to you on foot and on every lean camel, they will come from every deep and distant (wide) mountain highway (to perform *Hajj*).[1]

وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿27﴾

اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دے، وہ تیرے پاس پیدل (چل کر) اور ہر لاغر سواری پر (سوار ہو کر) آئیں گے جو ہر دور دراز رستے سے آئیں گی ﴿27﴾ ①

32. And marry those among you who are single (i.e. a man who has no wife and the woman who has no husband) and (also marry) the *Sālihūn* (pious, fit and capable ones) of your (male) slaves and maid-servants (female slaves). If they be poor, Allāh will enrich them out of His bounty. And Allāh is All-Sufficent for His creatures' needs, All-Knowing (about the state of the people).

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿33﴾

اور جو لوگ نکاح (کی طاقت) نہیں پاتے انھیں پاک دامن رہنا چاہیے، حتیٰ کہ اللہ اپنے فضل سے انھیں غنی کر دے، اور جن (لونڈیوں یا غلاموں) کے تمھارے دائیں ہاتھ مالک بنے ہیں مکاتبت کرنا (آزادی کی تحریر لکھانا) چاہیں، اگر تمھیں ان میں کوئی بھلائی معلوم ہو تو تم ان سے مکاتبت کر لو اور تم انھیں اللہ کے اس مال میں سے دو جو اس نے تمھیں دیا ہے اور تمھاری لونڈیاں اگر پاک دامن رہنا چاہیں تو تم دنیاوی زندگی کا سامان تلاش کرنے کی خاطر انھیں بدکاری پر مجبور نہ کرو اور جو کوئی انھیں مجبور کرے تو بے شک ان کے مجبور کیے جانے کے بعد اللہ (ان کے لیے) غفور رحیم ہے ﴿33﴾

33. And let those who find not the financial means for marriage keep themselves chaste, until Allāh enriches them of His bounty. And such of your slaves as seek a writing (of emancipation), give them such writing, if you find that there is good and honesty in them. And give them something (yourselves) out of the wealth of Allāh which He has bestowed upon you. And force not your maids to prostitution, if they desire chastity, in order that you may make a gain in the (perishable) goods of this worldly life. But if anyone compels them (to prostitution), then after such compulsion, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful (to those women, i.e. He will forgive them because they have been forced to do this evil act unwillingly).

▶▶ *It is mainly the brothers of the husband or the in-laws of the wife who are meant here and these are only those who could have married that woman if she had not been married.

** The stay of a relative of a married woman in seclusion with her may cause great disadvantage and lead to illegal sexual intercourse that would ruin the family. Therefore the Prophet ﷺ compared the brother-in-law of a wife to death if he stays in seclusion with her.

★ بقیہ حاشیہ: نور، آیت: 31.

(1) اس آیت کی بابت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''اللہ تعالیٰ ان عورتوں پر رحم فرمائے جنھوں نے سب سے پہلے ہجرت کی تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور وہ اپنے سینوں پر اپنی اُوڑھنیوں کے آنچل ڈال لیں۔'' تو انہوں نے اپنی چادروں کو پھاڑ کر انہیں اپنے اوپر اُوڑھ لیا (ان سے اپنے چہروں اور سینوں کو ڈھانپ لیا)'' صفیہ بنت شیبہ رحمہا اللہ سے روایت ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں: ''جب یہ آیت: ''اور وہ اپنے سینوں پر اپنی اُوڑھنیوں کے آنچل ڈال لیں۔'' (31:24) نازل ہوئی تو عورتوں نے اپنی چادریں دونوں کناروں سے پھاڑ کر انہیں اپنے اُوپر اوڑھ لیا۔'' (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 12 حدیث: 4758-4759)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾

اور بلاشبہ ہم نے تمھاری طرف کھول کر بیان کرنے والی آیات، اوران لوگوں کے کچھ حالات وواقعات بھی جو تم سے پہلے گزر چکے، اور متقین کے لیے نصیحت نازل کی ﴿٣٤﴾

34. And indeed We have sent down for you *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) that make things plain, and the example of those who passed away before you, and an admonition for those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٣٥﴾ ۙ

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال (یوں ہے) جیسے ایک طاق ہو، جس میں چراغ ہو، چراغ ایک شیشے (کی قندیل) میں ہو، شیشہ جیسے چمکتا ستارہ ہو، وہ (چراغ) ایک مبارک درخت زیتون (کے تیل) سے جلایا جاتا ہو جو نہ شرقی ہو نہ غربی، یوں لگے جیسے اس کا تیل خود بخود روشن ہو جائے گا اگرچہ اسے آگ نے نہ چھوا ہو، (وہ) نور علی نور ہے۔ اللہ اپنے نور کی طرف جس کی چاہتا ہے رہنمائی کرتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے ﴿٣٥﴾

35. Allāh is the Light of the heavens and the earth. The parable of His Light is as (if there were) a niche and within it a lamp: the lamp is in a glass, the glass as it were a brilliant star, lit from a blessed tree, an olive, neither of the east (i.e. neither it gets sun-rays only in the morning) nor of the west (i.e. nor it gets sun-rays only in the afternoon, but it is exposed to the sun all day long), whose oil would almost glow forth (of itself), though no fire touched it. Light upon Light! Allāh guides to His Light whom He wills. And Allāh sets forth parables for mankind, and Allāh is All-Knower of everything.

فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿٣٦﴾

یہ (چراغ اور قندیلیں) ان گھروں میں ہیں (جن کی بابت) اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کو بلند کیا جائے اور ان میں اللہ کا نام ذکر کیا جائے[1] (اور) وہ وہاں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں ﴿٣٦﴾

36. In houses (mosques) which Allāh has ordered to be raised (to be cleaned, and to be honoured), in them His Name is remembered [i.e. *Adhān, Iqāmah, Salāt* (prayers), invocations, recitation of the Qur'ān]. Therein glorify Him (Allāh) in the mornings and in the afternoons or the evenings, [1]

[1] (V.24:36) a) Narrated Abu Qatādah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said: "If anyone of you enters a mosque, he should pray two *Rak'at* (*Tahiyyat-al-Masjid*) before sitting." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/444 (O.P.435)]

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said: "The reward of the *Salāt* (prayer) offered by a person in congregation is multiplied twenty-five times as much than that of the *Salāt* (prayer) offered in one's house or in the market (alone). And this is because if he performs ablution and does it perfectly and then proceeds to the mosque, with the sole intention of praying; then for every step he takes towards the mosque, he is upgraded one degree in reward and one of his sins is taken off (crossed out) from his accounts (of deeds). When he offers his *Salāt* (prayer), the angels keep on asking Allāh's Blessings and Allāh's forgiveness for him as long as he is (staying) at his *Musallā* (place of prayer). They say: 'O Allāh! Bestow Your Blessings upon him, be Merciful and Kind to him.' And one is regarded in *Salāt* (prayer) as long as one is waiting for the *Salāt* (prayer)." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/647 (O.P.620)]

① آیت میں گھروں سے مراد مسجدیں ہیں۔ جن میں جانے اور بیٹھنے کے بھی خصوصی آداب ہیں اور عبادات کا اَجر وثواب بھی زیادہ ہے جیسا کہ احادیث سے واضح ہے۔ مثلاً: ایک حدیث

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿37﴾

وہ لوگ جنھیں تجارت اور خرید و فروخت، اللہ کے ذکر اور نماز قائم کرنے اور زکاۃ دینے سے غافل نہیں کرتی، وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ پلٹ جائیں گے ﴿37﴾

37. Men whom neither trade nor sale (business) diverts from the remembrance of Allāh (with heart and tongue) nor from performing *As-Salāt* (the prayers) nor from giving the *Zakāt* (obligatory charity). They fear a Day when hearts and eyes will be overturned (out of the horror of the torment of the Day of Resurrection).

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿38﴾

(وہ یہ کام کرتے ہیں) تاکہ اللہ انھیں ان کے اعمال کی بہترین جزا دے اور انھیں اپنے فضل سے زیادہ دے اور اللہ جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے ﴿38﴾

38. That Allāh may reward them according to the best of their deeds, and add even more for them out of His Grace. And Allāh provides without measure to whom He wills.[1]

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿39﴾

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال چٹیل میدان میں ریت کی طرح ہیں، پیاسا اس (ریت) کو پانی سمجھتا رہا، حتی کہ جب وہ اس کے پاس پہنچا تو اس نے وہاں کچھ بھی نہ پایا،① اور اللہ کو اپنے پاس پایا، پھر اللہ نے اس کا حساب پورا پورا چکا دیا اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿39﴾

39. As for those who disbelieved, their deeds are like a mirage in a desert. The thirsty one thinks it to be water until he comes up to it, he finds it to be nothing; but he finds Allāh with him, Who will pay him his due (Hell). And Allāh is Swift in taking account.[2]

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿40﴾ ع ۱۲

یا (کافروں کے اعمال) گہرے سمندر میں اندھیروں کی طرح ہیں، جسے ایک موج ڈھانپتی ہو، اس کے اوپر ایک اور موج ہو، اس کے اوپر بادل ہو، (غرض) اوپر تلے اندھیرے (ہی اندھیرے) ہوں، جب وہ اپنا ہاتھ نکالے تو لگتا نہیں کہ اسے دیکھ سکے، اور جس کے لیے اللہ نے نور نہیں بنایا تو اس کے لیے (کہیں

40. Or (the state of a disbeliever) is like the darkness in a vast deep sea, overwhelmed with waves topped by waves, topped by dark clouds, (layers of) darkness upon darkness: if a man stretches out his hand, he can hardly see it! And he for whom Allāh has not

★ بقیہ حاشیہ: نور، آیت: 36.

میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو اسے چاہیے کہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھ لے۔'' (صحیح البخاری، الصلاۃ، باب: 60 حدیث: 444)

دوسری روایت میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک شخص کا جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا اجر و ثواب اس کے گھر یا بازار میں نماز ادا کرنے سے پچیس گنا زیادہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آدمی جب اچھی طرح سے وضو کر کے نماز کے لیے مسجد کی طرف نکلتا ہے تو وہ جو بھی قدم اٹھاتا ہے اس کے بدلے میں اس کا ایک درجہ بلند ہوتا ہے اور اس کا ایک گناہ مٹا دیا جاتا ہے اور جب وہ نماز پڑھتا ہے تو جب تک وہ اپنی نماز کی جگہ پر رہتا ہے فرشتے اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے (رحمت و مغفرت کی) دعا کرتے رہتے ہیں کہ یا اللہ! اس پر رحم فرما، یا اللہ! اس پر مہربانی فرما اور تم میں سے کوئی جب تک نماز کے انتظار میں رہتا ہے تو گویا وہ نماز ہی (کی حالت) میں رہتا ہے۔'' (صحیح البخاری، الأذان، باب: 30 حدیث: 647)

[1] (V.24:38) See the footnote of (V.9:121).

[2] (V.24:39) The deeds of a disbeliever are like a mirage for a thirsty person, when he will meet Allāh, he will think that he has a good reward with Allāh of his good deeds, but he will find nothing, like a mirage, and will be thrown in the fire of Hell.

① یعنی کافر کے اعمال ایک پیاسے آدمی کے لیے سراب کی طرح ہیں جب کافر اللہ سے ملے گا تو وہ خیال کرے گا کہ اسے اللہ کی طرف سے اس کے نیک اعمال کا اچھا اجر ملے گا، لیکن سراب کی طرح اسے کچھ بھی نہ مل پائے گا اور اسے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

appointed light, for him there is no light.

بھی) کوئی نور نہیں ﴿40﴾

41. See you not (O Muhammad ﷺ) that Allāh, He it is Whom glorify whosoever is in the heavens and the earth, and the birds with wings outspread (in their flight)? Of each one He (Allāh) knows indeed his *Salāt* (prayer) and his glorification [or everyone knows his *Salāt* (prayer) and his glorification]; and Allāh is All-Knower of what they do.

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿41﴾

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ کی تسبیح کرتا ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے، اور (فضا میں) پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی، ہر ایک نے اپنی نماز (عبادت) اور اپنی تسبیح جان لی ہے، اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اسے خوب جانتا ہے ﴿41﴾

42. And to Allāh belongs the sovereignty of the heavens and the earth, and to Allāh is the return (of all).

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿42﴾

اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی، اور اللہ ہی کی طرف (سب کی) واپسی ہے ﴿42﴾

43. See you not that Allāh drives the clouds gently, then joins them together, then makes them into a heap of layers, and you see the rain comes forth from between them; and He sends down from the sky hail (like) mountains, (or there are in the heaven mountains of hail from where He sends down hail), and strikes therewith whom He wills, and averts it from whom He wills. The vivid flash of its (clouds) lightning nearly blinds the sight. (*Tafsir At-Tabarī*)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ؕ ﴿43﴾

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ ہی بادل چلاتا ہے، پھر وہ انھیں باہم ملاتا ہے، پھر انھیں تہ بہ تہ کر دیتا ہے، پھر آپ دیکھتے ہیں کہ ان (بادلوں) کے درمیان میں سے مینہ نکلتا ہے اور وہ اس آسمان کے اندر کے پہاڑوں سے اولے برساتا ہے، پھر وہ انھیں (اس پر) پہنچاتا ہے جس پر وہ چاہتا ہے، اور جس سے چاہے پھیر دیتا ہے، لگتا ہے کہ اس کی بجلی کی چمک آنکھوں (کی روشنی) کو اچک لے جائے گی ﴿43﴾

44. Allāh causes the night and the day to succeed each other (i.e. if the day is gone, the night comes, and if the night is gone, the day comes, and so on). Truly, in this is indeed a lesson for those who have insight.

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿44﴾

اللہ ہی رات اور دن کو الٹتا پلٹتا رہتا ہے۔ بلاشبہ ان (نشانیوں) میں اہل نظر کے لیے (سامانِ) عبرت ہے ﴿44﴾

45. Allāh has created every moving (living) creature from water. Of them there are some that creep on their bellies, and some that walk on two legs, and some that walk on four. Allāh creates what He wills. Verily, Allāh is Able to do all things.

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿45﴾

اور اللہ نے (زمین پر) چلنے پھرنے والا ہر جاندار پانی سے پیدا کیا، پھر ان میں سے کوئی اپنے پیٹ کے بل چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی دو (پاؤں) پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی چار (پاؤں) پر چلتا ہے، اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، بلاشبہ اللہ ہر شے پر خوب قادر ہے ﴿45﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿46﴾

بلاشبہ ہم نے کھول کر بیان کرنے والی آیات نازل کیں، اور اللہ جسے چاہے صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے ﴿46﴾

46. We have indeed sent down (in this Qur'ān) manifest *Ayāt* [proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, lawful and unlawful things, and the set boundaries of Islāmic religion, that make things clear (showing the Right Path of Allāh)]. And Allāh guides whom He wills to a Straight Path (i.e. to Allāh's religion of Islāmic Monotheism).

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾

اور وہ (منافق) کہتے ہیں: ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے، اور ہم نے اطاعت کی، پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق (اطاعت سے) پھر جاتا ہے، اور وہ لوگ مومن ہی نہیں ﴿47﴾

47. They (hypocrites) say: "We have believed in Allāh and in the Messenger (Muhammad ﷺ), and we obey," then a party of them turn away thereafter, such are not believers.

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿48﴾

اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں، تاکہ وہ ان کے مابین فیصلہ کرے، تو اچانک ان میں سے ایک فریق منہ موڑ لیتا ہے ﴿48﴾

48. And when they are called to Allāh (i.e. His Words, the Qur'ān) and His Messenger (ﷺ), to judge between them, lo! a party of them refuses (to come) and turns away.

وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿49﴾

اور اگر ان کے لیے حق (فائدہ) ہو تو وہ اس کی طرف فرمانبردار ہو کر چلے آتے ہیں ﴿49﴾

49. But if the truth is on their side, they come to him willingly with submission.

اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿50﴾ ع

کیا ان کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے یا وہ شک میں پڑے ہیں یا خوف کھاتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم کریں گے۔ (نہیں) بلکہ وہ لوگ خود ہی ظالم ہیں ﴿50﴾

50. Is there a disease in their hearts? Or do they doubt or fear lest Allāh and His Messenger (ﷺ) should wrong them in judgement. Nay, it is they themselves who are the *Zālimūn* (polytheists, hypocrites and wrong doers).

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿51﴾

بس مومنوں کی تو بات ہی یہ ہے جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں، تاکہ وہ ان کے مابین فیصلہ کرے، تو وہ کہتے ہیں: ہم نے سنا اور اطاعت کی، اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں ﴿51﴾

51. The only saying of the faithful believers, when they are called to Allāh (His Words, the Qur'ān) and His Messenger (ﷺ), to judge between them, is that they say: "We hear and we obey." And such are the successful (who will live forever in Paradise).

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿52﴾

اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے، اور اللہ سے ڈرے اور اس کا تقویٰ اختیار کرے، تو وہی لوگ کامیاب ہیں ﴿52﴾

52. And whosoever obeys Allāh and His Messenger (ﷺ), fears Allāh, and keeps his duty (to Him), such are the successful.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾

اور انھوں نے اپنی پکی پکی اللہ کی قسمیں کھائیں، کہ اگر آپ انھیں حکم دیں گے تو وہ (جہاد پر) ضرور نکلیں گے، کہہ دیجیے: تم قسمیں نہ کھاؤ، (تمھاری) اطاعت معروف ہے، بلاشبہ جو عمل تم کر رہے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے ﴿۵۳﴾

53. They swear by Allāh their strongest oaths that if only you would order them, they would leave (their homes for fighting in Allāh's Cause). Say: "Swear you not; (this) obedience (of yours) is known (to be false). Verily, Allāh is Well-Acquainted with what you do."

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

کہہ دیجیے: اللہ کی اطاعت کرو، اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھرو گے تو اس رسول کے ذمے صرف وہ ہے جو اس پر بوجھ ڈالا گیا ہے اور تمھارے ذمے صرف وہ ہے جو تم پر بوجھ ڈالا گیا، اور اگر تم اس (رسول) کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے، اور رسول کے ذمے صرف کھلا کھلا پہنچا دینا ہے ﴿۵۴﴾

54. Say: "Obey Allāh and obey the Messenger (ﷺ), but if you turn away, he (Messenger Muhammad ﷺ) is only responsible for the duty placed on him (i.e. to convey Allāh's Message) and you for that placed on you. If you obey him, you shall be on the right guidance. The Messenger's duty is only to convey (the message) in a clear way (i.e. to preach in a plain way)."

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

جو تم میں سے ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ انھیں زمین میں ضرور خلافت دے گا، جیسے اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلافت دی تھی، اور ان کے لیے ضرور ان کا وہ دین محکم و پائیدار کر دے گا جو اس نے ان کے لیے چنا، اور یقیناً ان کی حالتِ خوف کو بدل کر وہ ضرور انھیں امن دے گا، وہ میری عبادت کریں گے، میرے ساتھ کسی شے کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے، اور جو کوئی اس کے بعد کفر کرے تو وہی لوگ فاسق ہیں ﴿۵۵﴾

55. Allāh has promised those among you who believe and do righteous good deeds, that He will certainly grant them succession to (the present rulers) in the land, as He granted it to those before them, and that He will grant them the authority to practise their religion which He has chosen for them (i.e. Islām). And He will surely give them in exchange a safe security after their fear (provided) they (believers) worship Me and do not associate anything (in worship) with Me. But whoever disbelieved after this, they are the *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾

اور تم نماز قائم کرو، اور زکاۃ دو، اور رسول کی اطاعت کرو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۵۶﴾

56. And perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity) and obey the Messenger (Muhammad ﷺ) that you may receive mercy (from Allāh).

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي

اور کافروں کی بابت آپ یہ خیال نہ کریں کہ وہ

57. Consider not that the

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

disbelievers can escape in the land. Their abode shall be the Fire and worst indeed is that destination.

الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿57﴾

زمین میں (اللہ کو) عاجز کر دینے والے ہیں، اور ان کا ٹھکانا آگ ہے، اور بلاشبہ وہ واپسی (کی) بری (جگہ) ہے ﴿57﴾

58. O you who believe! Let your slaves and slave-girls, and those among you who have not come to the age of puberty ask your permission (before they come to your presence) on three occasions: before *Fajr* (morning) *Salāt* (prayer), and while you put off your clothes for the noonday (rest), and after the *'Ishā'* (night) *Salāt* (prayer). (These) three times are of privacy for you; other than these times there is no sin on you or on them to move about, attending to each other. Thus Allāh makes clear the *Ayāt* (the Verses of this Qur'ān, showing proofs for the legal aspects of permission for visits) to you. And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۚ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿58﴾

اے ایمان والو! جن (غلاموں اور لونڈیوں) کے تمھارے دائیں ہاتھ مالک بنے ہیں اور (ان لڑکوں اور لڑکیوں کو) جو تم میں سے بلوغت کو نہ پہنچے ہوں، (انھیں) چاہیے کہ تم سے تین بار اجازت مانگیں (پھر گھر میں داخل ہوں)، نماز فجر سے پہلے اور جب تم دوپہر کو کپڑے اتارتے ہو اور نماز عشاء کے بعد، یہ تین وقت تمھارے لیے پردے (کے) ہیں، ان (اوقات) کے بعد (بلا اجازت آنے سے) نہ تم پر اور نہ ان پر کوئی گناہ ہے، تم ایک دوسرے کے پاس بکثرت آیا جایا ہی کرتے ہو، اللہ اسی طرح تمھارے لیے (اپنی) آیات بیان کرتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿58﴾

59. And when the children among you come to puberty, then let them (also) ask for permission, as those senior to them (in age). Thus Allāh makes clear His *Ayāt* (Commandments and legal obligations) for you. And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿59﴾

اور جب تم میں سے لڑکے (اور لڑکیاں) بلوغت کی حد کو پہنچ جائیں تو انھیں چاہیے کہ وہ بھی اسی طرح اجازت مانگیں جس طرح ان سے پہلے (ان کے بڑے) اجازت مانگتے رہے ہیں، اللہ اسی طرح تمھارے لیے اپنی آیات بیان کرتا ہے، اور اللہ بڑا جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿59﴾

60. And as for women past childbearing who do not expect wedlock, it is no sin on them if they discard their (outer) clothing in such a way as not to show their adornment. But to refrain (i.e. not to discard their outer clothing) is better for them. And Allāh is All-Hearer, All-Knower.

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿60﴾

اور (گھروں میں) بیٹھ رہنے والی (عمر رسیدہ) عورتیں جو نکاح کی امید نہیں رکھتیں، تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (پردہ داری کے) کپڑے اتار دیں، جبکہ وہ (اپنی) زیب و زینت ظاہر کرنے والی نہ ہوں اور ان کا اس سے بھی بچنا ان کے لیے بہت بہتر ہے، اور اللہ بڑا سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿60﴾

61. There is no restriction on the blind, nor any restriction on the lame, nor any restriction on the sick, nor on yourselves, if you eat from your houses, or the houses

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

اندھے پر کوئی حرج نہیں اور نہ لنگڑے ہی پر حرج ہے اور نہ مریض پر ہی کوئی حرج ہے اور نہ خود مجھی پر (کوئی حرج ہے) کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ یا اپنے باپ دادا کے گھروں یا اپنی ماؤں کے گھروں یا اپنے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿61﴾

بھائیوں کے گھروں یا اپنی بہنوں کے گھروں یا اپنے چچاؤں کے گھروں یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں یا اپنے ماموؤں کے گھروں یا اپنی خالاؤں کے گھروں یا (ان گھروں سے) جن کی چابیوں کے تم مالک ہو یا اپنے دوستوں (کے گھروں) سے، (اس میں بھی) تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم مل کر کھاؤ یا الگ الگ، پھر جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں پر سلام کہو، (یہ) اللہ کی طرف سے بابرکت (اور) پاکیزہ تحفہ ہے، اسی طرح اللہ تمھارے لیے آیات بیان کرتا ہے، تاکہ تم سمجھو ﴿61﴾

of your fathers, or the houses of your mothers, or the houses of your brothers, or the houses of your sisters, or the houses of your father's brothers, or the houses of your father's sisters, or the houses of your mother's brothers, or the houses of your mother's sisters, or (from that) whereof you hold keys, or (from the house) of a friend. No sin on you whether you eat together or apart. But when you enter the houses, greet one another with a greeting from Allāh (i.e. say: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته *As-Salāmu 'Alaikum wa Rahmatullāhi wa Barakātuhu* — peace be on you and Allāh's Mercy and His Blessings),[1] blessed and good. Thus Allāh makes clear the *Ayāt* (these Verses or your religious symbols and signs, etc.) to you that you may understand.

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰۤى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿62﴾

بس مومن تو صرف وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے، اور جب وہ رسول کے ساتھ کسی اجتماعی کام پر ہوتے ہیں تو آپ سے اجازت لیے بغیر (وہاں سے) چلے نہیں جاتے، (اے نبی!) بلاشبہ جو لوگ آپ سے اجازت مانگتے ہیں وہی لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں، چنانچہ جب وہ اپنے کسی کام کے لیے آپ سے اجازت مانگیں تو آپ ان میں سے جسے چاہیں اجازت دیں، اور ان کے لیے اللہ سے مغفرت مانگیں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿62﴾

62. The true believers are only those who believe in (the Oneness of) Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ); and when they are with him on some common matter, they go not away until they have asked his permission. Verily, those who ask your permission, those are they who (really) believe in Allāh and His Messenger. So, if they ask your permission for some affairs of theirs, give permission to whom you will of them, and ask Allāh for their forgiveness. Truly, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ

تم رسول کے بلانے کو باہم ایک دوسرے کو بلانے کے مانند نہ ٹھہراؤ، یقیناً اللہ ان لوگوں کو جانتا ہے جو تم میں سے آڑ لیتے ہوئے کھسک جاتے ہیں، لہٰذا

63. Make not the calling of the Messenger (Muhammad ﷺ) among you as your calling one of another. Allāh knows those of

[1] (V.24:61) If there is no body in the house, say: السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين (peace be upon us and on the righteous slaves of Allāh).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

you who slip away under shelter (of some excuse without taking the permission to leave, from the Messenger ﷺ). And let those who oppose the Messenger's (Muhammad's) commandment (i.e. his *Sunnah* — legal ways, orders, acts of worship, statements) (among the sects) beware, lest some *Fitnah* (disbelief, trials, afflictions, earthquakes, killing, overpowered by a tyrant) should befall them or a painful torment be inflicted on them.

يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿63﴾

چاہیے کہ جو لوگ اس (اللہ اور اس کے رسول) کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں، اس (بات) سے ڈریں کہ انھیں کوئی آزمائش آپڑے یا انھیں دردناک عذاب آلے ﴿63﴾

64. Certainly, to Allāh belongs all that is in the heavens and the earth. Surely, He knows your condition and (He knows) the Day when they will be brought back to Him, then He will inform them of what they did. And Allāh is All-Knower of everything.

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿64﴾ ع 15

خبردار! بلاشبہ اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، یقیناً وہ اس (روش) کو جانتا ہے جس پر تم ہو، اور جس دن وہ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے تو وہ انھیں خبر دے گا جو انھوں نے عمل کیے، اور اللہ ہر شے کو خوب جانتا ہے ﴿64﴾

Sūrat Al-Furqān (The Criterion) 25

سورۂ فرقان

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ (42) اٰيَاتُهَا 6 رَبَّعَهَا 77 (25)

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. Blessed is He Who sent down the Criterion (of right and wrong, i.e. this Qur'ān) to His slave (Muhammad ﷺ) that he may be a warner to the *'Ālamīn* (mankind and jinn).

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۙ﴿1﴾

وہ ذات بڑی ہی بابرکت ہے جس نے اپنے بندے پر فرقان (قرآن) نازل کیا، تاکہ وہ جہان والوں کے لیے ڈرانے والا بنے ﴿1﴾

2. He to Whom belongs the dominion of the heavens and the earth, and Who has begotten no son (children or offspring) and for Whom there is no partner in the dominion. He has created everything, and has measured it exactly according to its due measurements.

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿2﴾

وہی ذات جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے، اور اس نے اپنے لیے کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ بادشاہی میں اس کا کوئی شریک ہے، اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا، پھر اس کا ٹھیک ٹھیک اندازہ کیا ﴿2﴾

3. Yet they have taken besides Him other *alihāh* (gods) who created nothing but are themselves created, and possess

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا

اور لوگوں نے اس کے سوا (اور) معبود بنا لیے ہیں جو کوئی چیز پیدا نہیں کرتے، اور وہ تو (خود) پیدا کیے گئے ہیں، اور وہ خود اپنے کسی نفع اور نقصان کے

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

neither harm nor benefit for themselves, and possess no power (of causing) death, nor (of giving) life, nor of raising the dead.

يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ③

مالک نہیں ہیں، اور نہ موت وحیات کے مالک ہیں، اور نہ دوبارہ (جی) اٹھنے ہی کے (مالک ہیں) ③

4. Those who disbelieve say: "This (the Qur'ān) is nothing but a lie that he (Muhammad ﷺ) has invented, and others have helped him at it. In fact, they have produced an unjust wrong (thing) and a lie."

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۚ ④

اور کافر لوگوں نے کہا: یہ (قرآن) تو نرا جھوٹ ہے جسے وہ (نبی) خود گھڑ لایا ہے، اور اس (کے گھڑنے) میں اور لوگوں نے اس کی مدد کی ہے۔ چنانچہ (اے نبی!) وہ ظلم وزیادتی اور جھوٹ پر اتر آئے ہیں ④

5. And they say: "Tales of the ancients which he has written down, and they are dictated to him morning and afternoon."

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ⑤

اور انھوں نے کہا: یہ اگلوں کے افسانے ہیں (جو) اس نے اپنے لیے لکھوائے ہیں، اور وہ صبح وشام اس پر پڑھے جاتے ہیں ⑤

6. Say: "It (this Qur'ān) has been sent down by Him (Allāh) (the Real Lord of the heavens and earth) Who knows the secret of the heavens and the earth. Truly, He is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful."

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑥

کہہ دیجیے: اسے اس نے نازل کیا ہے جو آسمانوں اور زمین کے بھید جانتا ہے، بلاشبہ وہ غفور (اور) رحیم ہے ⑥

7. And they say: "Why does this Messenger (Muhammad ﷺ) eat food, and walk about in the markets (as we). Why is not an angel sent down to him to be a warner with him?

وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ⑦

اور انھوں نے کہا: اس رسول کو کیا ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے؟ اس کی طرف فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا جو اس کے ہمراہ (لوگوں کو) ڈرانے والا ہوتا؟ ⑦

8. "Or (why) has not a treasure been granted to him, or why has he not a garden whereof he may eat?" And the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) say: "You follow none but a man bewitched."

اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ⑧

یا اس کی طرف کوئی خزانہ ڈالا جاتا، یا اس کا کوئی باغ ہوتا جس میں سے وہ (پھل) کھاتا اور ظالموں نے (مومنوں سے) کہا: تم تو بس ایک جادو مارے شخص ہی کی اتباع کرتے ہو ⑧

9. See how they have invented similitudes for you, so they have gone astray, and they cannot find a (Right) Path.

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ⑨ ع

دیکھیے! انھوں نے آپ کے لیے کیسی مثالیں بیان کی ہیں، وہ بہک گئے ہیں، لہٰذا وہ راہ نہیں پا سکتے ⑨

10. Blessed is He Who, if He wills, will assign you better than (all) that — Gardens under which rivers flow (Paradise) and will assign you palaces (i.e. in Paradise).

تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَاۗءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ⑩

وہ ذات بڑی ہی بابرکت ہے جو اگر چاہے تو آپ کے لیے اس سے بہتر (چیزیں) بنا دے، (یعنی) ایسے باغ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں اور آپ کے لیے محلات بنا دے ⑩

11. Nay, they deny the Hour (the

بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا

لیکن انھوں نے قیامت کو جھٹلایا، اور ہم نے اس

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿١١﴾

شخص کے لیے جو قیامت کو جھٹلائے، بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿١١﴾

Day of Resurrection), and for those who deny the Hour, We have prepared a flaming Fire (i.e. Hell).

إِذَا رَأَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا ﴿١٢﴾

جب وہ ان (مجرموں) کو دور دراز جگہ سے دیکھے گی تو وہ اس کا غضبناک ہونا اور چیخنا چلانا سنیں گے ﴿١٢﴾

12. When it (Hell) sees them from a far place, they will hear its raging and its roaring.

وَإِذَآ أُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾

اور جب وہ زنجیروں میں جکڑے اس کی کسی تنگ جگہ میں جھونکے جائیں گے، تو وہ وہاں ہلاکت کو پکاریں گے ﴿١٣﴾

13. And when they shall be thrown into a narrow place thereof, chained together, they will exclaim therein for destruction.

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾

(کہا جائے گا:) تم آج ایک ہلاکت کو مت پکارو، بلکہ بہت سی ہلاکتوں کو پکارو ﴿١٤﴾

14. Exclaim not today for one destruction, but exclaim for much destruction.

قُلْ أَذٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِيْرًا ﴿١٥﴾

کہہ دیجیے: کیا یہ (عذاب) زیادہ بہتر ہے یا ابدی جنت جس کا متقین کو وعدہ دیا گیا ہے؟ وہ ان کے لیے جزا اور واپسی کی جگہ ہے ﴿١٥﴾

15. Say: (O Muhammad ﷺ) "Is that (torment) better or the Paradise of Eternity which is promised to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)?" It will be theirs as a reward and as a final destination.

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا ﴿١٦﴾

اس میں ان کے لیے ہوگا جو وہ چاہیں گے، ہمیشہ (وہاں) رہنے والے، یہ آپ کے رب کے ذمے وعدہ ہے جو قابل درخواست ہے ﴿١٦﴾

16. For them there will be therein all that they desire, and they will abide (therein forever). It is a promise binding upon your Lord that must be fulfilled.

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾

اور جس دن اللہ انھیں اور ان کو جنھیں وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں، جمع کرے گا پھر (ان سے) پوچھے گا: کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا وہ خود ہی راہ سے بھٹک گئے تھے؟ ﴿١٧﴾

17. And on the Day when He will gather them together and that which they worship besides Allāh [idols, angels, pious men, saints[1]]. He will say: "Was it you who misled these My slaves or did they (themselves) stray from the (Right) Path?"

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾

وہ کہیں گے: تو پاک ہے! ہمارے لائق نہیں تھا کہ ہم تیرے سوا کارساز بنائیں، لیکن تو نے انھیں سامان زندگی دیا، اور ان کے باپ دادا کو بھی، حتی کہ وہ (تیرا) ذکر بھول گئے، اور وہ لوگ ہلاک ہونے والے تھے ﴿١٨﴾

18. They will say: "Glorified are You! It was not for us to take any *Auliyā'* (Protectors, Helpers) besides You, but You gave them and their fathers comfort till they forgot the warning, and became a lost people (doomed to total

[1] (V.25:17) Narrated Mu'ādh bin Jabal رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "O Mu'ādh! Do you know what Allāh's Right upon His slaves is?" I said, "Allāh and His Messenger know better." The Prophet ﷺ said, "To worship Him (Allāh) Alone and to join none in worship with Him (Allāh). Do you know what their right upon Him is?" I replied, "Allāh and His Messenger know better." The Prophet ﷺ said, "Not to punish them (if they did so)."

[*Sahih Al-Bukhari*, 9/7373 (O.P.470)]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

loss)."

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾

(اللہ فرمائے گا: اے کافرو!) یقیناً انھوں نے تو تمھیں جو تم کہتے تھے جھٹلا دیا، لہٰذا اب نہ تم (اپنے آپ سے عذاب) ٹالنے کی طاقت رکھتے ہو اور نہ (کسی سے) مدد (لے سکتے ہو)، اور تم میں سے جو شخص ظلم (شرک) کرے گا تو اسے ہم بہت بڑا عذاب چکھائیں گے[1] ﴿١٩﴾

19. Thus they (false gods — all deities other than Allāh) will deny you (polytheists) regarding what you say (that they are gods besides Allāh), then you can neither avert (the punishment) nor get help. And whoever among you does wrong (i.e. sets up rivals to Allāh), We shall make him taste a great torment.

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾ ع

اور (اے نبی!) ہم نے آپ سے پہلے جتنے بھی رسول بھیجے، بلاشبہ وہ کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے تھے، اور ہم نے تمھیں ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا، کیا تم صبر کرتے ہو؟ اور آپ کا رب (سب کچھ) خوب دیکھ رہا ہے ﴿٢٠﴾

20. And We never sent before you (O Muhammad ﷺ) any of the Messengers but verily, they ate food and walked in the markets. And We have made some of you as a trial for others; will you have patience? And your Lord is Ever All-Seer (of everything).

---

[1] مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ ایک اللہ کے سوا کسی کی عبادت جائز نہیں ہے اور جو کسی اور کی بھی عبادت کرے گا تو یقیناً وہ اللہ کے عذاب کا مستحق ہوگا ورنہ اللہ تو اتنا مہربان ہے کہ وہ اپنی مخلوق کو عذاب دینا پسند ہی نہیں کرتا۔ ایک حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے معاذ! کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کا بندوں پر کیا حق ہے؟'' معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ (حق یہ ہے کہ وہ) اس کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ (پھر فرمایا:) کیا تم جانتے ہو کہ ان (بندوں) کا اس (اللہ) پر کیا حق ہے؟'' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''وہ (یہ ہے کہ وہ) انھیں عذاب نہ دے۔'' (صحیح البخاری، التوحید، باب: 1 حدیث: 7373)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿21﴾

اور ان لوگوں نے کہا جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے: ہم پر فرشتے کیوں نہیں نازل کیے گئے یا ہم اپنے رب کو دیکھتے؟ بلاشبہ انھوں نے اپنے نفسوں میں تکبر کیا اور بہت بڑی سرکشی کی ﴿21﴾

21. And those who expect not a Meeting with Us (i.e. those who deny the Day of Resurrection and the life of the Hereafter) said: "Why are not the angels sent down to us, or why do we not see our Lord?" Indeed they think too highly of themselves, and are scornful with great pride.[1]

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿22﴾

جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن مجرموں کے لیے کوئی بشارت نہیں ہوگی، اور وہ (فرشتے) کہیں گے: (تم پر جنت) ممنوع و حرام کر دی گئی ہے ﴿22﴾

22. On the Day they will see the angels — no glad tidings will there be for the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners) that day. And they (angels) will say: "All kinds of glad tidings are forbidden to you," [none will be allowed to enter Paradise except the one who said: *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh). and acted practically on its legal orders and obligations — see the footnote of V.2:193].

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿23﴾

اور انھوں نے جو (بظاہر نیک) عمل کیے ہوں گے ہم ان کی طرف متوجہ ہو کر ان کو اڑتا ہوا پراگندہ گرد و غبار بنا دیں گے ﴿23﴾

23. And We shall turn to whatever deeds they (disbelievers, polytheists, sinners) did, and We shall make such deeds as scattered floating particles of dust.

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿24﴾

جنتی لوگ اس دن بہترین ٹھکانے اور بہت اچھی آرام گاہ میں ہوں گے ﴿24﴾

24. The dwellers of Paradise (i.e. those who deserved it through their Islamic Monotheistic Faith and their deeds of righteousness) will, on that Day, have the best abode, and have the fairest of places for repose.

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿25﴾

اور جس دن آسمان بادلوں کے ساتھ پھٹ جائے گا، اور فرشتے لگاتار اتارے جائیں گے ﴿25﴾

25. And (remember) the Day when the heaven shall be rent asunder with clouds, and the angels will be sent down, with a grand descending.

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿26﴾

اس دن حقیقی بادشاہی رحمٰن ہی کی ہوگی، اور وہ دن کافروں پر بہت سخت ہوگا ﴿26﴾

26. The sovereignty on that Day will be the true (sovereignty) belonging to the Most Gracious (Allāh), and it will be a hard Day for the disbelievers (those who

[1] (V.25:21) See the footnote of (V.22:9).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

disbelieve in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism).

27. And (remember) the Day when the *Zālim* (wrong doer, oppressor, polytheist) will bite at his hands, he will say: "Oh! Would that I had taken a path with the Messenger (Muhammad ﷺ).[1]

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿27﴾

اور جس دن (ہر) ظالم اپنے دونوں ہاتھ دانتوں سے کاٹ کھائے گا (اور) کہے گا: اے کاش! میں رسول کے ساتھ راہ اختیار کرتا[1] ﴿27﴾

28. "Ah! Woe to me! Would that I had never taken so-and-so as a *Khalīl* (an intimate friend)!

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿28﴾

ہائے میری کم بختی! کاش! میں فلاں (شخص) کو دوست نہ بناتا ﴿28﴾

29. "He indeed led me astray from the Reminder (this Qur'ān) after it had come to me. And *Shaitān* (Satan) is to man ever a deserter in the hour of need." (*Tafsir Al-Qurtubi*)

لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿29﴾

بلاشبہ اس نے میرے پاس ذکر (قرآن) آجانے کے بعد مجھے (اس سے) بہکا دیا اور شیطان انسان کو (مصیبت میں) بے یار و مددگار چھوڑ دینے والا ہے ﴿29﴾

30. And the Messenger (Muhammad ﷺ) will say: "O my Lord! Verily, my people deserted this Qur'ān (neither listened to it nor acted on its laws and teachings).

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿30﴾

اور رسول کہیں گے: اے میرے رب! بے شک میری قوم نے اس قرآن کو متروک بنا دیا (پس پشت ڈال دیا) تھا ﴿30﴾

31. Thus have We made for every Prophet an enemy among the *Mujrimūn* (disbelievers, polytheists, criminals). But Sufficient is your Lord as a Guide and Helper.

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿31﴾

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن مجرموں میں سے بنائے، اور آپ کا رب ہادی اور مددگار کافی ہے ﴿31﴾

32. And those who disbelieve say: "Why is not the Qur'ān revealed to him all at once?" Thus (it is sent down in parts), that We may strengthen your heart thereby. And We have revealed it to you gradually, in stages. (It was revealed to the Prophet ﷺ in 23 years).

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿32﴾

اور کافروں نے کہا: اس پر یہ قرآن ایک ہی بار اکٹھا کیوں نہیں نازل کیا گیا؟ اسی طرح (ہم نے نازل کیا) ہے، تاکہ ہم اس سے آپ کا دل مضبوط کریں، اور ہم نے اسے خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھ سنایا ہے ﴿32﴾

33. And no example or similitude do they bring (to oppose or to find fault in you or in this Qur'ān), but We reveal to you

وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿33﴾

اور وہ (کافر) جب آپ کے پاس کوئی مثال (اعتراض) لے کر آئیں تو ہم (جواب میں) آپ کو حق اور (اس کی) بہت اچھی توجیہ و تفسیر بتا دیتے ہیں ﴿33﴾

[1] (V.25:27) See the footnote of (V.3:85).

[1] اس سے معلوم ہوا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت پر ایمان رکھنا واجب ہے، جیسا کہ حدیث میں بھی ہے۔ اور رسالت محمدیہ پر ایمان نہ لانے والا جہنمی ہے۔ (صحیح مسلم، الإیمان، باب وجوب الإیمان برسالة نبینا محمد ﷺ 1 ..... حدیث: 153)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

the truth (against that similitude or example), and the better explanation thereof.

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿34﴾

جولوگ اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے، وہی لوگ بدترین مکان والے اور گمراہ ترین راہ والے ہیں ﴿34﴾ ①

34. Those who will be gathered to Hell (prone) on their faces, such will be in an evil state, and most astray from the (Straight) Path.[1]

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿35﴾

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، اور اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو مددگار بنایا ﴿35﴾

35. And indeed We gave Mūsā (Moses) the Scripture [the Taurāt (Torah)], and placed his brother Hārūn (Aaron) with him as a helper;

فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿36﴾

پھر ہم نے کہا: تم دونوں اس قوم کی طرف جاؤ جنھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، پھر ہم نے انھیں بالکل ہی ہلاک کر کے رکھ دیا ﴿36﴾

36. And We said: "Go you both to the people who have denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.)." Then We destroyed them with utter destruction.

وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿37﴾

اور قوم نوح کو بھی، جب انھوں نے رسولوں کی تکذیب کی، ہم نے انھیں غرق کر دیا، اور ہم نے انھیں لوگوں کے لیے نشانِ (عبرت) بنا دیا، اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿37﴾

